www.dailybolan.com

MEMBER APNS

ABC CERTIFIED

قاعدہ تصدیق شدہ اشاعت حب کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ

بولان

حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ

Mobile: 0336-6113760

فون و فیکس 0853-310203

جلد 37 | اتوار 18 اکتوبر 2026، بمطابق 5 جمادی الاول 1448ھ | شمارہ 309 | قیمت 20 روپے | 8 صفحات

باعزت روزگار اور بنیادی سہولیات تک منصفانہ رسائی کے ذریعے پائیدار امن کو یقینی بنایا جائے، صدر مملکت

معاشی مشکلات سے دوچار خاندانوں کا تحفظ اور ہر شہری کو بنیادی ضروریات اور بہتر زندگی کے مواقع کی فراہمی یقینی بنانا ضروری ہے

غربت کے خاتمے کے لئے سماجی تحفظ کو مضبوط بنانے، روزگار کے مواقع بڑھانے اور تعلیم، صحت اور مناسب رہائش تک رسائی بہتر بنانے کے لئے مسلسل اقدامات ناگزیر ہیں

اسلام آباد (اے پی پی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے غربت میں کمی کے لئے معاشی استحکام، باعزت روزگار اور بنیادی سہولیات تک منصفانہ رسائی کے ذریعے پائیدار امن کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ معاشی مشکلات سے دوچار خاندانوں کا تحفظ اور ہر شہری کو بنیادی ضروریات اور بہتر زندگی کے مواقع کی فراہمی یقینی بنانا ضروری ہے، غربت کے خاتمے کے لئے سماجی تحفظ کو مضبوط بنانے، روزگار کے مواقع بڑھانے اور تعلیم، صحت اور مناسب رہائش تک رسائی بہتر بنانے کے لئے (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7پر)

خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتحال تُراب، ایمرجنسی پہلے کی نافذ ہونی چاہئے تھی، نواز شریف

کس ملک میں وزیراعلیٰ سرکاری وسائل سے وفاق پر حملہ کرتا ہے؟

سہولیاں وسائل کو اسلام آباد دوسرے صوبوں کیخلاف استعمال کرنا کہاں کا طریقہ ہے؟، لندن میں اجلاس سے خطاب

لندن (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے صدر سابق وزیراعظم نواز شریف (بقیہ نمبر 8 صفحہ 7پر)

پاک افغان سرحد پر طالبان کی بلا اشتعال فائرنگ

پاک فوج کی جوابی فائرنگ سے متعدد طالبان ہلاک ناٹو پیکر، ایئر کرم اور غوڑغرشی میں طالبان نے دہشت گردوں کو سرحد پار کرانے کیلئے بلا اشتعال فائرنگ کی، سیکیورٹی ذرائع

راولپنڈی (این این آئی) پاک۔افغان سرحد پر | افغان طالبان کی جانب (بقیہ 4 صفحہ 7پر)

اسحاق ڈار کی تجارت، سرمایہ کاری بڑھانے کیلئے قابل عمل تجاویز تیار کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر (بقیہ 3 صفحہ 7پر)



وزیراعظم بلوچستان میر سرفراز بگٹی نواں کلی میں ترقیاتی منصوبوں کے معائنے کے موقع پر

غربت کا خاتمہ ہم سب کی مشترکہ قومی ذمہ داری ہے، وزیراعظم

افغانستان سے دہشت گردی کا سلسلہ دوبارہ شروع ہونے کے بعد پیدا ہونے والے سیکورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے صوبائی حکومت کو ہر ممکن تعاون، وسائل اور انتظامی فیصلوں میں مدد کی یقین دہانی کی گئی تاکہ دہشت گردوں کا مقابلہ کیا جاسکے

نواز شریف کے دور میں کی جانے والی کوششوں کے نتیجے میں پاکستان میں امن قائم ہوا تھا تاہم بعد میں دہشت گردی کے دوبارہ سر اٹھانے سے ملک کو ایک بار پھر سنگین چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا

گورنر اول (اے پی پی) وزیراعظم محمد شہباز | اقدامات ناگزیر ہے، ملک قوم کے بہترین مفاد میں ہیں: | پختونخوا میں ایمرجنسی نافذ کرنے کا فیصلہ مجبوری کے تحت

شریف نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف مؤ | کہا کہ سابق وزیراعلیٰ اور ان کے ساتھی وفاقی حکومت سمیت سب کے عوام کی ترقی وخوشحالی کے لئے تعاون اور وسائل فراہم کرنے کے لیے تیار ہے

بھارت جنگ کے بعد پاکستان کا اسٹینڈرڈ سب کے سامنے ہے اور منہ چھپا رہا ہے، بلاول بھٹو

پیپلز پارٹی کا کشمیر کی عوام سے گہرا تعلق ہے، بانی شہید ذوالفقار علی بھٹو نے کشمیر کی آزادی اور حقوق کے لئے پیپلز پارٹی کی بنیاد رکھی

ہر پیچ بھارت کے کشمیر سے متعلق ایجنڈے کو بے نقاب ہے، جو آپس میں لڑائی کروا کر پاکستان اور کشمیر کے برادرانہ رشتے کو نقصان پہنچانا ہے، چیئرمین پی پی

کراچی (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کا کشمیری عوام سے گہرا تعلق ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ پارٹی کے بانی شہید ذوالفقار علی بھٹو نے کشمیر کی آزادی اور حقوق کے لئے پیپلز پارٹی کی بنیاد رکھی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت جنگ کے بعد پاکستان کا کشمیری عوام کے لیے اپنے شہید بانی کی قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے کہا

ملک کے اداروں کو جدید ادارہ جاتی اختراع کی راہ اپنانا ہوگی، احسن اقبال

اداروں کو روایتی اور فرسودہ طریقوں سے نکل کر جدت اور اختراع کی راہ اپنانا ہوگی

تین روزہ لیڈرشپ ورکشاپ شرکا کے ادارہ جاتی اور پیشہ ورانہ کردار میں مثبت تبدیلی کا سبب بنے گی، وفاقی وزیر کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی واصلاحات وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ کسی بھی شعبے میں ترقی

دہشتگردی کیخلاف جنگ امریکا، پاکستان کا اہم شراکت دار قرار دیدیا

یہ کامیابیاں پاکستان اور امریکا کی دوستی اور مشترکہ عزم کا براہ راست مظہر ہیں

پاکستان انسداد دہشتگردی کا ایک قابل اعتماد شراکت دار ہے، ایمرل بریڈ کوپر کی گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کو اہم اور کلیدی شراکت دار قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان انسداد دہشتگردی کا ایک

ریاست کو سیاست کی نذر نہ کیا جائے، قائد جمعیت دہشت گردی کیخلاف جنگ کو سیاسی اختلافات کی نذر نہ ہونے دیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

دہشت گردی کے خلاف جنگ ریاست اور پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے، سیکورٹی فورسز کی قربانیاں قومی سلامتی پر ذمہ دارانہ گفتگو کا تقاضا کرتی ہیں

اختلافات کے باوجود دہشت گردی کے خلاف مشترکہ موقف اختیار کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت دہشت (بقیہ 8 صفحہ 7پر)



وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر قانون وزیراعظم نمائندہ خصوصی برائے امریکا و دیگر ملاقات کررہے ہیں




وفاقی وزیر صدق ملک سے امریکی سفیر ملاقات کررہے ہیں

URAAN PAKISTAN
تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا

آپ کے وزیراعظم برمشکل میں آپ کے ساتھ





- موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والوں کیلئے ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں 500 روپے کی رعایت جاری
- 800 سی سی تک چھوٹی گاڑیوں کے مالکان کیلئے ہر دس روز میں 10 لیٹر پر 100 روپے فی لیٹر کی بچت جاری

وزیراعظم خصوصی ریلیف اسکیم کا نیا ریکارڈ

1 کروڑ 19 لاکھ* سے زائد شہریوں کی جانب سے

3 کروڑ سے زائد فیول ریلیف ٹوکنز استعمال کیے جاچکے ہیں

1 کروڑ 25 لاکھ سے زائد افراد کی رجسٹریشن مکمل

عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں کے باوجود

الحمدللہ!

وزیراعظم

خصوصی ریلیف

اسکیم کامیابی سے جاری

رجسٹریشن کا طریقہ کار

REG لکھ کر Space دیں

STEP 01
اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر
3740515196983
لکھنے کے بعد Space دیں

STEP 02
بغیر Space نمبر پلیٹ
LHR123
لکھنے کے بعد Space دیں

STEP 03
صوبے کے نام کا پہلا حرف
جہاں آپ کی گاڑی رجسٹرڈ ہے
صوبہ کا نام پنجاب P کے بعد Space دیں

STEP 04
وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ
بمعہ مہینہ اور سال DD/MM/YYYY
دن مہینہ اور سال اس طرح لکھیں 08102010

چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر 9771 پر میسج ایس ایم ایس کریں

رعایتی پٹرول کے حصول کا طریقہ کار

STEP 01
رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں

STEP 02
موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہوگی

STEP 03
ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کرسکتے ہیں



صوبے کے نام کا پہلا حرف

اسلام آباد I ☑ پنجاب P ☑ سندھ S ☑ خیبر پختونخوا K
☑ گلگت بلتستان G ☑ آزاد جموں وکشمیر A ☑ بلوچستان B

اپنی رجسٹریشن مکمل کروائیں

ہر ہفتے

فیول ریلیف

سے فائدہ اٹھائیں

*18 اکتوبر تک کے اعداد و شمار کے مطابق

وزارتِ اطلاعات ونشریات
حکومتِ پاکستان

/GovtofPakistan | www.moib.gov.pk

مزید رہنمائی کیلئے
www.pmfuelrelief.pk وزٹ کریں
یا QR کوڈ اسکین کریں

PID(I)3561-D/26

مراد علی شاہ کا سندھ میں ڈیجیٹل طرز حکمرانی کے فروغ کیلئے اہم اقدام

ایس بی آر اور ایس آئی ٹی سی کے درمیان ماسٹر سروس لیول ایگریمنٹ اور سروس آرڈر پر دستخط

یہ اصلاحات سندھ میں طرز حکمرانی کو جدید بنانے کی وسیع حکمت عملی کا حصہ ہیں، وزیراعلیٰ کی بات چیت

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے صوبے میں ڈیجیٹل طرز حکمرانی کے فروغ کے لیے اقدامات کو وسعت دیتے ہوئے کہا ہے کہ ٹیکنالوجی پر مبنی اصلاحات شفاف، موثر اور عوام مرکز حکومت کے قیام کے لیے کلیدی حیثیت رکھتی ہیں۔ انہوں نے یہ بات ای اسٹیمپنگ نظام کی دستخطی تقریب کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ وزیراعلیٰ ہاؤس میں منعقدہ تقریب میں صوبائی وزرا ڈاکٹر عذرا فضل پیچوہو اور سید سردار شاہ، وزیراعلیٰ کے معاونِ خصوصی علی راشد، ترجمان نادر گبول اور بلند جونیجو، چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ، چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ نجم شاہ، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو خالد حیدر شاہ، سیکریٹری خزانہ فیاض جتوئی، وزیراعلیٰ کے سیکریٹری آصف جمیل، سیکریٹری یونیورسٹیز اینڈ بورڈز عباس بلوچ، سیکریٹری آئی ٹی ذوالفقار نظامانی، ڈاکٹر سروش لودھی، صدر سندھ بینک انور شیخ اور ڈپٹی چیف ایگزیکٹو آفیسر اسد شاہ سمیت دیگر سینئر حکام نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران بورڈ آف ریونیو سندھ اور سندھ انفارمیشن ٹیکنالوجی کمپنی) ایس آئی ٹی سی (کے درمیان ماسٹر سروس لیول ایگریمنٹ اور سروس آرڈر پر دستخط کیے گئے جس کا مقصد ای اسٹیمپنگ پلیٹ فارم کے تسلسل اور توسیع کو یقینی بنانا ہے۔ یہ اقدام سرکاری دستاویزات کی ڈیجیٹلائزیشن، جعلی اسٹامپ پیپرز کے خاتمے اور شہریوں کے لیے خدمات کو آسان بنانے کے لیے کیا گیا ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ اصلاحات سندھ میں طرز حکمرانی کو جدید بنانے کی وسیع حکمت عملی کا حصہ ہیں جن کے ذریعے شفافیت، کارکردگی اور عوام کی رسائی میں بہتری لائی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس آئی ٹی سی کے نظام سنبھالنے کے صرف پانچ ماہ کے دوران سات لاکھ تیس ہزار سے زائد چالان پراسیس کیے گئے ہیں اور ای اسٹیمپنگ پلیٹ فارم کے ذریعے 12.8 ارب روپے شفاف اور موثر انداز میں وصول کیے گئے ہیں۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ اس اصلاح کا دائرہ کار صرف ریونیو تک محدود نہیں بلکہ دستاویزی نظام میں طویل عرصے سے موجود بے ضابطگیوں کے خاتمے سے بھی متعلق ہے۔ انہوں نے کہا کہ ای اسٹیمپنگ نظام جعلی اسٹامپ پیپرز کے مافیا کے خاتمے، بیک ڈیٹ دستاویزات کے رجحان کے خاتمے اور شہریوں کو سرکاری دفاتر کے باہر طویل قطاروں سے نجات دلانے میں مددے رہا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس اقدام کے اگلے مرحلے میں مکمل طور پر پیپر لیس نظام متعارف کرایا جائے گا جس کے تحت شہری اپنے لیپ ٹاپ یا موبائل ڈیوائس کے ذریعے آن لائن اسٹامپ دستاویزات تیار کرسکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اصلاح صرف ایک تکنیکی اپ گریڈ نہیں بلکہ سندھ کے عوام اور حکومت کے درمیان اعتماد کی بحالی ہے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ پاکستان کا سب سے زیادہ شہری اور معاشی طور پر متحرک صوبہ سندھ اپنی بڑی آبادی اور معاشی سرگرمیوں کے مؤثر انتظام کے لیے جدید طرز حکمرانی کے آلات کا متقاضی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے سندھ آئی ٹی کمپنی کو مختلف محکموں میں ڈیجیٹل تبدیلی کے ادارہ جاتی محرک کے طور پر قائم کیا ہے۔ انہوں نے ایس آئی ٹی سی کی قیادت اور تکنیکی ٹیم کی جانب سے اصلاحات کے تیز رفتار نفاذ کو سراہا اور صوبائی وزرا اور انتظامی سیکریٹریز کو ہدایت دی

جمعیت اساتذہ ضلع سوراب کا اجلاس، قومی تعلیمی کانفرنس میں بھرپور شرکت کا فیصلہ

جمعیت اساتذہ پاکستان ضلع سوراب کی کابینہ کا اہم اجلاس ضلعی صدر معروف صحافی حافظ اکبر گرگناڑی کی زیرصدارت منعقد ہوا،

سوراب (نمائندہ بولان) جمعیت اساتذہ پاکستان ضلع سوراب کی کابینہ کا اہم اجلاس ضلعی صدر معروف صحافی حافظ اکبر گرگناڑی کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں 7 نومبر کو اسلام آباد میں منعقد ہونے والی قومی تعلیمی کانفرنس میں شرکت کی تیاریوں پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس میں کابینہ کے عہدیداران اور دیگر ارکان کے علاوہ جمعیت علمائے اسلام تحصیل سوراب کے امیر حضرت مولانا غلام اللہ نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس کے دوران فیصلہ کیا گیا کہ جمعیت اساتذہ پاکستان کے زیراہتمام اسلام آباد میں منعقد ہونے والی قومی تعلیمی کانفرنس میں ضلع سوراب سے تنظیمی عہدیداران اور ارکان کثیر تعداد میں شرکت کریں گے۔ کانفرنس سے قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان بطور مہمانِ خصوصی خطاب کریں گے۔ کانفرنس کی تیاریوں کو حتمی شکل دینے اور انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے آئندہ اجلاس 25 اکتوبر کو منعقد کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ اس موقع پر جمعیت اساتذہ پاکستان کے ڈپٹی جنرل سیکریٹری محمد اقبال ختنی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تنظیم کا مقصد اساتذہ کے مسائل کے حل کے ساتھ طلبہ کی تعلیمی سرگرمیوں کے دوران ان کی اخلاقی وفکری اصلاح اور دینی تربیت کے لیے جدوجہد کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ کی اخلاقی وفکری تربیت اور تعلیمی اصلاح کے لیے تربیتی سیمینارز کا انعقاد بھی تنظیم کے اغراض و مقاصد میں شامل ہے۔



ٹھٹھہ، ایم فل اسکالر افتخار ٹالپر سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

منشیات فروشی کسی ایک حکومت کی ناکامی نہیں بلکہ ایک قومی چیلنج ہے، شرجیل میمن

ان افراد کے نام جانتا ہوں، جو پنکی سے منشیات خریدتے تھے، تاہم فی الحال کسی کی پگڑی اچھالنا نہیں چاہتا، سینئر وزیر سندھ

تحقیقات مکمل ہونے کے بعد قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی، پنکی زہر بیچتی تھی اور ایسے عناصر کو کسی صورت گلیمرائز نہیں کرنا چاہیے، شرجیل میمن

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے انکشاف کیا ہے کہ وہ ان افراد کے نام جانتے ہیں، جو پنکی سے منشیات خریدتے تھے، تاہم فی الحال کسی کی پگڑی اچھالنا نہیں چاہتے، تحقیقات مکمل ہونے کے بعد قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی، منشیات پورے معاشرے کے لیے ایک سنگین خطرہ بن چکی ہیں اور نوجوان نسل تیزی سے اس لعنت کی لپیٹ میں آرہی ہے، اس لیے منشیات فروشوں کے خلاف بلاامتیاز اور موثر کارروائی ناگزیر ہوچکی ہے۔ اتوار کو بی آر ٹی ریڈ لائن کے دورے کے موقع پر شرجیل میمن نے منشیات فروش ملزمہ انمول عرف پنکی کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنکی زہر بیچتی تھی اور ایسے عناصر کو کسی صورت گلیمرائز نہیں کرنا چاہیے کیونکہ ان کے کاروبار کی وجہ سے کئی قیمتی جانیں ضائع ہوچکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف سخت کارروائی اور موثر قانون سازی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے ملک میں منشیات کے مسئلے کو سنجیدگی سے نہیں لیا گیا، حالانکہ یہ صرف کراچی کا نہیں بلکہ پورے ملک کا مسئلہ بن چکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے منشیات کے نیٹ ورک کے خاتمے کے لیے متحرک ہیں اور جلد اس ناسور کو جڑ سے اکھاڑ دیا جائے گا۔ سینئر صوبائی وزیر نے کہا کہ انمول عرف پنکی منشیات کی اسمگلنگ اور سپلائی میں ملوث تھی اور اس وقت قانون کی گرفت میں ہے۔ انہوں نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ متعلقہ اداروں نے جرات اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے والدین پر زور دیا کہ وہ اپنے بچوں کی سرگرمیوں پر نظر رکھیں اور اس بات پر توجہ دیں کہ نوجوان اپنا پیسہ کہاں خرچ کررہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر کسی گھر کا فرد نشے کا عادی ہو تو فوری طور پر اس کا علاج کرایا جائے کیونکہ نشے کے عادی افراد معاشرے کے لیے سنگین خطرہ بن جاتے ہیں۔ شرجیل میمن نے بتایا کہ اسکولوں میں طلبہ کے اچانک منشیات ٹیسٹ کرانے کی تجویز بھی زیرغور رہی ہے، جسے صوبائی اسمبلی میں مختلف جماعتوں کی حمایت حاصل ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بحالی مراکز کے قیام اور علاج کی سہولیات بہتر بنانے پر بھی کام کررہی ہے، کیونکہ نجی اداروں میں علاج پر لاکھوں روپے خرچ ہوتے ہیں جو عام شہری کی پہنچ سے باہر ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ منشیات کے خلاف ہر ادارے کا اپنا کردار ہے اور وفاقی وصوبائی حکومتیں اس مسئلے کے خاتمے کے لیے مشترکہ اقدامات کررہی ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ معاشرے کو محفوظ بنانے کے لیے تمام منشیات فروشوں کو قانون کے کٹہرے میں لاکر سخت سزا دینا ضروری ہے۔

انور حسین سومرو دوسال سے لاپتہ، اہل خانہ دربدر، ایس ایس پی ٹھٹھہ سے مدد کی اپیل

دوسال قبل میرے شوہر نے بینک سے لون لے کر محلے میں بچوں کی اشیا کی دکان لگائی تھی، جہاں سے چور سارا سامان چرا کرلے گئے تھے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) انور حسین سومرو دو سال سے لاپتہ، اہل خانہ دربدر، ایس ایس پی ٹھٹھہ سے مدد کی اپیل۔ ٹھٹھہ شہر کے رہائشی انور حسین سومرو مبینہ طور پر دوسال سے لاپتہ ہیں۔ ورثا نے بہت تلاش کیا لیکن کوئی پتہ نہ چل سکا۔ ان کی اہلیہ صالحہ سومرو نے صحافیوں کو بتایا کہ دوسال قبل میرے شوہر نے بینک سے لون لے کر محلے میں بچوں کی اشیا کی دکان لگائی تھی، جہاں سے چور سارا سامان چرا کرلے گئے تھے، جس کی این سی تھانے میں درج کرائی تھی۔ قرضوں سے تنگ آکر وہ گھر سے ناراض ہو کر چلا گیا، جانے کے کچھ دن بعد کسی کے ہاتھ کچھ پیسے بھجوائے، اس کے بعد سے لاپتہ ہے۔ متاثرہ خاتون نے بتایا کہ میری تین بیٹیاں ہیں، ایک کی شادی ہوچکی، دوسری کراچی میں نوکری کرکے گھر کا خرچ چلاتی ہے، تیسری میرے ساتھ ہے۔

گندم کی قلت اور آٹے کی بڑھتی قیمتیں ناقابل قبول ہیں، حیدرآباد چیمبر

حیدرآباد (این این آئی) حیدرآباد چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹری نے سندھ سمیت ملک میں گندم کی دستیابی پر بڑھتی تشویش اور آٹے کی قیمتوں میں اضافے پر ردعمل دیتے ہوئے وفاقی اور سندھ حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ عوام کو سستی اور معیاری خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں۔



لورالائی، صفائی مہم کے دوران میونسپل کمیٹی کا عملہ مختلف نالیوں اور شاہراؤں کی صفائی کررہا ہے

آل سوراب ڈی سی کپ 2026 کا شاندار افتتاح، شہید حمید جان کرکٹ کلب کی فاتحانہ انٹری

مہمانوں نے کھلاڑیوں سے ملاقات کی مختلف ٹیموں کے ہمراہ گروپ فوٹوز بنوائے اور بہترین کھیل پیش کرنے والے کھلاڑیوں میں شیلڈز تقسیم کیں

سوراب (نمائندہ بولان) آل سوراب ڈی سی کپ 2026 کا افتتاحی میچ سوراب کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا گیا، جس کے مہمانِ خصوصی ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ جبکہ اعزازی مہمان ایس پی سوراب خورشید احمد بلوچ تھے۔ افتتاحی تقریب میں ڈی ایس پی سوراب بلاول احمد محمد حسنی، اسپورٹس آفیسر علی نواز رند، ایس ایچ او سوراب محمد یونس، سپرنٹنڈنٹ فضل محمد قمبرانی، سوشل ویلفیئر آفیسر نصیب اللہ زہری، ٹورنامنٹ انتظامیہ اور دیگر معززین نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر صاحبزادہ نجیب اللہ اور دیگر مہمانوں نے کھلاڑیوں سے ملاقات کی مختلف ٹیموں کے ہمراہ گروپ فوٹوز بنوائے اور بہترین کھیل پیش کرنے والے کھلاڑیوں میں شیلڈز تقسیم کیں۔ مہمانوں نے ٹورنامنٹ کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ کھیلوں کے ایسے مقابلے نوجوانوں میں مثبت سرگرمیوں کو فروغ دینے، کھیلوں کے ٹیلنٹ کو اجاگر کرنے اور باہمی ہم آہنگی کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کھلاڑیوں پر زور دیا کہ وہ کھیل کے دوران نظم وضبط، اسپورٹس مین اسپرٹ اور بہترین کھیل کا مظاہرہ کریں۔ ٹورنامنٹ کے افتتاحی میچ میں شہید حمید جان کرکٹ کلب سوراب نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نواب اکبر بگٹی کرکٹ کلب گدر کو 29 رنز سے شکست دے کر ایونٹ میں فاتحانہ آغاز کیا۔

بھوک اور غذائی بحران حکمرانوں کی کرپشن کا نتیجہ ہے، عوامی تحریک

حیدرآباد (این این آئی) عوامی تحریک نے کہا ہے کہ حکمرانوں کی کرپشن اور وسائل کی لوٹ مار کے باعث پاکستان بھوک اور بدحالی سے سب سے زیادہ متاثرہ ممالک میں شامل ہوگیا ہے۔ نئے صوبوں کی مہم کے ذریعے اتحادی حکومت اپنی کرپشن اور لوٹ مار پر پردہ ڈال رہی ہے، جبکہ سندھ اور بلوچستان کی ساحلی پٹی سمیت ملک کی زمینیں عسکری اداروں سے وابستہ کمپنیوں کے حوالے کرنے کی سازش کی جا رہی ہے۔ عوامی تحریک کے مرکزی آرگنائزر لال جروار اور مرکزی رہنماؤں ڈاکٹر رسول بخش خاصخیلی، ستار رند، ڈاکٹر ماروی سندھو اور مہران درس نے مشترکہ بیان میں کہا

اے سی وین سروس ٹنڈو محمد خان سے جھمپیر، نوری آباد اور سہراب گوٹھ کے راستے کراچی تک شروع

ہر آدھے گھنٹے بعد آنے اور جانے کے لیے ایئرکنڈیشنڈ وین سروس فراہم کی جائے گی

ٹھٹھہ (رپورٹ) عوام کو سفر کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے سندھ اے سی وین سروس ٹنڈو محمد خان سے جھمپیر، نوری آباد اور سہراب گوٹھ کے راستے کراچی تک شروع کردی گئی ہے، جس کے تحت ہر آدھے گھنٹے بعد آنے اور جانے کے لیے ایئرکنڈیشنڈ وین سروس فراہم کی جائے گی۔ اس سلسلے میں ٹرانسپورٹ ضلع ٹھٹھہ کے صدر اور بروہی وین سروس ضلع ٹھٹھہ کے آرگنائزر شاہجہان بروہی نے میر شبیر رند، وڈیرہ حبیب اللہ ملاح، اسداللہ رند، قاسم سولنگی اور دیگر کے ہمراہ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ان کی کوششوں سے عوام کو پرسکون اور بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے یہ سروس شروع کی گئی ہے، جس سے ٹنڈو محمد خان، جھیرک، جھمپیر اور نوری آباد کے شہریوں کو خصوصی فائدہ پہنچے گا۔ شاہجہان بروہی نے کہا کہ مذکورہ علاقوں کے عوام کو سفر کے دوران پیش آنے والی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ اقدام کیا گیا ہے تاکہ انہیں کراچی آنے جانے کے لیے بہتر اور آرام دہ سفری سہولت میسر آسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس سے قبل ٹھٹھہ سے حیدرآباد تک بھی وین سروس شروع کرائی گئی تھی،



خاران، صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ایس ایس پی قمبر شہدادکوٹ حسن سردار احمد خان نیازی کی زیرصدارت کرائم میٹنگ کا انعقاد

ضلعے میں امن وامان کی مجموعی صورتحال رپورٹیڈ ان رپورٹیڈ کرائم سمیت دیگر محکمانہ امور کے حوالے سے میٹنگ کا انعقاد کیا گیا

شہدادکوٹ (رپورٹ: شبیر کمبوہ) ایس ایس پی قمبر شہدادکوٹ حسن سردار احمد خان نیازی کی زیرصدارت کرائم میٹنگ کا انعقاد۔ میٹنگ میں کارکردگی اور کرائم کا بغور جائزہ لیا گیا ایس ایس پی قمبر شہدادکوٹ حسن سردار احمد خان نیازی کی زیرصدارت ضلع کے تمام ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور چوکی انچارجز کے ساتھ ایس ایس پی آفس قمبر میں جرائم کی روک تھام، ضلعے میں امن وامان کی مجموعی صورتحال رپورٹیڈ ان رپورٹیڈ کرائم سمیت دیگر محکمانہ امور کے حوالے سے میٹنگ کا انعقاد کیا گیا اس موقع پر ایس ایس پی نے تمام فیلڈ اسٹاف پر واضح کیا کہ جرائم کی روک تھام کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں جرائم پیشہ افراد، اسمگلنگ، جو منشیات فروشوں فحاشی و دیگر جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کیا جائے منشیات فروش و جرائم پیشہ عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے اور IR لسٹیڈ منشیات فروش ملزمان خاص کر کے A+ کیٹیگری والوں کے خلاف سخت ایکشن کیا جائے تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کرائم ہاٹ اسپاٹ ایریاز وزٹ کریں اور پیٹرولنگ و پکیٹنگ کو مزید بہتر کریں جرائم کے انسداد کیلئے وقت پر ایکشن لیں

حضرت شاہ رکن عالم کے سالانہ عرس کی تقریبات کا آغاز ہوگیا

ضلعی انتظامیہ کی جانب سے عرس کے سلسلے میں زائرین کو بہترین سہولیات کی فراہمی کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں

ملتان (نمائندہ بولان) حضرت شاہ رکن عالم کے سالانہ عرس کی تقریبات کا آغاز ہوگیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے عرس کے سلسلے میں زائرین کو بہترین سہولیات کی فراہمی کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ ضلعی محکموں کی جانب سے دربار شریف پر کیمپ قائم کیے گئے ہیں جبکہ صفائی، سکیورٹی، روشنی، پینے کے ٹھنڈے پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر سٹی مکرم سلطان نے دربار شریف کا دورہ کیا اور عرس کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کی جانب سے کیے گئے انتظامات چیک کیے اور زائرین کو سہولیات کی فراہمی کے اقدامات کا معائنہ کیا۔ ملتان ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی جانب سے دربار شریف اور عرس کے روٹس پر بھرپور صفائی آپریشن جاری ہے تاکہ زائرین کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جاسکے۔ دوسری جانب پولیس کی جانب سے سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں جبکہ دربار شریف آنے والے زائرین کی موثر اسکریننگ بھی جاری ہے۔

کراچی، ملزمان کی تحویل پر جھگڑے میں ایس آئی یو اہلکار قصوروار قرار

کراچی (این این آئی) کراچی میں ضلع وسطی پولیس اور اسپیشل انویسٹی گیشن یونٹ (ایس آئی یو) کے اہلکاروں کے درمیان جھگڑے کی انکوائری رپورٹ ایڈیشنل آئی جی کراچی کو ارسال کردی گئی، جس میں واقعے کا ذمہ دار ایس آئی یو اہلکاروں کو قرار دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق رپورٹ میں جھگڑے کے دوران ڈی ایس پی کو زخمی کیے جانے کا بھی ذکر ہے۔

سندھ کی تقسیم کسی صورت قبول نہیں، سندھ دھرتی ہماری ماں ہے، ڈاکٹر قادر مگسی

سندھ کو تقسیم کرنے کا خواب دیکھنے والے اپنے ذہنوں سے یہ خیال نکال دیں

ماتلی (رپورٹ دلمراد کمبوہ) سندھ ترقی پسند پارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر قادر مگسی نے کہا ہے کہ سندھ اس وقت خطرات سے دوچار ہے تاہم سندھ کی وحدت پر کسی قسم کا سمجھوتہ قبول نہیں کیا جائے گا۔ سندھ ہماری مادر وطن ہے اور اس کی تقسیم کی کسی بھی سازش کو برداشت نہیں کریں گے۔ سندھ کے سات کروڑ عوام اپنی دھرتی کے محافظ ہیں۔ وہ ماتلی میں شہید جمال شاہ کی 27 ویں برسی کے موقع پر سندھ ترقی پسند پارٹی کے زیراہتمام منعقدہ سندھ میری امان جلسے سے خطاب کررہے تھے۔ ڈاکٹر قادر مگسی نے کہا کہ سندھ کو تقسیم کرنے کا خواب دیکھنے والے اپنے ذہنوں سے یہ خیال نکال دیں۔ متحدہ قومی موومنٹ) ایم کیوایم (کو خبردار کرتے ہیں کہ وہ سندھ مخالف سازشوں سے باز آئے اور اپنی قوم کو گمراہ نہ کرے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کی وحدانیت پر حملہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا کیونکہ سندھ کی سرحدوں سے چھیڑ چھاڑ کو پاکستان کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کے مترادف سمجھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے عوام نہ بے شعور ہیں اور نہ ہی اپنی دھرتی کے معاملے میں خاموش رہیں گے۔ وہ بھوک برداشت کرسکتے ہیں اور اپنے بچوں کے جنازے اٹھا سکتے ہیں لیکن اپنی مادر وطن کا سودا کسی صورت قبول نہیں کریں گے۔ سندھ صرف ایک خطہ نہیں بلکہ وادی سندھ کی عظیم تہذیب اور ہماری شناخت بھی ہے۔ ڈاکٹر قادر مگسی نے کہا کہ اردو بولنے والے بھی سندھ کو اپنی ماں سمجھتے ہیں اس لیے سندھ کی تقسیم کی بات کرنے والوں کو عوام کے جذبات کا احترام کرنا چاہیے۔ انہوں نے فاروق ستار کے سندھ کی تقسیم سے متعلق بیانات پر بھی تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ سندھ اپنی بقا کی جنگ لڑ رہا ہے اور اس وقت مختلف محاذوں پر جدوجہد جاری ہے جن میں سب سے اہم جنگ سندھ کو بچانے کی ہے۔ ان کے بقول اقتدار میں بیٹھے بعض عناصر سندھ کے وسائل سے فائدہ اٹھانے کے باوجود اس کی تقسیم کی باتیں کررہے ہیں۔ انہوں نے پارلیمان کی خودمختاری پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی حقیقی جمہوری شکل اسی وقت بحال ہوگی جب پارلیمان بااختیار ہوگی۔ انہوں نے حکمرانوں کو خبردار کیا کہ ہنگامی اقدامات کے ذریعے سندھ کی تقسیم کی کسی بھی کوشش سے گریز کیا جائے۔

سپر ہائی وے اور نوری آباد میں مبینہ طور پر منشیات کا کاروبار کھلے عام جاری

نوجوانوں سمیت کم عمر بچے بھی نشے کی لت میں مبتلا ہو کر اپنی زندگیاں تباہ کرنے لگے ہیں

ٹھٹھہ (رپورٹ رپورٹ واحد شورو) ٹھٹھہ ضلع سمیت کوہستانی پٹی کے مختلف علاقوں جھمپیر، جنگشاہی، لوونی کوٹ، 32 میل، 35 میل، 36 میل، 37 میل، سپر ہائی وے اور نوری آباد میں مبینہ طور پر منشیات کا کاروبار کھلے عام جاری ہے، جس کے باعث نوجوانوں سمیت کم عمر بچے بھی نشے کی لت میں مبتلا ہو کر اپنی زندگیاں تباہ کرنے لگے ہیں۔ متاثرہ علاقہ مکینوں نے الزام عائد کیا ہے کہ منشیات فروشوں کے خلاف مؤثر کارروائی نہ ہونے کے باعث یہ مکروہ کاروبار دن بہ دن پھیل رہا ہے۔ کوہستانی سماجی رہنما محمد انور جاکھرو اور دیگر متاثرہ رہائشیوں نے شکایت کرتے ہوئے کہا کہ بااثر منشیات فروش مبینہ طور پر پولیس کی سرپرستی میں مختلف دیہات اور چھوٹے بڑے شہروں کی دکانوں اور کیبنوں پر ما، گٹکا، سفینہ، زیڈ ما، چرس، شراب، ٹھرا اور آئس سمیت مختلف اقسام کی منشیات فروخت کررہے ہیں۔ ان کے مطابق گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کے ذریعے منشیات کی ترسیل کرکے ایجنٹوں کے توسط سے آس پاس کے علاقوں اور بڑے شہروں تک بھی پہنچائی جارہی ہے۔ محمد انور جاکھرو کا کہنا تھا کہ گٹکا، ما، سفینہ اور دیگر مضر اشیا کے استعمال سے لوگ منہ اور گلے کی خطرناک بیماریوں، حتیٰ کہ کینسر جیسے امراض میں مبتلا ہو رہے ہیں۔

کراچی میں ڈیڑھ کروڑ روپے کے سونے کی مبینہ ڈکیتی کا معمہ حل

کراچی (این این آئی) ضلع جنوبی میں تھانہ ساحل کی حدود میں ڈیڑھ کروڑ روپے مالیت کے سونے کی مبینہ ڈکیتی کے واقعے کا معمہ حل ہونے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ ایس ایس پی ساؤتھ مہزور علی کے مطابق خاندانی تنازعے کو ڈکیتی کی واردات کا رنگ دیا گیا، جبکہ واقعے میں ڈیڑھ کروڑ روپے مالیت کا سونا موجود ہونے کی بات بھی درست ثابت نہیں ہوئی۔ آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے مبینہ واقعے کی تحقیقات میں کامیابی پر ڈی آئی جی ساؤتھ اسد رضا، ایس ایس پی ساؤتھ مہظور علی اور ساحل پولیس ٹیم کو شاباش دی۔



اسپیشل مجسٹریٹ عزت اللہ مین سریاب روڈ کے منی پیٹرول پمپوں اور انسداد تجاوزات کیخلاف کارروائیاں کررہے ہیں



اسپیشل مجسٹریٹ سب ڈویژن سٹی ڈاکٹر عمران زیب جوائنٹ روڈ پر پرائس کنٹرول کارروائیاں کررہے ہیں

جمہوریت کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کی قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں

، پیپلز پارٹی یوتھ ونگ اور پی ایس ایف کے سابق مرکزی عہدیداران اور جان نثار بینظیر بھٹو کا خراجِ تحسین

حیدرآباد (بولان بیورو) پاکستان پیپلز پارٹی کی شہید قائد اور سابق وزیراعظم پاکستان محترمہ بےنظیر بھٹو کی 18 اکتوبر 2007 کو وطن واپسی کے موقع پر کراچی میں پیش آنے والے سانحہ کارساز کے شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے پیپلز پارٹی یوتھ ونگ، پیپلز اسٹوڈنٹس فیڈریشن) پی ایس ایف (اور پارٹی کے سابق مرکزی، صوبائی اور ڈویژنل عہدیداروں نے کہا ہے کہ سانحہ کارساز کے شہدا کی قربانیاں سیاسی تاریخ کا ایسا ناقابلِ فراموش باب ہیں، جنہیں ہمیشہ عقیدت، احترام اور فخر کے ساتھ یاد رکھا جائے گا۔ ان کارکنوں نے اپنی قائد محترمہ بےنظیر بھٹو کے ساتھ وفاداری، جمہوریت کی بحالی اور عوام کے جمہوری حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ پیپلز پارٹی یوتھ ونگ سندھ کے سابق صدر اور پاکستان پیپلز پارٹی حیدرآباد ڈویژن کے موجودہ صدر عاجز دھامرہ، امجد بلوچ، پیپلز پارٹی یوتھ ونگ سندھ کے سابق مرکزی سیکریٹری جنرل تنویر احمد آرائیں، پی ایس ایف سندھ کے سابق صدر سلیمان دستی، میر سہراب خان مری، پیپلز پارٹی یوتھ ونگ اور پی ایس ایف کے سابق مرکزی و ڈویژنل عہدیداران فدا ڈھکن، شبیر میمن، قاضی سمیع، خالق جان بلوچ، احسان ابڑو، شفقت میرانی، زاہد میرانی، سید اکرم شاہ، علی نواز پھنور، فدا حسین کھوسو، سردار خان، فقیر ذاکر ہسبانی، ڈاکٹر شفقت راجپر، لالہ رضوان مغل، ڈال خان جھکرانی، اور دیگر رہنماؤں نے سانحہ کارساز کے شہدا کی برسی کے موقع پر انہیں زبردست خراجِ عقیدت پیش کیا۔ رہنماؤں نے اپنے پیغام میں کہا کہ سانحہ کارساز کے شہدا صرف ایک سیاسی جماعت کے کارکن نہیں تھے بلکہ وہ جمہوری جدوجہد، سیاسی وابستگی، وفاداری اور قربانی کی ایسی علامت بن گئے، جن کی مثال تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔ یہ وہ جانثار کارکن تھے جو اپنی محبوب قائد محترمہ بےنظیر بھٹو کے استقبال کے لیے کراچی کی سڑکوں پر جمع ہوئے تھے۔ ان کے دلوں میں اپنی قائد سے محبت، جمہوریت کی بحالی کی امید اور ایک بہتر پاکستان کا خواب موجزن تھا، لیکن دہشت گردی کے ایک ہولناک حملے نے خوشیوں اور امیدوں کے اس اجتماع کو خون میں نہلا دیا۔ انہوں نے کہا کہ جب خودکش حملوں اور دھماکوں نے جشنِ استقبال کو ماتم میں بدل دیا تو پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے اپنی قائد کی حفاظت کے لیے اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر انسانی ڈھال کا کردار ادا کیا۔ کئی کارکنوں نے شدید خطرات کے باوجود اپنی قائد کا ساتھ نہیں چھوڑا اور اپنی جانیں قربان کرکے وفاداری اور ایثار کی ایسی مثال قائم کی جو آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ ان کارکنوں کی قربانیوں کو محض ایک سانحے کے متاثرین کی حیثیت سے نہیں بلکہ جمہوریت کے لیے دی جانے والی عظیم قربانیوں کے طور پر یاد رکھا جانا چاہیے۔

چیئرمین کے پی ٹی سے گڈز ٹرانسپورٹ رہنماؤں کی ملاقات

کراچی (این این آئی) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد کے صدر ملک شہزاد اعوان کی قیادت میں وفد نے کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) کے چیئرمین ریئر ایڈمرل شاہد احمد (ریٹائرڈ) سے ملاقات کی، جس میں بندرگاہی امور، گڈز ٹرانسپورٹ کے مسائل اور متعلقہ فریقین کے درمیان رابطہ کاری پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد میں آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد، پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس اور سندھ گڈز ٹرک ٹریلر ایسوسی ایشن کے نمائندے شامل تھے۔

وزیراعلیٰ سندھ کی پاک فوج کو خراجِ تحسین، سرحدی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر مبارکباد

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے پاک افغان سرحد پر سیکیورٹی کی صورت حال کے حوالے سے اپر کرم سیکٹر میں دہشت گردوں کی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر پاک فوج کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ تائدہ اور غوز گڑھی میں دشمن کو دندان شکن جواب دینا پاک فوج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظہر ہے۔



کراچی: سابق فرسٹ کلاس کرکٹر فضل سبحان زون ایک وائٹس کے عمر فاروق کو میڈی کیم مین آف دی میچ ایوارڈ دے رہے ہیں جبکہ طلحہ آفریدی کو سابق فرسٹ کلاس کرکٹر فراز پٹیل میڈی کیم مین آف دی میچ ایوارڈ دے رہے ہیں

ووڈورڈ ٹرافی انڈر 17-انٹرزونل کرکٹ ٹورنامنٹ

طلحہ آفریدی کی شاندار سنچری، درانی خان اور عمر فاروق کی جارحانہ بالنگ

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زیراہتمام میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے تعاون سے منعقد کردہ آر سی اے کے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے دوسرے مرحلے ووڈورڈ ٹرافی انڈر 17-انٹرزونل کرکٹ ٹورنامنٹ میں گزشتہ روز زون ایک وائٹس اور زون چھ بلوز کی ٹیموں نے گروپ "سی" اور گروپ "اے" کے آخری میچز میں اپنی اپنی حریف ٹیموں کو شکست دے کر سیمی فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کرلیا۔ ٹی ایم سی گراؤنڈ پر کھیلے گئے میچ میں زون ایک وائٹس نے زون سات وائٹس کو باآسانی 148 رنز سے شکست دے دی۔ زون ایک وائٹس نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 247 رنز بنائے۔ رعنا حمزہ نے 7 چوکوں 3 چھکوں کی مدد سے 79، شاہ زین جانڈیو نے 7 چوکوں کی مدد سے 40، ضرغم محمود اور عبدل معیز نے 25-25 رنز بنائے۔ جلال رحمان نے 29 اور حسین عباس نے 49 رنز دیکر 2-2 کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔ جواب میں زون سات وائٹس 99 رنز بنا کر آوٹ ہوگئی۔ شایان احمد نے 36 اور حسن احمد نے 22 رنز بنائے۔ میڈیم پیسر عمر فاروق نے جارحانہ بالنگ کرتے ہوئے 37 رنز دیکر 5 اور محمد ازام عباسی نے 14 رنز دیکر 3 کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔ میچ کے اختتام پر سابق فرسٹ کلاس کرکٹر فضل سبحان نے زون ایک وائٹس کے عمر فاروق کو میڈی کیم مین آف دی میچ ایوارڈ دیا۔ کے سی سی اے اسٹیڈیم پر کھیلے گئے دوسرے میچ میں زون چھ نے زون چار بلوز کو یکطرفہ مقابلے کے بعد 197 رنز سے شکست دے دی۔ زون چھ بلوز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے

ضلع ٹھٹھہ کی معیشت پر موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کے حوالے سے سیمینار

ایم فل اسکالر افتخار احمد ٹالپر کی جانب سے موسمیاتی تبدیلیوں کے معاشی وسائل اور ذرائع معاش پر اثرات کا جائزہ پیش کیا گیا

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ضلع ٹھٹھہ کی معیشت پر موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کے حوالے سے سیمینار ایم فل اسکالر افتخار احمد ٹالپر کی جانب سے موسمیاتی تبدیلیوں کے معاشی وسائل اور ذرائع معاش پر اثرات کا جائزہ پیش کیا گیا۔ سیمینار میں پروفیسر ڈاکٹر غلام مجتبیٰ خشک، ڈاکٹر محمد جاوید شیخ، دیگر اسکالرز اور طلبہ کی شرکت۔ سندھ زرعی یونیورسٹی ٹنڈوجام کے شعبہ رورل سوشیالوجی کے ایم فل اسکالر افتخار احمد ٹالپر نے اپنے تحقیقی موضوع ضلع ٹھٹھہ کی معیشت پر موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کا جائزہ کے عنوان سے سیمینار پیش کیا۔ سیمینار میں ضلع ٹھٹھہ کے گھرانوں کے ذرائع معاش، آمدنی اور گزر بسر پر موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کا جائزہ پیش کیا گیا۔ اس موقع پر افتخار احمد ٹالپر نے اپنی تحقیق کے مقاصد، موضوع کی اہمیت اور تحقیقی طریقہ کار کے بارے میں تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ انہوں نے بتایا کہ یہ تحقیق ضلع ٹھٹھہ کے چار تعلقوں کی 12 یونین کونسلوں کے دیہات میں رہنے والے گھرانوں سے معلومات جمع کرکے مکمل کی گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ موسمیاتی تبدیلیاں مقامی آبادی کے ذرائع معاش اور معاشی سرگرمیوں سے متعلق مسائل میں اضافہ کررہی ہیں، جبکہ اس تحقیق کا مقصد ان اثرات کو سمجھنا اور ضلع ٹھٹھہ کے رہائشیوں کے معاشی وسائل اور ذرائع معاش پر پڑنے والے اثرات کا جائزہ لینا ہے۔ تحقیق کے نتائج بیان کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ 92 فیصد گھرانوں کے مطابق گرمیوں کا موسم پہلے سے زیادہ گرم ہوگیا ہے، 88 فیصد گھرانوں نے زمین میں نمکیات کی مقدار بڑھنے کی نشاندہی کی، جبکہ 74 فیصد گھرانوں نے سال 2022 کے سیلاب کو موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث سب سے بڑا نقصان قرار دیا۔ اسی طرح 56 فیصد گھرانوں کے مطابق مالی وسائل کی کمی موسمیاتی تبدیلیوں سے مطابقت پیدا کرنے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ افتخار احمد ٹالپر نے تحقیق کے پس منظر اور اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے مقامی سطح پر تحقیق کے ذریعے علاقے کے لوگوں کو درپیش مسائل کی بہتر نشاندہی کی جاسکتی ہے۔ اس طرح کے مطالعات سے حاصل ہونے والی معلومات مستقبل کی منصوبہ بندی اور مقامی ترقی کے لیے مفید ثابت ہوسکتی ہیں۔ سوال وجواب کے سیشن کے دوران پروفیسر ڈاکٹر غلام مجتبیٰ خشک اور ڈاکٹر محمد جاوید شیخ نے اسکالر سے ان کی تحقیق کے حوالے سے مختلف سوالات کیے اور موضوع کے انتخاب، تحقیق کے طریقہ کار اور پیش کردہ نکات پر اپنی آرا کا اظہار کیا۔ اس موقع پر افتخار احمد ٹالپر نے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے

کراچی بندرگاہ پر 24 گھنٹوں میں ایک لاکھ 57 ہزار 668 ٹن کارگو کی ہینڈلنگ

کراچی (این این آئی) کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) نے 17 اکتوبر کو صبح 7 بجے ختم ہونے والے 24 گھنٹوں کے دوران مجموعی طور پر ایک لاکھ 57 ہزار 668 میٹرک ٹن کارگو ہینڈل کیا، جس میں 96 ہزار 511 ٹن درآمدی اور 61 ہزار 157 ٹن برآمدی کارگو شامل ہے۔ کے پی ٹی کے مطابق ہینڈل کیے گئے کارگو میں 80 ہزار 862 ٹن کنٹینرائزڈ، 36 ہزار 74 ٹن خشک بلک اور 35 ہزار 540 ٹن مائع کارگو شامل تھا

سابق سینیٹر باز محمد خان کی علاقائی نمائندگی و ترقیاتی کونسل میں شمولیت کی تردید

کوہاٹ (این این آئی) خیبر پختونخوا کے جنوبی ضلع بنوں سے تعلق رکھنے والے عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے مرکزی عہدیدار اور سابق سینیٹر باز محمد خان نے علاقائی نمائندہ اور ترقیاتی کونسل (اے آر ڈی سی) میں اپنی نامزدگی اور شمولیت کی سختی سے تردید کی ہے



جمعیت اساتذہ پاکستان ضلع سوراب کی کابینہ کا اہم اجلاس ضلعی صدر معروف صحافی حافظ اکبر گرگناڑی کی زیرصدارت منعقد ہوا

پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام انٹر اسکول کرکٹ ٹورنامنٹ

کراچی ریجن میں ال حیدر اسکول، بحریہ اسکول، حق اکیڈمی اور اینگلو پاک اسلامک اسکول کی کامیابی

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) پاکستان کرکٹ بورڈ کے زیراہتمام منعقد کردہ پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام انٹر اسکول کرکٹ ٹورنامنٹ کراچی ریجن میں گزشتہ روز مزید چار میچز کا فیصلہ ہوگیا۔ جناح کالج گراؤنڈ پر کھیلے گئے پہلے میچ میں ال حیدر اسکول نے لعل اسکالر اسکول کو 80 رنز سے ہرا دیا۔ ال حیدر اسکول نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 177 رنز بنائے۔ اذلان حسین نے 6 چوکوں 2 چھکوں کی مدد سے 57 اور جازم علی خان نے 34 رنز بنائے۔ ابان الرحمان نے 37 رنز دیکر 3 جبکہ محمد عاقب اور رجبہ زوبار نے 2-2 کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔ جواب میں لعل اسکالر اسکول کی ٹیم 97 رنز بنا کر آوٹ ہوگئی۔ محمد اسمعیل نے 22 رنز بنائے۔ ارحم فہد نے 25 رنز دیکر 4 اور حمزہ سلیمان نے 12 رنز دیکر 2 کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔ کے سی سی اے اسٹیڈیم پر کھیلے گئے دوسرے میچ میں بحریہ اسکول نے آرمی پبلک اسکول ملیر کینٹ کو 51 رنز سے ہرا دیا۔ بحریہ اسکول اینڈ کالج نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 104 رنز بنا کر آوٹ ہوگئی۔ رحمان ریاض نے 18 رنز بنائے۔ اسدالیاس نے 11، کامل خان نے 15، شہزاد احمد نے 18 اور محمد ولی نے 43 رنز دیکر 2-2 کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔

کمرشل سرگرمیوں کو ماسٹر پلان کے مطابق منظم کرنے کے لیے ڈسٹرکٹ ڈیزائن اینڈ پلاننگ کمیٹی کا اجلاس

ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم نے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے مختلف کمرشل مقامات کی منظوری سے متعلق کیسز کا جائزہ لیا

ملتان (نمائندہ بولان) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر شہر کے انفراسٹرکچر کی بہتری اور کمرشل سرگرمیوں کو ماسٹر پلان کے مطابق منظم کرنے کے لیے ڈسٹرکٹ ڈیزائن اینڈ پلاننگ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم نے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے مختلف کمرشل مقامات کی منظوری سے متعلق کیسز کا جائزہ لیا اور متعلقہ محکموں کو قواعد وضوابط پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم نے کہا کہ شہر میں بے ہنگم تعمیرات اور بغیر منظور شدہ نقشوں کے قائم عمارات کی نشاندہی کے لیے انسپکشن کی جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔



ڈپٹی کمشنر صاحبزادہ نجیب اللہ کھلاڑیوں سے ملاقات کررہے ہیں اور بہترین کھیل پیش کرنے والے کھلاڑیوں میں شیلڈز تقسیم کررہے ہیں

حب کی پاک کالونی میں واقع خستہ حال پل شہریوں کیلئے خطرے کی گھنٹی بن گئی ہے، میر غلام حسین لاشاری

پاک کالونی حب کے پل کے درمیان دراڑیں پڑنے اور اس کی مخدوش حالت کے باعث پل کسی بھی وقت ناخوشگوار حادثہ پیش آنے کا خدشہ ہے

حب (پ ر) بھوتانی عوامی کارواں حب کے سینئر رہنما بھوانی حب قومی اتحاد کے چیئرمین میر غلام حسین لاشاری نے کہا ہے کہ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن حب کے سابق صدر سینئر قانون دان ایڈوکیٹ محمد اقبال جاموٹ نے ہمیشہ حب کے غریب عوام کے انسانی بنیادوں پر ان کے حقوق کی آواز کو حب کی عدالت میں بلند کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے حب شہر کے غریب عوام کے بنیادی حقوق وانصاف کیلئے دن رات کوشش کی ہے حب شہر کے غریب عوام کے بنیادی مسائل حل کرنے اور حب شہر کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ہمیشہ جدوجہد کی ہے پاک کالونی کی خستہ حال پل کیلئے حب کی عدالت میں دفعہ 133 کے تحت درخواست جمع کرادی حقیقت میں حب کی پاک کالونی میں واقع خستہ حال پل شہریوں کیلئے خطرے کی گھنٹی بن گئی ہے پاک کالونی حب کے پل کے درمیان دراڑیں پڑنے اور اس کی مخدوش حالت کے باعث پل کسی بھی وقت ناخوشگوار حادثہ پیش آنے کا خدشہ ہے حب ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن حب کے سابق صدر سینئر قانون دان ایڈوکیٹ محمد اقبال نے دفعہ 133 کے تحت حب کی عدالت میں عوامی ایشوز پر درخواست جمع کرادی ہے سینئر قانون دان ایڈوکیٹ اقبال جاموٹ نے دی گئے درخواست میں موقف اختیار کیا ہے کہ پاک کالونی حب کا پل کافی عرصے سے خستہ حالی کا شکار ہے

پشاور، شہریوں کو یرغمال بنا کر گھروں میں ڈکیتی کرنیوالا بین الصوبائی گروہ بے نقاب، قیمتی اشیاء برآمد

پشاور (این این آئی) پشاور پولیس نے سکندر پورہ میں اسلحے کی نوک پر گھروں میں اہل خانہ کو یرغمال بنا کر ڈکیتی کی وارداتیں کرنے والے بین الصوبائی گروہ کا سراغ لگا کر لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر قیمتی سامان برآمد کرلیا، گروہ کے دو اہم ارکان پہلے ہی ایک پولیس کی کارروائی میں مارے جا چکے ہیں جبکہ دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق 19 اگست 2026 کو تھانہ شہید گلفت حسین کی حدود سکندر پورہ میں مسلح ملزمان ایک گھر میں داخل ہوئے

ہوم سولر سسٹم کی تقسیم میں گنداخا کے عہدیداران کارکنان نظرانداز

، پیپلز پارٹی تحصیل گنداخہ کے صدر کا نوٹس لینے کا مطالبہ

گنداخہ (نورحسن جمالی) پاکستان پیپلز پارٹی تحصیل گنداخہ کے صدر میر سمیع اللہ خان جمالی نے کہا ہے کہ تحصیل گنداخہ میں پیپلز پارٹی کے عہدیداران اور کارکنان کو ہوم سولر سسٹم کی تقسیم میں مبینہ طور پر نظرانداز کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحصیل گنداخہ ایک پسماندہ علاقہ ہے، جہاں عوام کو بنیادی سہولیات کی شدید ضرورت ہے۔ ان کے مطابق ہوم سولر سسٹم کی فہرست میں موجود اصل نام مبینہ طور پر ختم کرکے فرضی نام شامل کیے گئے اور سولر سسٹم من پسند افراد میں تقسیم کیے گئے، جبکہ بعض سولر سسٹم مبینہ طور پر فروخت کرکے گئے۔ میر سمیع اللہ خان جمالی نے کہا کہ تحصیل گنداخہ کے پیپلز پارٹی کارکنان اور عہدیداران آمریت کے دور میں بھی پارٹی کے ساتھ کھڑے رہے اور آج بھی نظریاتی طور پر پاکستان پیپلز پارٹی کے ساتھ وابستہ ہیں۔ پارٹی کارکنان کو نظرانداز کرنا ان کے ساتھ ناانصافی کے مترادف ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نصیر آباد ڈویژن کے عہدیداران کو مبینہ طور پر 40 ہوم سولر سسٹم ملے، تاہم تاحال تحصیل گنداخہ کے عہدیداران سے اس حوالے سے کوئی رابطہ نہیں کیا گیا۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ جب نصیر آباد ڈویژن کی کابینہ بھی تاحال مکمل نہیں ہوئی

چکوال، جہلم روڈ پر تیز رفتار ڈمپر کی رکشے کو ٹکر کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق، 4 افراد زخمی

چکوال (این این آئی) جہلم روڈ پر تیز رفتار ڈمپر کی رکشے کو ٹکر جس کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق اور چار افراد زخمی ہوگئے۔ جہلم روڈ پر تترال ہوٹل کے قریب تیز رفتاری اور لاپرواہی کے باعث ڈمپر نے رکشے کو ٹکر ماری جس کے بعد ڈالی کو بھی ہٹ کیا، جس کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ چار افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو 1122 چکوال نے بروقت رسپانس کرتے ہوئے زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی اور انہیں ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال چکوال منتقل کردیا

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے
اتوار 18 اکتوبر 2026، بمطابق 5 جمادی الاول 1448ھ

پاکستان پاپولیشن کونسل کی فہرست جاری — بلوچستان کے 17 اضلاع پسماندہ ترین قرار

فہرست میں شامل کمزور اضلاع میں واشک، خضدار، کوہلو، ژوب اور خیبر پختونخوا کا کوہستان بھی شامل ہے۔ صحت کی سہولیات تک رسائی کے معاملے میں بلوچستان اور کے پی سب سے زیادہ مشکلات کا شکار ہیں

کراچی میں تعلیمی اداروں کی تعداد سب سے زیادہ ہے، جبکہ بلوچستان اس حوالے سے بھی سب سے پیچھے ہے۔ بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی غفلت سے 30 افراد جاں بحق، نیپرا نے 5 کروڑ 75 لاکھ روپے جرمانہ عائد کر دیا

اسلام آباد (بولان بیورو) پاکستان پاپولیشن کونسل نے ملک کے 20 سب سے زیادہ پسماندہ اضلاع کی فہرست جاری کی ہے، جن میں سے 17 بلوچستان اور 2 خیبر پختونخوا سے تعلق رکھتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق بلوچستان اور سندھ بے روزگاری اور بلا معاوضہ مزدوری کے لحاظ سے سب سے آگے ہیں۔ نجی ٹی وی سما کے مطابق فہرست میں شامل کمزور اضلاع میں واشک، خضدار، کوہلو، ژوب اور خیبر پختونخوا کا کوہستان بھی شامل ہے۔ رپورٹ کہتی ہے کہ صحت کی سہولیات تک رسائی کے معاملے میں بلوچستان اور کے پی سب سے زیادہ مشکلات کا شکار ہیں۔ کراچی میں تعلیمی اداروں کی تعداد سب سے زیادہ ہے، جبکہ بلوچستان اس حوالے سے بھی سب سے پیچھے ہے۔ بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی غفلت سے 30 افراد جاں بحق، نیپرا نے 5 کروڑ 75 لاکھ روپے جرمانہ عائد کر دیا رپورٹ کے مطابق دیگر پسماندہ اضلاع میں ماشکیل، ڈیرہ بگٹی، قلعہ سیف اللہ، قلات، تھرپارکر، شیرانی، جھل مگسی، نصیر آباد، آواران، خاران، شمالی وزیرستان اور پنجگور شامل ہیں۔ رپورٹ بتاتی ہے کہ کمزور گھروں میں 65 فیصد مکانات کچے یا عارضی ڈھانچوں پر مبنی ہیں۔ جھل مگسی میں یہ شرح 97 فیصد تک پہنچتی ہے۔ بلوچستان کے اکثر اضلاع میں سڑکوں، ٹرانسپورٹ اور ٹیلی کمیونی کیشن کی شدید کمی ہے، جس کے باعث ایمرجنسی رسپانس اور ترقیاتی سرگرمیاں بھی متاثر ہوتی ہیں۔ مزید یہ کہ روزگار کے لحاظ سے 20 میں سے 15 بدترین اضلاع بلوچستان میں پائے گئے۔ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں بے روزگاری اور بلا معاوضہ گھریلو مزدوری کی شرح سب سے زیادہ ہے۔ بہت سے دور دراز علاقوں میں سب سے قریبی صحت مرکز تک رسائی کے لیے 30 کلومیٹر سے زیادہ کا سفر درکار ہوتا ہے۔ تعلیم کے حوالے سے بھی صورتحال تشویشناک ہے۔ رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں لڑکیوں کے لیے ہائی اور ہائر سیکنڈری اسکول تک فاصلہ ملک بھر میں سب سے زیادہ ہے۔ سندھ کا ضلع تھرپارکر آبادیاتی کمزوریوں کے لحاظ سے سب سے پیچھے ہے، جہاں زیادہ شرح پیدائش پہلے ہی محدود تعلیمی و صحت سہولیات پر مزید دباؤ ڈالتی ہے

پنجاب یونیورسٹی، 12 اساتذہ کروڑوں روپے کی سکالرشپ لیکر مفرور

یونیورسٹی انتظامیہ نے ایف آئی اے، وزارت خارجہ و داخلہ کو خط لکھنے کا فیصلہ کر لیا

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی نے سکالرشپ پر بیرون ملک جا کر مفرور ہونے والے 12 اساتذہ سے رقوم کی ریکوری کے لئے ایف آئی اے کو خط لکھنے کا فیصلہ کیا ہے جبکہ مفرور اساتذہ کے شناختی کارڈ اور پاسپورٹ بلاک کرنے کے لئے پنجاب یونیورسٹی وزارت خارجہ اور وزارت داخلہ کو بھی خط لکھے گی۔ اپنے بیان میں پنجاب یونیورسٹی کے ترجمان نے کہا ہے کہ پنجاب یونیورسٹی کے 56 اساتذہ کو بیرون ملک پی ایچ ڈی کرنے کے لئے کروڑوں روپے کی گرانٹ ملی تھی



صوبائی مشیر برائے کھیل وامور نوجوانان مینا مجید بلوچ اپنے دفتر میں دفتری امور انجام دے رہی ہیں۔

پاکستان امریکہ کے درمیان دوطرفہ تجارت میں 16 فیصد اضافہ ریکارڈ

مالی سال 2024-25 میں دونوں ممالک کی تجارت 7 ارب 59 کروڑ 80 لاکھ ڈالر رہی

ٹی شرٹس کی برآمدات 36 کروڑ 10 لاکھ ڈالر رہیں اور جرسیز، پلوورز اور کارڈیگنز کی برآمدات 31 کروڑ 20 لاکھ ڈالر تک ریکارڈ کی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور امریکا کے درمیان دوطرفہ تجارت میں 16 فیصد اضافہ ریکارڈ ہوا ہے۔ دونوں ملکوں کے مابین تجارت کے حوالے سے تفصیلات ایکسپریس نیوز نے حاصل کرلیں۔ ذرائع کے مطابق مالی سال 2024-25 میں پاک-امریکا تجارت 7 ارب 59 کروڑ 80 لاکھ ڈالر رہی۔ اس دورانیے میں پاکستان کی امریکا کو برآمدات 5 ارب 83 کروڑ 60 لاکھ ڈالر تک پہنچ گئیں جب کہ امریکا سے درآمدات ایک ارب 76 کروڑ 30 لاکھ ڈالر رہیں۔ ذرائع کے مطابق برآمدات میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 10 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جس کی تفصیلات میں بتایا گیا ہے کہ بیڈ شیٹس، ٹیبل کلاتھ اور کچن لینن کی برآمدات ایک ارب 3 کروڑ 80 لاکھ ڈالر رہیں۔ مردانہ سوٹ، جیکٹس اور پتلون کی برآمدات 93 کروڑ 60 لاکھ ڈالر ہو گئیں جب کہ دیگر تیار شدہ ملبوسات کی برآمدات 38 کروڑ 60 لاکھ ڈالر تک جا پہنچیں۔ اسی طرح ٹی شرٹس کی برآمدات 36 کروڑ 10 لاکھ ڈالر رہیں اور جرسیز، پلوورز اور کارڈیگنز کی برآمدات 31 کروڑ 20 لاکھ ڈالر تک ریکارڈ کی گئیں۔ علاوہ ازیں جرابوں (ہوزری) کی برآمدات 27 کروڑ 80 لاکھ ڈالر تک جا پہنچیں۔ نٹ والے مردانہ شرٹس کی برآمدات 24 کروڑ 40 لاکھ ڈالر رہیں۔ چمڑے کی مصنوعات کی برآمدات 16 کروڑ 50 لاکھ ڈالر ریکارڈ ہوئیں جب کہ خواتین کے سوٹ، جیکٹس اور ڈریسز کی برآمدات 15 کروڑ 70 لاکھ ڈالر رہیں۔ ذرائع کے مطابق درآمدات میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 40 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ امریکا سے کپاس کی درآمدات 39 کروڑ 30 لاکھ ڈالر رہیں۔ لوہے اور اسٹیل کے اسکریپ کی درآمدات 15 کروڑ 90 لاکھ ڈالر تک پہنچ گئیں۔ سویابین کی درآمدات 13 کروڑ 70 لاکھ ڈالر رہیں۔ کوئلے کی درآمدات 5 کروڑ 60 لاکھ ڈالر تک ریکارڈ ہوئیں جب کہ کیمیکل ووڈ پلپ کی درآمدات 5 کروڑ ڈالر تک محدود رہیں۔ اسی طرح ٹربو جیٹ اور گیس ٹربائن کی درآمدات 5 کروڑ ڈالر رہیں۔ آٹو میٹک ڈیٹا پروسیسنگ مشینوں کی درآمدات 4 کروڑ ڈالر رہیں۔ پیٹرولیم آئل (نہ کہ خام تیل) کی درآمدات 3 کروڑ 80 لاکھ ڈالر تک پہنچ گئیں اور میڈیکل آلات کی درآمدات 3 کروڑ 60 لاکھ ڈالر رہیں۔ علاوہ ازیں میوہ جات (Nuts) کی درآمدات 3 کروڑ 30 لاکھ ڈالر تک ریکارڈ ہوئی ہیں۔

پنجاب میں پیپلز پارٹی کی طاقت، کھویا ہوا مقام اور وقار دوبارہ بحال کریں گے

سردار سلیم حیدر خان

چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نوجوانوں کے حقیقی معنوں میں لیڈر ہیں

گورنر پنجاب سلیم حیدر سے وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور، دیگر معاملات پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس لاہور میں وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ملاقات کی۔ گورنر پنجاب اور پیپلز پارٹی پنجاب کی قیادت نے وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی آمد پر ان کا پرجوش استقبال کیا۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور سمیت بین الصوبائی روابط بڑھانے اور دیگر معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں گزشتہ روز ہونے والی ن لیگ اور پیپلز پارٹی کی پاور شیئرنگ کی میٹنگ پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کو پی پی سے کیے گئے وعدے پورے کرنے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لئے اتحاد اور مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی کی رابطہ کمیٹی کا اجلاس لاہور میں 24 دسمبر کو ہوگا، امید ہے اس کے بعد معاملات مذید بہتری کی طرف جائیں گے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ پنجاب میں پیپلز پارٹی کی طاقت، کھویا ہوا مقام اور وقار دوبارہ بحال کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نوجوانوں کے حقیقی معنوں میں لیڈر ہیں۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ ملک میں سیاسی اور معاشی استحکام کے لیے نوجوان قیادت کو آگے لانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ انشا اللہ بلاول بھٹو زرداری کو ملک کا اگلا وزیراعظم بنائیں گے۔ گورنر پنجاب نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے شہید ہونے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ گورنر پنجاب کی قیادت میں پیپلز پارٹی کو پنجاب میں مستحکم، پرجوش، متحرک اور متحد دیکھ کر خوشی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے۔ وزیراعلی نے کہا کہ پیپلز پارٹی شہدا کی پارٹی ہے۔

کراچی میں ملائیشین ایجوکیشنل ایکسپو کا انعقاد

ملائیشیا کا کامیاب تعلیمی ماڈل سندھ کے اسکولوں میں نافذ کریں گے، وزیر تعلیم سندھ

کراچی (این این آئی) کراچی کے ایک نجی ہوٹل میں دو روزہ ملائیشین ایجوکیشنل ایکسپو کا باقاعدہ آغاز ہوا، جس کا مقصد پاکستانی طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے بین الاقوامی مواقع سے آگاہ کرنا ہے۔ اس تعلیمی میلے میں بڑی تعداد میں طلبہ، والدین، تعلیمی مشیروں اور ماہرین تعلیم نے شرکت کی، جنہوں نے ملائیشیا کی جامعات میں داخلے، وظائف اور دیگر تعلیمی پروگراموں کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ افتتاحی تقریب کے مہمانِ خصوصی صوبائی وزیر تعلیم سید سردار علی شاہ تھے، جبکہ ملائیشیا کے قونصل جنرل حرمن ہارڈینا تا بن احمد نے بھی خصوصی شرکت کی۔ دونوں معزز مہمانوں نے تعلیم کے فروغ کے لیے اس طرح کی سرگرمیوں کو سراہا اور پاکستان و ملائیشیا کے درمیان تعلیمی روابط کو مزید مضبوط کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ ایکسپو میں ملائیشیا کی 11 معروف جامعات کی نمائندگی موجود تھی۔ ہر یونیورسٹی نے اپنا اسٹال قائم کیا، جہاں ان کے نمائندوں نے طلبہ کو مختلف تعلیمی شعبہ جات، اسکالرشپس، داخلے کے طریقہ کار، اہلیت کے معیار، اور ملائیشیا میں طالبعلموں کی زندگی سے متعلق معلومات فراہم کیں۔ اپنے خطاب میں صوبائی وزیر سردار علی شاہ نے بتایا کہ اس وقت 2417 پاکستانی طلبہ ملائیشیا کی مختلف جامعات میں زیر تعلیم ہیں، جو اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ پاکستانی طلبہ ملائیشیا کے تعلیمی نظام پر اعتماد کرتے ہیں



کوئٹہ، بلوچستان امن جرگہ کے سربراہ لالا محمد یوسف خان خلجی پشتو اکیڈمی کے دورے کے موقع پر ممبران سے اظہار خیال کر رہے ہیں

ملک درست سمت کی جانب گامزن ہے، سردار محمد یعقوب خان

مایوس سیاستدان ملک کی سیاسی صورتحال کو بنگلہ دیش کے حالات سے موازنہ نہ کریں، رکن قومی اسمبلی

لورالائی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر مرکزی نائب صدر رکن قومی اسمبلی سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ ملک درست سمت کی جانب گامزن ہے مایوس سیاستدان ملک کی سیاسی صورتحال کو بنگلہ دیش کے حالات سے موازنہ نہ کریں ہم اور بنگال کے سیاست میں کافی فرق ہے موجودہ حکومت اور فوج ایک پیج پر ہیں ہماری حکومت حالات کا باریک بینی سے جائزہ لے رہی ہے ہر ادارہ آئین کے تحت کام کرے پارلیمان ازاد اور خود مختیار ہے اور اسکی بالادستی قائم ہے کمزور جمہوریت ملک کی سلامتی کے لئے نیک شگون نہیں اپوزیشن اور حکومت ملکر ملک کے مسائل کو حل کر سکتی ہے ایک دوسرے کے پاؤں کھینچنے سے کسی کے ہاتھ کچھ نہیں آئے گا ملک میں اصل ایشو مہنگائی اور دہشت گردی ہے جس پر تمام جماعتوں کو سوچنا ہوگا ملک میں سیاسی ڈائیلاگ پر یقین رکھتے ہیں لڑائی جھگڑے ملکی اور عوام کے مفاد میں نہیں سی پیک کو چلنے دیا جائے بلوچ ہمارے بھائی ہیں ان سے آئین کے اندر بات چیت کرنے کے لئے تیار ہیں بلوچستان ملک کا حصہ ہے اسے کوئی نقصان پہنچانے کی ہر سازش اور کوشش کو ناکام بنا دینگے ملک کی بقاء و قومی سلامتی سب سے زیادہ عزیز ہے اس پر انچ نہیں دینگے وسائل پر سب سے زیادہ حق مقامی آبادی کا ہونا چاہیے یہ حق انہیں ہمارے آئین نے بھی دیا ہے

اے ایس پی صدر زینب ایوب کی زیر صدارت اے ایس پی صدر آفس میں میٹنگ

راولپنڈی (این این آئی) اے ایس پی صدر زینب ایوب کی زیر صدارت اے ایس پی صدر آفس میں میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، میٹنگ میں صدر سرکل کے ایس ایچ اوز، تفتیشی افسران اور محرران نے شرکت کی، اے ایس پی صدر نے افسران کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں۔ تفصیلات کے مطابق اے ایس پی صدر زینب ایوب کی زیر صدارت اے ایس پی صدر آفس میں میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، میٹنگ میں صدر سرکل کے ایس ایچ اوز، تفتیشی افسران اور محرران نے شرکت کی، اے ایس پی صدر زینب ایوب نے افسران کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں،

یورپی یونین پاکستان کیساتھ دوستی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، مریم نواز

وزیراعلیٰ سے یورپی یونین کے پارلیمانی وفد کی ملاقات، تعلیم، آئی ٹی، گرین انرجی، صحت کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی پیشکش

پاکستان کا نوجوان باصلاحیت اور متحرک ہیں، عالمی جاب مارکیٹ سے منسلک کرنے کے لئے ٹریننگ کورسز کرا رہے ہیں، مریم نواز

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے یورپی یونین کے پارلیمانی وفد برائے جنوبی ایشیا (DSAS) نے ملاقات کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے وفد کا پرتپاک خیر مقدم کیا۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ تعلقات، تجارت، تعلیم اور سرمایہ کاری پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ تعلیم، آئی ٹی، گرین انرجی اور صحت کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی پیش کش کی اور تجارت، امن، ترقی اور مشترکہ اہداف کے لئے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ یورپی یونین پارلیمانی وفد کی آمد دوطرفہ مضبوط، پُرامن اور دوستانہ تعلقات کا مظہر ہے۔ پاکستان یورپی یونین کے ساتھ قابل اعتماد دوستی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ یورپی یونین کو پاکستان کا شراکت دار ہی نہیں بلکہ دنیا میں استحکام کی آواز بھی ہے۔ جی ایس پی پلس ملنے سے پاکستان کی برآمدات، بالخصوص ٹیکسٹائل کے شعبے میں بہت بہتری آئی ہے۔ انسانی حقوق اور لیبر ریفارمز سمیت تمام تقاضے پورے کرنے کے لئے اقدامات کر رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب پاکستان کی معیشت کا دل ہے، سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول مہیا کر رہے ہیں۔ زراعت، توانائی، ڈیجیٹل انفراسٹرکچر اور ماحولیاتی منصوبوں میں یورپی یونین کے ساتھ تعاون بڑھانا چاہتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پاکستان کا نوجوان باصلاحیت اور متحرک ہیں، عالمی جاب مارکیٹ سے منسلک کرنے کے لئے ٹریننگ کورسز کرا رہے ہیں۔ خوشی ہے کہ پاکستانی طلبہ تیسرے سال بھی Erasmus Mundus اسکالرشپ حاصل کرنے والوں میں سرفہرست ہیں۔ پاکستان علاقائی و عالمی امن کے لئے پرعزم ہے۔ یورپی یونین کے وفد نے ملاقات کے دوران حکومت پنجاب کے اختراعی اقدامات کو سراہا۔

چوآسیدن شاہ میں پولیس کانسٹیبل منور حسین کا قاتل گرفتار

چکوال (این این آئی) چوآسیدن شاہ میں پولیس کانسٹیبل منور حسین کا قاتل گرفتار کر لیا گیا۔ ملزم نے نماز جمعہ کی ادائیگی کے دوران مقتول کو فائرنگ کر کے قتل کیا اور روپوش ہو گیا تھا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال لیفٹیننٹ (ر) احمد محی الدین نے پولیس کانسٹیبل منور حسین کے قتل کو ٹریس کرنے کے لیے ایس ڈی پی او چوآسیدن شاہ سرکل کی سربراہی میں خصوصی ٹیم تشکیل دی تھی۔ ایس ڈی پی او چوآ سرکل خالد محمود کی سربراہی میں ایس ایچ او تھانہ ڈومن سب انسپکٹر سید عاطف رضا اور ان کی ٹیم نے منور حسین کے قاتل کو جدید تکنیکی وسائل بروئے کار لاتے ہوئے

افغان مہاجرین کی آڑ میں داڑھی، پگڑی والے افراد کی تذلیل ناقابل برداشت ہے، حافظ حسین احمد شرودی

افغان مہاجرین کے ساتھ غیر انسانی سلوک کو فوری طور پر روک دیا جائے، رہنماء جے یو آئی کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاتو حید ناظم مالیات حاجی قاسم خان خلجی معاون ناظم مالیات میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ مولانا مفتی روزی خان بادیزئی مولانا حاجی عبدالمالک بڑیچ اختر جان مری مولانا مفتی رحمت اللہ سالار مولانا علی جان ڈپٹی سالار حافظ محیب الرحمٰن ملاخیل مولانا جان محمد مولانا حزب اللہ ملنگ یار حافظ رحمٰن گل مولانا محمد اسلم نے اپنے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا کہ جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ افغان مہاجرین کی آڑ میں داڑھی پگڑی کی تذلیل پر گہری تشویش کا اظہار کرتی ہے اور اس ناروا سلوک کا شدید الفاظ میں مزمت کرتی ہے ایسے غیر اخلاقی اور غیر انسانی فعل سے بحیثیت پاکستانی قوم ہمارا سر شرم سے جھکا جا رہا ہی لگتا ہے بغیر کسی منظم منصوبہ بندی کے افغان مہاجرین کا انخلاء شروع کیا گیا ہے جمعہ کے دن مساجد کے باہر نمازیوں کی تذلیل اور انہیں اٹھا کر تھانوں میں بند کر نیکا عمل عرصہ دراز سے میزبانی کرنے والے میزبان کے اخلاقی پستی کو آشکار کرتا ہے انہوں نے کہا کہ افغان مہاجرین کی آڑ میں داڑھی اور پگڑی والے افراد کی تذلیل ناقابل برداشت عمل ہے افغان مہاجرین کے ساتھ غیر انسانی سلوک کو فوری طور پر روک دیا جائے

ایم ڈی نیشنل پولیس فاؤنڈیشن سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت پرفارمنس ایویلیوایشن کانفرنس کا انعقاد

کانفرنس کے دوران فاؤنڈیشن کے زیر انتظام تمام ذیلی اداروں کی کارکردگی کا بغور جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) ایم ڈی نیشنل پولیس فاؤنڈیشن سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت پرفارمنس ایویلیوایشن کانفرنس کا انعقاد کیا، کانفرنس کے دوران فاؤنڈیشن کے زیر انتظام تمام ذیلی اداروں کی کارکردگی کا بغور جائزہ لیا گیا، جبکہ موثر حکمت عملی کے استعمال کو یقینی بنانے کی ہدایت، تعلیمی نظام سمیت سیکورٹی سروسز اور ہاؤسنگ پراجیکٹس کے معیار کو بہتر بنانے سمیت مختلف نئے ٹاسکس بھی تفویض کئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق مینجنگ ڈائریکٹر نیشنل پولیس فاؤنڈیشن سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت پرفارمنس ایویلیوایشن کانفرنس کا انعقاد ہوا، کانفرنس میں نیشنل پولیس فاؤنڈیشن کے تمام ڈائریکٹرز، ڈپٹی ڈائریکٹرز اور اسسٹنٹ ڈائریکٹرز نے شرکت کی، اس دوران ایم ڈی سید علی ناصر رضوی نے نیشنل پولیس فاؤنڈیشن کے زیر انتظام تمام ذیلی اداروں کی کارکردگی کا بغور جائزہ لیا، جن افسران نے تفویض کردہ ذمہ داریوں میں کوتاہی کا مظاہرہ کیا ان سے وضاحت طلب کی، اس موقع پر انہوں نے ڈائریکٹر این پی ایف ایجوکیشن سسٹم کو تعلیمی معیار کو بہتر بنانے اور تعلیمی اداروں میں اعلیٰ تعلیمی سہولیات مہیا کرنے کی ہدایت کی، اسی طرح ایم ڈی نیشنل پولیس فاؤنڈیشن سکیورٹی سروسز کی اپ لفٹنگ کے احکامات بھی جاری کئے اور کہا کہ تمام سکیورٹی ممبرز کو اپنے متعلقہ لائنز میں ٹریننگ مہیا کرنے سمیت جدید حفاظتی اصولوں پر مبنی ترتیب فراہم کی

کینالز کا مسئلہ نہ صرف سندھ کے لئے بلکہ پنجاب کے کسانوں کے لئے بھی بہت اہم ہے، سعید غنی

پاکستان پیپلز پارٹی وفاقی حکومت میں شامل نہیں ہے البتہ یہ ہمارے سپورٹ کی وجہ سے قائم ضرور ہے، وزیر بلدیات سندھ

کراچی (این این آئی) وزیر بلدیات سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ کینالز کا ایشو پاکستان پیپلز پارٹی کے لئے ہی نہیں، صوبہ سندھ کے لئے بلکہ پنجاب کے کسانوں کے لئے بھی بہت اہم ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی وفاقی حکومت میں شامل نہیں ہے البتہ یہ ہمارے سپورٹ کی وجہ سے قائم ضرور ہے۔ کوئی ایسا وقت آ جاتا ہے اور ہمیں یہ محسوس ہو کہ وفاقی یا پنجاب حکومت اپنے کینالز والے فیصلے سے پیچھے ہٹنے کے لئے تیار نہیں ہے تو ہمارے لئے اس وفاقی حکومت کی کوئی اہمیت رہ نہیں جاتی۔ وفاقی حکومت کینالز کے معاملے پر سی سی آئی کا فوری اجلاس طلب کرے جو وہ گذشتہ ایک سال سے زائد عرصہ گزر جانے کے باوجود نہیں کر رہی ہے۔ اگر خدانخواستہ سی سی آئی میں سندھ کے موقف کو رد کیا جاتا ہے تو اس کی اپیل کا فیصلہ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں کیا جا سکتا ہے

افغانستان کیساتھ بات چیت کا آغاز خوش آئند ہے، مشیر اطلاعات پختونخوا

کے پی سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کو بات چیت میں شامل کیا جائے، صوبائی حکومت کو نظرانداز کرنا غیر سنجیدگی کا مظاہرہ ہے

امید ہے وفاقی حکومت اب سنجیدہ رویہ اپناتے ہوئے تمام متعلقہ فریقین کے ساتھ مل کر جامع حکمت عملی اختیار کرے گی تاکہ افغانستان سے مذاکرات کے ذریعے پائیدار اور دیرپا امن ممکن بنایا جا سکے، بیان

پشاور (اے ایف بی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے وفاقی حکومت کی جانب سے افغانستان کے ساتھ بات چیت کے عمل کے آغاز کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگرچہ یہ فیصلہ دیر سے کیا گیا لیکن دیر آئے درست آئے کے مصداق یہ اقدام خوش آئند ہے، کے پی سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کو بات چیت میں شامل کیا جائے، صوبائی حکومت کو نظرانداز کرنا غیر سنجیدگی کا مظاہرہ ہے۔ اپنے ایک بیان میں بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت کئی بار وفاق سے مطالبہ کر چکی تھی کہ افغانستان کے ساتھ مذاکرات کا سلسلہ شروع کیا جائے تاکہ دہشت گردی کے خاتمے اور خطے میں امن کے لیے موثر اقدامات کیے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا اس وقت دہشت گردی کے خلاف فرنٹ لائن پر ہے اور سب سے زیادہ متاثرہ صوبہ ہے، اس لیے اس حساس عمل میں صوبے کو نظرانداز کرنا غیر سنجیدگی کا مظاہرہ ہے۔ بیرسٹر سیف نے مطالبہ کیا کہ کے پی سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کو بات چیت میں شامل کیا جائے، صوبائی حکومت کو نظرانداز کرنا غیر سنجیدگی کا مظاہرہ ہے۔ اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیے بغیر بات چیت سود مند ثابت نہیں ہوسکتی۔ ان کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا حکومت نے تین ماہ قبل افغانستان سے بات چیت کے لیے ٹرمز آف ریفرنس (ٹی او آرز) وفاقی حکومت کو ارسال کیے تھے جن میں قبائلی عمائدین سمیت تمام سٹیک ہولڈرز کو شامل کرنے پر زور دیا گیا تھا، یہ ٹی او آرز مذاکراتی عمل کو بامعنی اور کامیاب بنانے میں مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ تمام سٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیے بغیر بات چیت کا عمل سود مند ثابت نہیں ہو سکتا، اگر حکومت واقعی خطے میں پائیدار امن چاہتی ہے تو اسے سنجیدگی کے ساتھ خیبر پختونخوا حکومت اور دیگر متاثرہ فریقین کو مشاورت میں شامل کرنا ہوگا

خاران، نامعلوم مسلح افراد جیولر کی دکان سے زیورات اور نقدی لوٹ کر فرار

خاران (این این آئی) خاران میں جیولر کی دکان میں ڈکیتی ڈاکو نقدی اور زیورات لوٹ کر فرار ہو گئے مزاحمت پر دکاندار کو زخمی کر دیا تفصیلات کے مطابق خاران سٹی شاپنگ بازار میں رخشان نامی جیولر کی دکان میں تین ڈاکو جو نقاب پوش مسلح تھے

اختر حسین لانگو، احمد نواز اور دیگر کا میر ریاض شاہوانی سے والد کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سابق رکن بلوچستان اسمبلی میر اختر حسین لانگو سابق رکن بلوچستان اسمبلیور دیگر نے ہفتہ کو شاہوانی ہاؤس جا کر پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سابق نائب صدر حاجی میر ریاض احمد شاہوانی سے ان کے والد مرحوم حاجی عبدالحمید شاہوانی کی وفات پر فاتحہ خوانی اور تعزیت کا اظہار کیا۔

قصور، خواتین سے جنسی زیادتی اور بلیک میلنگ میں ملوث ملزم گرفتار

قصور (این این آئی) پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے خواتین کو ورغلا کر ان سے جنسی زیادتی اور بلیک میل کرنے میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ڈی پی او قصور طارق عزیز کے مطابق قصور کے علاقہ کھڈیاں خاص میں خواتین کو ورغلا کر ان سے جنسی زیادتی اور بلیک میل کرنے والے درندہ صفت ملزم کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ملزم یوسف ٹیلیفون پر خواتین سے دوستی کر کے اسے گھر بلاتا اور جنسی زیادتی کرتا، اس دوران وہ قابل اعتراض ویڈیوز بھی بناتا

PROCUREMENT NOTICE

PROCUREMENT OF CONSULTANCY SERVICES

1. The Federal Investigation Agency has reserved Funds for the procurement planned for FY 2026 27. The Federal Investigation Agency intends to apply part of the proceeds of this Fund to cover eligible payments under the contract for the consultancy services of "DETAILED DESIGNING AND CONSTRUCTION SUPERVISION OF "TRANSNATIONAL THREAT ELIMINATION TRAINING FACILITY" IN ISLAMABAD" with the reference of "P158370"

2. The Federal Investigation Agency (FIA) invites RFP through EPADS v2.0 from eligible Bidders registered on EPADS v2.0 for provision of Consultancy Services.

3. Single Stage-Two Envelope Procedure of Principal Method of Procurement (i.e. Open Competitive Bidding) will be used by adopting Quality and Cost Based Selection (QCBS) Technique for the subject procurement, in line with the Public Procurement Rules, 2004 and any Regulations, and Instructions issued by the Authority (from time to time).

4. All proposals must be accompanied by a Bid Security described in Bid Security Section in Bidding Document in the form of Pay Order or Bid Securing Declaration on the prescribed format described.

5. E-Bidding documents, containing detailed terms & conditions, specifications and requirements etc. are available on e-Pak Acquisition and Disposal System (EPADS) https://epads.gov.pk/opportunities/federal/procurements/158370.

6. The RFP, prepared in accordance with the instructions in the e-Bidding documents, must be submitted through EPADS v2.0 on or before Wednesday, November 4, 2026 11:00 AM. Proposals will be opened on the same day at Wednesday, November 4, 2026 11:30 AM. Manual submission of RFPs shall not be entertained. Those consultants/Firm who have Page 1 of 70 e-Pak Acquisition and Disposal System (EPADS) generated document | © 2026 not yet registered on the new version of EPADS v2.0, may register themselves on https://vendors.epads.gov.pk/. A tutorial to explain the registration process is available at https://www.youtube.com/watch?v=MNW6T38v7tc

In terms of Rules 48 of Public Procurement Rules, 2004 Grievance Redressal Committee (GRC) is notified for the subject procurement and notification copy is available on the procuring agency's website and also available on EPADS v2.0 as well as Authority's website at (www.ppra.org.pk).

Federal Investigation Agency (FIA),
Superintendent Admin
Sector G-9/4, Islamabad Capital Territory
+92-332-411-1232
superintendent.storefiahq@fia.gov.pk

PID(I) 3521 / 26

PAKISTAN AIRPORTS AUTHORITY

پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی

تصحیح

ہیڈکوارٹرز پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی
بولیاں مطلوب ہیں

تمام متعلقین کی آگاہی کے لیے مطلع کیا جاتا ہے کہ مذکورہ کام کے لیے بولی جمع کروانے اور کھولنے کی تاریخ میں درج ذیل کے مطابق ترمیم کی گئی ہے:

EPADS No.	Description & Bid No.	Bid Submission Date/Time	Bid Opening Date/Time/Place
P-106282	Procurement of UAV Based Navigational AIDS Inspection System (with Training, Testing and Commissioning) **I/T No. HQPAA/1992/375/XXLN**	02-11-2026 1100 Hrs	02-11-2026 1130 Hrs Log. Center (S) (Log. ANS Branch)

باقی تمام دفعات میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ یہ تصحیح پی پی آر اے کی ویب سائٹس www.ppra.org.pk اور www.pa.epads.gov.pk اور پی اے اے کی ویب سائٹ www.paa.gov.pk پر بھی موجود ہے۔

ایڈیشنل ڈائریکٹر لاجسٹکس (اے این ایس)
ہیڈکوارٹرز پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی
فون: 021-9907-2265 فیکس: 021-9924-2675
www.paa.gov.pk

PID(K)1296/26

Daily BOLAN HUB Balochistan روزنامہ بولان حب بلوچستان

موبائل حب : 0336-6113760
فون حب : 0853-310202
فیکس حب : 0853-310202
موبائل کوئٹہ : 0300-8380280
موبائل اسلام آباد : 0309-7900035

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آرسی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

غزہ کی جنگ

اسرائیل کا سرکاری موقف ہے کہ غزہ سے حراست میں لیے گئے سب لوگ حماس یا اسلامک جہاد کے دہشت گرد ہیں۔اس دعوی کے برعکس اسرائیلی ملٹری انٹیلی جینس کے کلاسیفائیڈ ڈیٹا سے اندازہ ہوتا ہے کہ پچیس فیصد قیدیوں کے بارے میں توشبہ ہوسکتا ہے کہ وہ بلاواسطہ یا براہِ راست اسرائیل مخالف تنظیموں کی مدد کرتے رہے یا کبھی نہ کبھی رابطے میں رہے مگر پچھتر فیصد عام شہری ہیں۔ان کا کسی مسلح تنظیم سے کوئی لینا دینا نہیں۔ان میں طبی شعبے سے منسلک افراد، اساتذہ، سرکاری ملازم، قلم کار، میڈیا ورکرز، بیمار، معذور، معمر اور بچوں سمیت ہر طرح کے لوگ شامل ہیں۔جنوبی اسرائیل کے بدنام زمانہ سدی تمیم قید خانے میں اتنے معمر اور بدحال قیدی بھی ہیں کہ ان کے لیے جیل میں الگ شیڈ بنانا پڑ گیا۔ان میں وہ مریض بھی ہیں جنھیں غزہ کے اسپتالوں میں بستروں سے کھینچ کے گاڑیوں میں بھر کے یہاں پہنچایا گیا۔بہت سے وہیل چیرز سمیت اٹھالیے گئے۔برطانوی اخبار گارجین، اسرائیلی آن لائن جریدے نائن سیون ٹو اور لوکل کال کی مشترکہ تحقیقاتی ٹیم کو اسرائیلی ملٹری انٹیلی جینس کا جو ڈیٹا ہاتھ لگا اس میں سینتالیس ہزار افراد کو بطور دہشت گرد کلاسیفائی کیا گیا۔یہ فہرست مسلسل اپ ڈیٹ ہوتی رہتی ہے۔ان میں سے صرف ساڑھے چودہ سو افراد کو باقاعدہ گرفتار ظاہر کیا گیا۔تین سو نام ایسے ہیں جن کے بارے میں ملٹری انٹیلی جینس کو یقین ہے کہ وہ سات اکتوبر دو ہزار تیئس کو جنوبی اسرائیل پر ہونے والے حملے میں ملوث ہیں۔مگر دو برس گذرنے کے باوجود انھیں کسی عدالت کے سامنے پیش نہیں کیا گیا۔

باقی گرفتاروں کو غیر قانونی جنگجوؤں کی کیٹگری میں دکھایا گیا ہے۔اس کیٹگری کا فائدہ یہ ہے کہ عام شہریوں کو بنا فردِ جرم عائد کیے غیر معینہ مدت تک حراست میں رکھا جا سکتا ہے۔قیدیوں کی قانونی معاونت کرنے والی انسانی حقوق کی ایک فلسطینی تنظیم المیزان سینٹر کا کہنا ہے کہ اسرائیل اب بھی بے گناہ قیدیوں کی تعداد کم کر کے پیش کر رہا ہے۔المیزان کا اندازہ ہے کہ ہر چھ یا سات میں سے صرف ایک گرفتار شخص کا اسرائیل مخالف تنظیموں سے تعلق یا ہمدردی ہوسکتی ہے۔یعنی ستر فیصد قیدی کسی لینے دینے میں نہیں۔

اسرائیل کا دعوی ہے کہ دو ہزار قیدیوں کو تفصیلی چھان پھٹک کے بعد رہا کر دیا گیا ہے۔فوجی ذرائع کے مطابق رواں برس مئی تک دو ہزار سات سو پچاس قیدیوں کو باضابطہ طور پر غیر قانونی جنگجو قرار دیا گیا۔جب کہ ایک ہزار پچاس کو حماس کے ساتھ جنوری میں ہونے والے عارضی جنگ بندی کے سمجھوتے کے تحت رہائی نصیب ہوئی۔رہائی پانے والوں میں الزائمر میں مبتلا بیاسی سالہ فہیمہ الخالدی بھی شامل ہیں جنھیں دسمبر دو ہزار تیئس میں معمر لوگوں کی طبی دیکھ بھال کے ایک مرکز سے گرفتار کر کے چھ ہفتے تک بطور غیر قانونی جنگجو حراست میں رکھا گیا۔فہیمہ کی یادداشت بالکل ختم ہے۔اسرائیل کے انا توت نظر بندی مرکز میں جب فہیمہ نے خاردار باڑھ سے الجھ کے خود کو زخمی کر لیا تب نظر بندی مرکز کے طبی عملے کو ان کی بیماری کی شدت کا علم ہوا۔فہیمہ کو نہ اپنی عمر یاد ہے اور نہ یہ احساس کہ وہ گرفتار ہیں۔مگر اسرائیلی ملٹری انٹیلی جینس بضد ہے کہ فہیمہ کو مصدقہ اطلاعات ملنے پر حراست میں لیا گیا۔معذور یا بیمار بھی دہشت گردوں کے آلۂ کار ہو سکتے ہیں۔

ایک انٹیلی جنس اہلکار نے القسام بریگیڈ کے کمانڈر محمد دائف کی مثال دی جن پر اسرائیل نے سات قاتلانہ حملے کیے اور دو ہزار چودہ میں وہ اسی طرح کے ایک حملے میں زخمی ہونے کے سبب وہیل چیر استعمال کرتے رہے) باور کیا جاتا ہے کہ محمد دائف گذشتہ برس ایک حملے میں شہید ہوگئے سدی تمیم کی جیل کے طبی عملے میں سے ایک نے بتایا کہ ایک حاملہ خاتون کو بھی یہاں لایا گیا جس کا خوف کے سبب مس کیرج ہوگیا۔ایک اور قیدی عورت کو اپنا شیر خوار بچہ ساتھ رکھنے کی بھی اجازت نہیں ملی۔

چالیس سالہ ابیرہ غبان کو دسمبر دو ہزار تیئس میں ایک فوجی چیک پوسٹ پر روکا گیا۔ان کے ہمراہ دس سالہ بچی اور نو اور سات برس کے دو بیٹے تھے۔تینوں بچوں کو وہیں تنہا چھوڑ دیا گیا۔ابیرہ کو حماس کے ایک مطلوب شخص کی بیوی ہونے کے شبہے میں گرفتار کیا گیا۔چھان بین سے معلوم ہوا کہ ابیرہ کا شوہر دراصل اسرائیل کو مطلوب شخص کا محض ہم نام ہے اور ابیرہ کی گرفتاری اسی کنفیوژن کا نتیجہ تھی۔عبیرہ ترپن روز بعد رہا ہو کر گھر پہنچی تو اسے معلوم ہوا کہ تینوں بچے اس دوران سڑک پر بھیک مانگ کر گذارہ کرتے رہے۔

غیر قانونی جنگجوؤں کے قانون کے تحت قیدیوں کو پینتالیس دن تک عدالت میں پیش کیے بغیر اور پچھتر دن تک وکیل تک رسائی کے بنا حراست میں رکھا جا سکتا ہے۔مگر سات اکتوبر کے بعد اس قانون میں مزید تبدیلی کے نتیجے میں عدالت تک رسائی پچھتر روز اور قانونی امداد تک رسائی ایک سو اسی دن تک روکی جا سکتی ہے۔سات اکتوبر دو ہزار تیئس کے بعد سے جتنے لوگ گرفتار ہوئے ان میں سے کسی پر مقدمہ نہیں چلایا گیا۔انسانی حقوق کی تنظیموں کو بھی ان قیدیوں کے کوائف کے بارے میں تھوڑی بہت تفصیلات تب مل پائیں جب عدالت سے رجوع کیا گیا۔جن قیدیوں کو تفتیش کے بعد آزاد کر دیا جاتا ہے وہ بھی آنکھوں میں کھٹکتے ہیں۔جب غزہ کے الشفا اسپتال کے ڈائریکٹر محمد ابو سالمیا کو بہیمانہ تشدد کے بعد رہا کیا گیا تو اسرائیلی پارلیمنٹ کنیسٹ کی قائمہ کمیٹی برائے آئین و قانون کے سربراہ سمچا روتھمین نے احتجاج کیا کہ ان قیدیوں کو حماس کی قید میں موجود یرغمالیوں کی رہائی کے لیے سودے بازی کے بغیر کیوں چھوڑا جا رہا ہے؟

افغان طالبان اور پی ٹی آئی

پاکستان تحریک انصاف نے کئی پالیسیاں اپنائیں جو نہ صرف ملک کے اندر بلکہ عالمی سطح پر بھی تنقید کا نشانہ بنیں۔ان پالیسیوں میں سے ایک خیبر پختونخوا کے وزیر اعلی، جناب علی امین گنڈا پور کی افغان طالبان سے براہ راست مذاکرات کی کوششیں ہیں۔یہ قدم نہ صرف آئینی حدود سے تجاوز ہے بلکہ پاکستان کی سلامتی اور بین الاقوامی تعلقات کے حوالے سے بھی خطرات پیدا کر سکتا ہے۔پاکستان کے آئین کے تحت بین الاقوامی معاملات اور خارجہ پالیسی پر فیصلے کرنے کا حق صرف وفاقی حکومت کو حاصل ہے، کسی بھی صوبے کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ خود مختار طور پر بین الاقوامی سطح پر کوئی قدم اٹھائے۔سوال پیدا ہوتا ہے کہ وزیر اعلی گنڈا پور کو افغان طالبان سے براہ راست مذاکرات کرنے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی؟ کیا وفاقی حکومت اس عمل سے آگاہ تھی؟ کیا یہ قدم پاکستان کی خارجہ پالیسی کے اصولوں کے مطابق تھا؟ ان سوالات کا جواب نہ صرف پی ٹی آئی کو دینا ہوگا بلکہ ملک کے عوام کو بھی ان اقدامات کے پس پردہ حقائق سے آگاہ کرنا ضروری ہے۔تحریک انصاف کی قیادت اور طالبان کے درمیان قربت اب کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں رہی۔مختلف مواقع پر پی ٹی آئی کی حکومت نے طالبان کیساتھ نرم رویہ اختیار کیا، جو نہ صرف پاکستان کی اندرونی سیکورٹی کیلئے نقصان دہ ثابت ہو رہا ہے بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی ملک کی ساکھ کو نقصان پہنچا رہا ہے۔پاکستان میں طالبان کی موجودگی اور تحریک انصاف کی قیادت کی جانب سے انکے ساتھ تعلقات میں نرمی دہشت گردی کے خطرات کو مزید بڑھا سکتی ہے، خاص طور پر خیبر پختونخوا اور بلوچستان جیسے صوبوں میں جہاں دہشت گرد گروہ پہلے ہی متحرک ہیں۔افغان طالبان اور تحریک طالبان پاکستان (TTP) کے درمیان تاریخی طور پر روابط موجود ہیں، اور یہ روابط تحریک طالبان پاکستان کو تقویت دینے کا باعث بن سکتے ہیں۔افغان طالبان کیساتھ مذاکرات کا عمل تحریک طالبان پاکستان کیلئے بھی حوصلہ افزا ثابت ہو سکتا ہے۔خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں پہلے ہی دہشت گردی کا سامنا کرنے والے عوام اور سیکورٹی فورسز کو یہ پیغام جائے گا کہ حکومت طالبان کے ساتھ نرم رویہ رکھ رہی ہے، جس سے ان گروہوں کی کارروائیاں مزید بڑھ سکتی ہیں۔ان صوبوں میں نہ صرف امن و امان کی صورتحال مزید خراب ہو سکتی ہے بلکہ ترقیاتی منصوبے اور سرمایہ کاری کے امکانات بھی معدوم ہو سکتے ہیں، کیونکہ ایسی صورتحال میں سرمایہ کار اور ترقیاتی ادارے خوفزدہ ہو جاتے ہیں۔افغان طالبان کے ساتھ پی ٹی آئی کی مذاکراتی پالیسی کا ایک اور نتیجہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ بلوچستان میں تحریک طالبان پاکستان کی سرگرمیاں مزید بڑھ جائیں۔بلوچستان پہلے ہی دہشت گردی اور علیحدگی پسندی کا شکار ہے، اور افغان طالبان کے ساتھ کسی بھی قسم کے تعلقات سے وہاں کی صورتحال مزید خراب ہو سکتی ہے۔تحریک طالبان پاکستان کو افغان طالبان کی حمایت ملنے سے وہ بلوچستان میں اپنی جڑیں مضبوط کر سکتی ہے، جس سے صوبے کی صورتحال مزید کشیدہ ہونے کا قوی اندیشہ ہے۔پی ٹی آئی کی قیادت کو یہ بھی سمجھنا چاہیے کہ افغان طالبان کے ساتھ مذاکرات کی پالیسی ملکی داخلی سیاست پر بھی اثر انداز ہو سکتی ہے۔اس پالیسی پر پاکستان کی دیگر سیاسی جماعتوں اور عوامی حلقوں کی جانب سے شدید تنقید کی جا سکتی ہے۔عوام کے ذہنوں میں یہ سوال پیدا ہو سکتا ہے کہ کیوں ایک ایسی تنظیم کے ساتھ مذاکرات کیے جا رہے ہیں جس نے ہزاروں بے گناہ لوگوں کو نشانہ بنایا اور ملک میں دہشت گردی کو فروغ دیا؟۔پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف طویل اور سخت جنگ لڑی ہے، جس میں ہزاروں فوجیوں اور شہریوں نے جام شہادت نوش کیا ہے اور اب بھی کر رہے ہیں۔پی ٹی آئی کو اس حقیقت کا ادراک کرنا چاہیے کہ افغان طالبان کے ساتھ مذاکرات نہ صرف آئینی خلاف ورزی ہیں بلکہ یہ پاکستان کی سلامتی کیلئے بھی سنگین خطرات پیدا کر سکتے ہیں۔تحریک طالبان پاکستان کو اس پالیسی سے حوصلہ مل سکتا ہے، اور خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں ان کی سرگرمیاں مزید بڑھ سکتی ہیں۔عالمی سطح پر پاکستان کو تنقید کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، اور ملک کی ساکھ کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔اس لیے پی ٹی آئی کی قیادت کو اپنی پالیسیوں پر نظر ثانی کرنی چاہئے، اور دہشت گردی کے خلاف سخت موقف اپنانا چاہیے تاکہ ملک میں امن و استحکام قائم ہو سکے۔ملک کو اس وقت قومی یکجہتی اور دہشت گردی کیخلاف مضبوط حکمت عملی کی ضرورت ہے۔خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے عوام پہلے ہی دہشت گردی کے ہاتھوں مشکلات کا شکار ہیں، اور انہیں ایک ایسی قیادت کی ضرورت ہے جو ان کی حفاظت اور ترقی کو یقینی بنا سکے۔پی ٹی آئی کی حکومت کو اپنے اقدامات پر غور کرنا ہوگا، اور یہ سمجھنا ہوگا کہ بین الاقوامی تعلقات اور خارجہ پالیسی وفاقی حکومت کا دائرہ کار ہیں، اور صوبائی حکومتوں کو ان معاملات میں مداخلت سے گریز کرنا چاہئے۔

ٹارزن سیاست میں

تحریر: طارق شاداب

آپ نے ٹارزن کا نام ضرور سنا ہوگا۔اگر نہیں سنا ہے تو پھر یہ بہت افسوس ناک بات ہے۔اسکا مطلب یہ ہوا کہ آپ کھوئے ہوئے، غافل اور مستغرق رہتے ہیں۔آپ کے اردگرد کیا ہو رہا ہے، کیسے کیسے گل کھلائے جا رہے ہیں، آپ نہیں جانتے۔یا پھر آپ بہت چھوٹے ہیں۔ننھے منے ہیں، علم اور ابلاغ کے سنہری دور کے بعد اس دلفریب دنیا میں تشریف لے آئے ہیں۔دیر سے اس دنیا میں آنے کا ملال آپ کو اسلئے بھی ہو رہا ہوگا، کیونکہ کھانے کیلئے اپ کو پکی پکائی روٹی مل رہی ہے۔آپ کو آٹا گوندھنے کی زحمت اٹھانی نہیں پڑتی ہوگی۔میں جس دور کی بات کر رہا ہوں، اس دور میں تب رنگین ٹیلیویژن، فون کے بعد موبائل فون ایجاد کرنے کی سعی ہو رہی تھی۔دنیا میں کچھ بھی اچانک، آنکھ جھپکتے ایجاد نہیں ہوتا۔تیر کمان کو مشین گن اور کلاشنکوف بننے میں برسہا برس لگ جاتے ہیں۔مقصد وہی رہتا ہے۔فاصلے سے دشمن کو ٹھکانے لگانا۔ہمارے دور میں ٹارزن کے قصے کہانیاں، اسکیچ کے ساتھ اخبارات میں شائع ہوتے تھے۔ٹارزن کے قصے کہانیوں کیساتھ کیپٹن مارویل اور رابن ہڈ کے قصے کہانیاں بھی اخبارات میں شائع ہوتے تھے۔مگر جو بات ٹارزن کے قصے کہانیوں میں ہوتی تھی، وہ بات رابن ہڈ اور کیپٹن مارویل کے قصے کہانیوں میں نہیں ہوتی تھی۔مشہور تھا کہ پڑھنے والے صبح سویرے اخبارات میں شہ سرخیاں پڑھنے سے پہلے ٹارزن کی قسط وار کہانیاں پڑھتے تھے۔قصے کہانیوں والا ٹارزن آپ کی اور میری طرح آدمی ہوتا تھا۔مگر وہ سوٹ بوٹ اور نیکٹائی نہیں لگاتا تھا۔وہ صرف جانگیا پہنتا تھا۔چونکہ ٹارزن جنگلوں کا باسی تھا اور کسی دفتر میں سرکاری افسر لگا ہوا نہیں تھا، اسلئے وہ ایک جانگیے پر اکتفا کرتا تھا اور سوٹ بوٹ، کوٹ پہن کر اور ٹائی لگا کر افسر یعنی بیوروکریٹ نظر آنے کی کوشش نہیں کرتا تھا۔وہ کمزور اور ناتواں جانوروں کی حفاظت کرتا تھا۔چھوٹے موٹے جانوروں کو خونخوار جانور کے قہر سے بچاتا تھا۔شیروں، چیتوں اور مگرمچھوں سے لڑ سکتا تھا۔اسلئے کمزور اور ناتواں جانوروں میں مقبول تھا۔بدلتے ہوئے حالات کے پیش نظر ٹارزن ناپید ہوتے جا رہے ہیں۔سنا ہے کہ وہ مائیں مرگئی ہیں جو ٹارزن کو جنم دیتی تھیں۔اب تو شاذ و نادر ہی ٹارزن دکھائی دیتے ہیں۔میں جس ٹارزن کا قصہ آپ کو سنا رہا ہوں، وہ ٹارزن سجن بیپروا کے نام سے مشہور تھا۔ٹارزن کسی کی پروا نہیں کرتا تھا سوائے اپنی گول مٹول گرل فرینڈ کے۔اتفاقاً ہمارے پڑوس میں ایک دبلا پتلا، کمزور اور مریل پڑوسی رہتا تھا۔اس کا نام سجن تھا۔وہ سب کی پروا کرتا تھا۔وہ درختوں، بجلی کے کھمبوں اور ڈھکن کے بغیر کھلے ہوئے گٹروں کو بھی احتراماً سلام کرتا تھا۔اس کے برعکس ٹارزن سوائے اپنی پلپلی گرل فرینڈ کے کسی کی پروا نہیں کرتا تھا لہٰذا لوگوں نے ٹارزن کو سجن بے پروا کے لقب سے نوازا تھا۔ایک مرتبہ نہ جانے کیا ہوا۔ٹارزن کو بیٹھے بٹھائے سیاستدان بننے کا شوق چرایا۔دو چار دوستوں سے مشورہ کرنے کے بعد ٹارزن نے ٹارزنی چھوڑ دی اور غریب ہم وطنوں کی خدمت کرنے کا بیڑا اٹھالیا۔دوستوں نے محسوس کرایا کہ ٹارزن عرف سجن بیپروا سیاست کی س سے بھی واقف نہیں تھا۔ٹارزن

سیاسی استحکام

تحریر: ڈاکٹر مجاہد اختر منصوری

قومی صراط مستقیم

26ویں آئینی ترمیم

تحریر: خزیمہ انصاری

سینہ زوری

تحریر: اسحاق ساقی

عمران خان کا ریاست دشمن ایجنڈا

تحریر: وسیم کھوڑو

آئی ایم ایف پروگرام

تحریر: ہمدان عبداللہ

پاکستان کا حقیقی امیج

تحریر: طاہر عزیز

Daily
BOLAN
Hub Balochistan

SPECIAL EDITION
سپیشل ایڈیشن

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون وفیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے
Mobile: 0336-6113760

ٹیکنالوجی کی لت کی 25 وجوہات

15 مضر اثرات، 8 تدارک کے طریقے

مفتی قیام الدین قاسمی

چونکہ معاشرے کا سب سے اہم فرد نوجوان ہے اور ہمیں ان پر محنت کرنی ہے اور کسی بھی چیز کو راہ راست پر لانے کے لیے اس کو اولاً سمجھنا ضروری ہوتا ہے تو آیئے ان کی زندگی کی مشغولیات کا تجزیہ کرتے ہیں۔

جیسے جیسے ہماری زندگی میں ٹکنالوجی کا استعمال بڑھتا جارہا ہے ویسے ویسے ہماری ایڈکشن اور لت میں اضافہ ہوتا جارہا ہے، اور اگر ہم نے ٹکنالوجی کے غلط استعمال کی لت کی وجوہات کو ڈیکوڈ کرلیا اور تجزیہ کرلیا تو سمجھئے ہم اگلے چار پانچ سو سال کی پلاننگ آرام سے کرسکتے ہیں کیوں کہ فی الحال ہماری زندگی کے اکثر حصوں پر ٹکنالوجی قابض ہے اور آگے چل کر یہ تناسب ننانوے کے آنکڑے کو آرام سے پار کرجائے گا۔

ہم ان کی زندگی کو سب سے پہلے دو حصوں میں تقسیم کرتے ہیں اسکرینی زندگی اور حقیقی زندگی

اسکرینی زندگی سے مراد جہاں وہ موبائل، ٹیبلیٹ یا لیپ ٹاپ کی اسکرین کا استعمال کرتا ہے

اب اسکرینی زندگی میں آدمی عموماً ان عادتوں میں مشغول ہوتا ہے:

1 سوشل میڈیا: ہارورڈ یونیورسٹی کے ریسرچر ٹریور ہائنیس کے مطابق دماغ میں ایک ترسیلاتی کیمیکل ہے ڈوپامین (dopamine) جو بہت زیادہ خوشی کے وقت ریلیز ہوتا اور نکلتا ہے جس کا تعلق بنیادی طور پر کھانے، ایکسر سائز، محبت، مجامعت، ڈکیتی اور ڈرگ سے تھا مگر اس لسٹ میں سوشل میڈیا بھی شامل ہوگیا ہے، یعنی سوشل میڈیا پر ایک لائک ملنے کے بعد اتنا ہی ڈوپامین نکلتا ہے جتنا کہ ڈرگ لینے کے بعد اور اسی لیے یہ بجا طور پر کہا جاسکتا ہے کہ انسان کو سوشل میڈیا کی لت لگ گئی ہے اور چوں کہ یہ لت ایسی ہے جسے سماج میں برا بھی نہیں مانا جاتا اور جس کا حصول بھی محض انگلیوں کی حرکت پر موقوف ہے اس لیے یہ شراب اور ڈرگ سے بھی بری عادت بن جاتی ہے۔

نیز statista کی رپورٹ کے مطابق ساڑھے تین بلین (ساڑھے تین ارب) لوگ میٹا (فیسبک) کے پروڈکٹس مثلاً واٹس ایپ، فیسبک، میسنجر، انسٹا گرام میں سے کوئی نہ کوئی پلیٹ فارم استعمال کرتے ہیں، اور ساڑھے تین سو ملین (تمیں کروڑ) یوزرس کے ساتھ ہندوستان سب سے زیادہ فیسبک استعمال کرنے والا ملک ہے اور نوجوانوں میں سب سے زیادہ پاپولر ایپ انسٹاگرام پر بھی 192 (تقریباً بیس کروڑ) ملین یوزرس کے ساتھ انڈیا ہی نمبر ایک پر ہے۔

2 ویڈیوز دیکھنا: مثلاً انسٹاگرام کی ریلز، یوٹیوب ویڈیوز یا نیٹ فلکس پہ موویز اور ویب سیریز دیکھنا۔

3 کنٹینٹ میکنگ مثلاً ٹک ٹاک پہ لپ سنگنگ (lip syncing) ہونٹوں کو ڈائلاگ یا گانے کے بول کے مطابق کرکے ویڈیوز بنانا جس کا مطلب ہے خود جس قابل نہیں ہے اس قابل ہونے کی ایکٹنگ کرنا اسی طرح انٹرٹینمنٹ کے دوسرے طریقے مثلاً میمز اور کامیڈی بنانا۔

4 پورن (چوں کہ یہ موضوع بہت حساس اور انتہائی اہمیت کا حامل ہے اس لیے اس پر ہم بعد میں بات کریں گے ان شاءاللہ)۔

5 گیم کھیلنا مثلاً پب جی اور فری فائر وغیرہ

رئیل لائف

1 فلمس 2 معاشقہ (اس کو بھی ایک الگ مضمون میں بیان کیا جائے گا ان شاءاللہ) 3 کیریئر بنانے کے لیے پڑھائی 4 اسپورٹس

تناسب کیا ہے؟

چوں کہ سوشل میڈیا، پورن اور گیمنگ وغیرہ ایک لت اور عادت ہیں اس لیے انسان جبراً پڑھائی گئی تعلیم کے علاوہ باقی سارے اوقات انہیں چیزوں میں عموماً صرف کرتا ہے

اسے ان چیزوں کی عادت کیوں لگ گئی ہے؟

اس لئے کہ یہ ایپس یوزر سینٹرڈ ڈیزائن (user centred design) کا استعمال کرتی ہیں جس میں صارف اور اس کی پسند مرکزی نقطہ ہوتا ہے لہذا یہ اپلیکیشنز پہلے انسان کی فطرت کا مطالعہ کرتی ہیں پھر ہر فرد کی ضروریات اور پسند پر ریسرچ کرتی ہیں اور پھر ان کے مطابق اس کے ہر جذبے اور خواہش کی تسکین کا ساماں اپنے ایپ کے ذریعے فراہم کرنے کی کوشش کرتی ہیں قطع نظر اس سے کہ وہ خواہشات صحیح ہیں یا غلط



آیئے ان جذبات، خواہشات کا تجزیہ کرتے ہوئے یہ دیکھتے ہیں کہ باطل ٹکنالوجی کو استعمال کرتے ہوئے کون کون سے حربے آزمارہا ہے:

1 جذبہ انعام (reward): انسان کو فطرتاً انعام کی امید ہوتی ہے اور یہ ایپس اسے انعامات سے نوازتی ہیں

2 جذبہ عجلت (haste): یعنی کم وقت میں وہ ایپ آپ کو اتنا قابل باور کرادیتا ہے جتنا قابل وہ پچیس تیس سال کی محنت کے بعد ہی بن سکتا تھا وکان الانسان عجولا

کمپنیاں اب اسی عجلت پسندی کو سامنے رکھتے ہوئے اپنے پروڈکٹس اور کنٹینٹ لانچ کررہی ہیں مثلاً پہلے تین گھنٹے کی فلمیں ہوا کرتی تھیں پھر جب نئی جنریشن کے لیے یہ بورنگ ہونے لگا تو ویب سیریز کو لانچ کیا گیا پھر آدھے گھنٹے کی شارٹ موویز اور اب ایک منٹ اور پندرہ سیکنڈ کی ویڈیوز کا ٹرینڈ چل رہا ہے

3 جذبہ جدت (novelty): انسان کی فطرت ہے کچھ نیا کرنا جو اس کو مختلف موضوعات کی طرف مسلسل منتقل ہونے کی دعوت دیتی ہے اور یہ ایپس اس فطرت کے عین مطابق ہر پندرہ سیکنڈ ایک منٹ کے بعد ایک نیا مواد دکھاتی ہیں

4 جذبہ طمانیت وراحت (satisfaction): مذکورہ چیزوں میں ملوث ہوکر انسان وقتی طور پر سکون محسوس کرتا ہے یہ سوچ کر کہ اتنے کم وقت میں مجھے اتنی ساری معلومات حاصل ہوگئیں یا اتنا سارا انٹرٹینمنٹ ہوگیا

5 جذبہ سستی وغفلت (procrastination): یہ ساری چیزیں اس کو محض انگلیاں حرکت دینے سے مل جاتی ہیں اس کو محنت نہیں کرنی پڑتی تو اس کے جذبہ سستی کو بھی تسکین مل رہی ہوتی ہے۔

6 جذبہ ندرت (Marvel wonder &): عجیب چیزوں کے دیکھنے کا شوق اس کی فطرت میں ہے اور بیٹھے بٹھائے ان ایپس سے دنیا کا ہر عجوبہ دیکھنے کو مل رہا ہے تو کیوں نہ دیکھے، اب تو ابنارملیٹی ایک نیا نارمل بن چکا ہے

7 جذبہ تعریف ومنقبت (admiration & complement): جو تعریف اسے رئیل زندگی میں نہیں ملتی وہ وہاں مل رہی ہوتی ہے مثلاً ادھر آپ نے فوٹو ڈالی کہ ادھر لائکس اور دل کے ریکٹ مل رہے ہوتے ہیں اور کمینٹ میں ماشاءاللہ سبحان اللہ سے نوازا جارہا ہوتا ہے، اور انسان کو اپنی تعریف کروانا پسند ہے

8 جذبہ مصنوعی زینت (beauty complex): انسان کی فطرت میں ہے خود کو حسین اور خوبصورت دکھانا، اب یہ ایپس بنا پیسے خرچ کئے آپ کو خوبصورت دکھنے کا موقع فراہم کررہے ہیں تو کیوں نہ جوان ایسے ایپس استعمال کریں

9 رنگت وصورت میں دلچسپی (colour & visualisation): کتابیں بلیک اینڈ وائٹ میں ہوتی ہیں اور ویڈیوز کلرفل، اور حضرتِ انسان رنگ اور کلر کا رسیا ہوتا ہے اسی طرح صورت کی طرف انسان کی توجہ جلدی مبذول ہوتی ہے بمقابلہ حروف کے اور یہ ایپس رنگینی ہائے عالم اور فطرت کی بوقلمونیوں سے ہمیں متعارف کرواتی ہیں

اور یہی وجہ ہے کہ آج کے جدید تعلیمی ادارے کلر اور تصویر کو اپنے سلیبس کا لازمی حصہ بنارہے ہیں، پی پی ٹی وغیرہ اس کی مثال ہیں

10 جذبہ سیر وسفر (travelling & expedition): انسانوں کی اکثریت گھومنے اور دنیا کے عجائبات فطرت کے نظاروں کو دیکھنے کی شوقین ہوتی ہے لیکن جب انسان دیکھتا ہے کہ میں جسمانی طور پر اتنے مقامات نہیں گھوم سکتا تو ویڈیو ہی کیوں نہ دیکھ لی جائے اور یہ ایپس وہ سہولتیں فراہم کررہی ہوتی ہیں

11 جذبہ برتری وفوقیت (superiority complex): ہر انسان کو بڑا بننے کا شوق ہوتا ہے لیکن وہ محنت نہیں کرنا چاہتا اور رئیل زندگی میں وہ کتنا ہی گیا گزرا کیوں نہ ہو کوئی اس کو پوچھتا بھی نہ ہو مگر فالوورز کی بڑھتی ہوئی تعداد اسے احساس برتری عطا کررہی ہوتی ہے

12 جذبہ تفریح (entertainment): آدمی کی دل چسپی کا ہر سامان وہاں موجود ہوتا ہے چاہے کسی گھٹیا چیز سے بھی دلچسپی کیوں نہ ہو

13 پیسے کمانے کی حرص (greed of wealth): یہ ایپس آپ کو انٹرٹینمنٹ کرتے ہوئے بھی پیسے کمانے کی ضمانت دیتی ہیں جس کی بنا پر آدمی گھنٹوں اس پر محنت کرتا ہے حالاں کہ اگر وہ رئیل ورلڈ میں اتنی محنت کسی اور شئی پر کرے تو اس سے کہیں زیادہ کماسکتا تھا مگر اس کے دماغ کی وائرنگ ایسے کی جاتی ہے کہ تم محنت تھوڑی کررہے ہو بس مستی اور انٹرٹینمنٹ کررہے ہو اور مستی کے بھی پیسے مل رہے ہیں

14 جذبہ عدم تنقید (criticism): انسان کی فطرت ہے کہ وہ چاہتا ہے کوئی اس پر تنقید نہ کرے اور وہاں کوئی روکنے ٹوکنے والا نہیں ہوتا وہ اپنی مرضی کا مالک ہوتا ہے

15 جذبہ عدم بدنامی وذلت (humiliation & degradation): انسان برے کاموں سے اس لئے بھی رکتا ہے تاکہ اس کی ذلت نہ ہو اور یہ ایپس آپ کو یہ موقع فراہم کرتی ہیں کہ آپ جتنی مرضی چاہیں غلط کام کریں کوئی آپ کو ذلیل کرنے والا نہیں ہوگا کیوں کہ آپ نے نام بدلا ہوا یا چھپایا ہوا ہے کوئی آپ کو جانتا ہی نہیں ہے کہ ذلت کی نوبت آئے

16 جذبہ شہرت اور جذبہ رجائیت (publicity and pessimism): کسی دور دراز دیہات میں واقع ایک ٹوٹے پھوٹے گھر میں بیٹھا شخص ایک ویڈیو بناتا ہے، اور یہ ایپ اس کو یہ امید دلاتا ہے کہ اگر ویڈیو وائرل ہوگئی تو بہت سارے لوگ لائک کمینٹ کریں گے اور وہ مشہور ہوجائے گا تو بنا کچھ خرچ کئے گھر بیٹھے کون ایسی شہرت نہیں چاہے گا؟

17 جذبہ طلب التفات (drawing attention): اسے دوسروں کی توجہ پسند ہوتی ہے اور سوشل میڈیا اسے لوگوں کی توجہ فراہم کرکے دیتا ہے

18 جذبہ شہوت (vulgarity): انٹرٹینمنٹ کے جلو میں ننگے پن کو غیر محسوس طور پر عام کیا جارہا ہے اور انسان شہوت کا بھوکا ہوتا ہے

20 جذبہ جستجو (exploration curiosity &): انسان کی کھوجی فطرت جو بھی سرچ کرتی ہے وہ اسے آسانی سے اس ایپ پر دستیاب ہوتا ہے اس لیے بھی آدمی یہ ایپس استعمال کرتا ہے

21 جذبہ تخلیقیت (creativity): اس کو یہ فیل اور محسوس ہوتا ہے کہ میں دنیا کو مواد دے رہا ہوں اسی لیے یہ فضول کے ایپس بھی اپنے بہترین ٹاپ یوزرس کو کنٹینٹ کریئٹر (مواد کا تخلیق کار) کے اوارڈ سے نوازتے ہیں، ہے نا مزے کی بات۔

اور تخلیقیت بھی کیسی؟ لپ سنگنگ جس میں آدمی الفاظ کے مطابق ہونٹ ہلانے اور ایکسپریشن دینے کے علاوہ اور کچھ نہیں کرتا۔

22 ماحول سے متاثر ہونا (adopting from surroundings): انسان اپنے ماحول کا پروردہ ہوتا ہے تو وہ جو چیز اپنے اردگرد دیکھتا ہے کرتے ہوئے وہی کرنا شروع کردیتا ہے، تو کمپنیاں صرف صارف کی پسند کا خیال نہیں رکھ رہی ہوتیں بلکہ کچھ ایجنڈوں کے ساتھ وہ ایڈورٹائزنگ وغیرہ کے ذریعے ہمارے خواہشات کو کنٹرول بھی کررہی ہوتی ہیں، پھر جب انسان اس برائی کو معاشرے میں عام دیکھتا ہے تو خود بھی اس میں ملوث ہوجاتا ہے

23 عدم مقصدیت (lack of objectivity): چوں کہ اس کی زندگی کا کوئی خاص مقصد ہے نہیں اسی لئے وہ اپنی زندگی بس انٹرٹینمنٹ اور تفریح کے حوالے کردیتا ہے

کل ملا کر ان ایپس کے ایڈکشن کی وجہ ہے ہر قسم کی ویڈیوز مثلاً انٹرٹینمنٹ، معلوماتی، جذباتی، شہوانی، اخلاقی اور جمالیاتی ویڈیوز کا ایک ہی جگہ سمٹ کر آجانا، اسی طرح یہ ایپس لپ سنگنگ کے ذریعے اپنے جذبات کے اظہار اور ایکٹنگ کے ذریعے اپنے ٹیلینٹ کے مظاہرہ کا موقع بھی فراہم کررہی ہوتی ہیں

24 مشن (mission): پب جی اور فری فائر گیم میں مذکورہ وجوہات کے ساتھ ساتھ اس کو ایک مشن بھی دیا جاتا ہے اور انسان کی فطرت ہے مقصدیت، وہ بغیر مقصد اور مشن کے زیادہ دن خوشی خوشی نہیں گزار سکتا خواہ وہ فیک اور غلط ہی کیوں نہ ہو، اب پب جی اور فری فائر ان کو وہ مقصد اور مشن فراہم کررہا ہے

25 جذبہ تقابل (competition & comparison): ہم ایک curated life جینے لگے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ دوسروں کی زندگیوں کی سب سے بہترین چیزوں اور لائف اسٹائل کو لے کر خواہ وہ مصنوعی اور فیک کیوں نہ ہو اپنی زندگی کی سب سے بدترین چیزوں سے موازنہ کررہے ہوتے ہیں، اور وہ لوگ پھر اپنے لیے اس شخص کو آئیڈیل بنالیتے ہیں مطلب ان کی زندگی کی کمیاں اور ہماری زندگی کی خوبیاں ہماری نظروں سے اوجھل ہوتی ہیں، جس کا نتیجہ عموماً ڈپریشن اور مایوسی کی صورت میں باہر آتا ہے

25 باطل نے ہر لفظ کا مفہوم بدل کر رکھ دیا ہے (change the culture by changing norms or meaning of norms): یہ باطل کا سب سے بڑا حربہ ہے کہ وہ یا تو کسی برائی کو اچھے نام سے تبدیل کردیتے ہیں مثلاً ایک لفظ ہے رنڈی دوسرا لفظ ہے طوائف، تیسرا ہے ویشیا، چوتھا لفظ ہے پروسٹیٹیوٹ (prostitute) اور پانچواں لفظ ہے اسکورٹ escorts اور پانچوں کے معنی ایک ہی ہیں لیکن ہر لفظ سے پیدا ہونے والی قباحت کو اپنے ذہنوں میں لایئے آسمان زمین کا فرق نظر آئے گا

اسی طرح لفظ وہی ہے مگر اس کے مفہوم کو بدل دیا جاتا ہے جیسے اسلام کو انفرادیت میں محدود کردینا، ڈانس کو کلچر کا حصہ بنانا، انٹرٹینمنٹ میں فحاشی کا مفہوم شامل کردینا وغیرہ وغیرہ، اور اس کام کے لیے انہوں نے ٹکنالوجی کا بہت موثر استعمال کیا ہے

اس کے کیا مضر اثرات ہورہے ہیں؟

1 عدم ارتکاز: اتنی ساری مشغولیات اس کی زندگی میں ہیں کہ وہ کسی ایک چیز پر چاہ کر بھی فوکس نہیں کرسکتا۔

2 جہل میں اضافہ: آج کم وقت میں ہم کو ڈھیر ساری معلومات حاصل ہورہی ہوتی ہیں جو ہمیں بہت زیادہ معلوماتی آدمی تو بناتی ہیں مگر ان معلومات کی پروسیسنگ اور تجزیے کا وقت ہی نہیں ملتا جو کہ علم کی بنیاد ہے تو ہم انفارمفل اور معلوماتی تو بن رہے ہیں مگر نالج اور علم وحکمت والے نہیں بن پارہے۔

3 جہل مرکب: وہ یہ سمجھ رہا ہوتا ہے کہ میرے پاس جتنی معلومات ہیں اتنی کسی اور کے پاس نہیں ہیں لہذا میں سب سے بڑا عالم ہوں مجھے سب کچھ آتا ہے حالاں کہ اس کی حیثیت گدھے پر لدے کتابوں سے زیادہ کچھ نہیں، اسی لیے میں اس انفارمیشن کو انفارمیشن نیوکلیئر بم کہا کرتا ہوں جس نے انسان کے ذہن کو تباہ و معطل کرکے رکھ دیا ہے۔

فرینکلن یونیورسٹی شکاگو کی رپورٹ کے مطابق اب انسان کی عام توجہ کا عرصہ گھٹ کر صرف آٹھ سیکنڈ رہ گیا ہے اور اس کی سب سے بڑی وجہ ہے انفارمیشن اور معلومات کی بھرمار۔

4 ڈپریشن اور مایوسی: پھر اس نے اپنی مصنوعی زندگی میں ملنے والی گالیوں، غلط رویوں اور چھوٹے چھوٹے واقعات اور پریشانیوں کو اپنے اوپر سوار کرلیا اور یوں وہ ڈپریشن کا شکار ہوگیا۔

5 سیلفش: اس کو اپنے خیالات ومشغولیات اور انٹرٹینمنٹ سے اتنی فرصت ہی نہیں ہے کہ وہ کسی اور کے بارے میں سوچے۔

6 بدزبانی: مصنوعی دنیا کی خصوصیت یہ ہے کہ وہاں کوئی دیکھ ریکھ کرنے والا تنبیہ کرنے والا روکنے ٹوکنے والا نہیں ہوتا پھر وہاں ایک شریف انسان بھی وحشی بھیڑیا۔

☆☆☆

کبھی اے نوجواں مسلم! تدبر بھی کیا تو نے؟

نوجوانی کی عمر انسان کی زندگی کا قوی ترین دور ہوتا ہے۔ بلاشبہ نوجوان ہی امت مسلمہ کا قیمتی سرمایہ ہے۔ باہمت، باشعور، متحرک، پرجوش اور پرعزم نوجوان ہر زمانے میں اسلامی انقلاب کے نقیب رہے ہیں وہ قومیں خوش نصیب ہوتی ہیں جن کے نوجوان فولادی ہمت اور بلند عزم واستقلال کے مالک ہوتے ہیں۔ کامیابی ہمیشہ ان قوموں کا مقدر ہوتی ہے جن کے نوجوان مشکلات سے گھبرانے کے بجائے دلیری سے مقابلہ کرنے کا ہنر جانتے ہو۔ وہ قومیں ہمیشہ سرخرو رہتی ہیں جن کے نوجوان طوفانوں سے ٹکرانے کا حوصلہ رکھتے ہو۔ جوانی وہ عرصِ حیات ہے کہ جس میں ہمتیں جوان اور حوصلے بلند ہوتے ہیں۔

محترم قارئین! یہی وجہ ہے کہ انبیاءؑ ہر دور کے مصلحین کی انقلابی پکار پر نوجوانوں نے ہی سب سے زیادہ توجہ دی ہے۔ اسلامی تاریخ میں اس حوالے سے بے شمار واقعات موجود ہیں۔ اور قرآن مجید میں بھی متعدد مقامات پر اسلام پسند نوجوانوں کے تذکرے ملتے ہیں۔ چنانچہ اللہ تعالی نے اصحاب الکہف کے بارے میں فرمایا:

وہ چند نوجوان تھے جو اپنے پروردگار پر ایمان لے آئے اور ہم نے انہیں مزید رہنمائی بخشی، اور ہم نے ان کے دلوں کو اس وقت مضبوط کردیا جب انہوں نے کھڑے ہوکر اعلان کیا کہ: ”ہمارا رب تو وہی ہے جو آسمانوں اور زمین کا رب ہے۔ ہم اس کے سوا کسی اور اللہ کو نہیں پکاریں گے۔ اگر ہم ایسا کریں تو یہ ایک بعید از عقل بات ہوگی۔

یہ وہ نوجوان تھے جنھوں نے وقت کے ظالم حکمران کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر رب العالمین پر ایمان لاکر حق پرستی کا اعلان کیا۔ ان چند نوجوانوں نے اپنے زمانے میں جو کردار ادا کیا وہ تمام نوجوانوں کیلئے نمونہ عمل ہے۔ اسی طرح سے قرآن مجید نے حضرت موسیٰ پر ایمان لانے والے چند نوجوانوں کا تذکرہ کیا۔ حضرت موسیٰ کو ان کی قوم نے بار بار جھٹلایا لیکن وہ چند نوجوان ہی تھے جنہوں نے کٹھن حالات میں حضرت موسیٰ کی نبوت پر ایمان لاکر ان کا ساتھ دیا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

موسیٰ کو اسی قوم میں سے چند نوجوانوں کے سوا کسی نے نہ مانا، فرعون کے ڈر سے اور خود اپنی قوم کے سربراہ لوگوں کے ڈر سے کہ فرعون ان کو عذاب میں مبتلا کرے گا۔

چنانچہ اسی طرح احادیثِ مبارکہ میں بھی جوانی کے متعلق چند روایات آئی ہے کیونکہ اسلام میں نوجوانوں کو بڑی اہمیت حاصل ہے، جوانی ایک عظیم نعمت ہے، اور قیامت کے دن اسی جوانی کے بارے میں خصوصی سوال کیا جائے گا۔ حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ اللہ کے رسولؐ نے فرمایا: یعنی قیامت کے دن انسان کے قدم اپنی جگہ سے ہٹ نہ سکیں گے یہاں تک کہ اس سے پانچ باتوں کے بارے میں سوال نہ کرلیا جائے۔ عمر کن کاموں میں گنوائی؟ جوانی کی توانائی کہاں صرف کی؟ مال کہاں سے کمایا؟ اور کہاں خرچ کیا؟ جو علم حاصل کیا اس پر کہاں تک عمل کیا؟ (ترمذی)

اسی طرح حضرت عمر بن میمونؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ اللہ کے رسولؐ نے ایک شخص کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا: پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت جانو: ایک جوانی کو بڑھاپے سے پہلے، صحت کو بیماری سے پہلے، خوش حالی کو ناداری سے پہلے، فراغت کو مشغولیت سے پہلے، زندگی کو موت سے پہلے۔ (ترمذی)

ایک اور حدیث میں نوجوانی کی عظمت کا ذکر ملتا ہے، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

” سات آدمی ایسے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اپنے عرش کے نیچے سایہ دے گا جبکہ اس سایہ کے سوا اور کوئی سایہ نہ ہوگا۔ ان سات لوگوں میں ایسا نوجوان بھی شامل ہے جس نے اپنی ساری جوانی اللہ کی عبادت میں گزاری ہو۔

ہمیں اسلامی تاریخ میں نوجوانوں کے کردار پر کئی واقعات کثرت سے ملتے ہیں۔ عمر کے اسی مرحلے میں نوجوان صحابہؓ نے بڑے بڑے کارنامے انجام دیے۔ دورِ شباب ہی میں حضرت علیؓ، حضرت مصعب بن عمیرؓ، حضرت عمار بن یاسرؓ، حضرت خالد بن ولیدؓ، حضرت عمرو ابن العاص، حضرت ابن عمرؓ، حضرت ابن عباسؓ اور حضرت ابن زبیرؓ نے نبی کریم ﷺ کا ساتھ دیا اور بے شمار غزوات میں اپنی قربانیوں کو پیش کیا۔ اسی دورِ شباب میں صلاح الدین ایوبی، طارق بن زیاد اور محمد بن قاسم جیسے مسلم سالاروں نے اپنے کارناموں سے اسلامی تاریخ کو روشن وتابناک بنایا۔ اسلامی تاریخ غیور نوجوانوں کے کارناموں سے بھری پڑی ہے، تاریخ میں ایسے ایسے نوجوان پیدا ہوئے جنہوں نے اپنی جوانی کا یک ایک لمحہ کو قیمتی جانا، اپنی جوانی میں بڑے بڑے کام انجام دیئے' کئی جنگوں میں بڑی بڑی فتوحات حاصل کرلیں۔ وہ باوقار شخصیتیں تھیں ان کے کردار میں وہ رعب ودبدبہ تھا کہ دوسری قومیں اور افواج اُنکے نام سے تھر تھرا اُٹھتی۔ اُن کے سایہ سے شیطان بھی دور بھاگ جاتا۔ جس سرزمین پر یہ قدم رکھتے وہ جگہ اللہ کے حکم سے اُن کے قبضے میں آجاتی۔ انہوں نے میدانِ جہاد میں ایسے جوہر دیکھائے کہ رہتی دنیا تک اس کی مثالیں ملنا مشکل ہے۔ یہ ایسے نوجوان تھے جنہوں نے اپنی جوانی کا صحیح استعمال کیا، اپنی صلاحیتوں کو اللہ کے دین کے لئے قربان کیا۔



لیکن آج کے نوجوانوں کو دیکھ کر بڑا افسوس ہوتا ہے، اپنے معاشرے پر نظر ڈالیے اور دیکھیے کہ آج کے مسلم نوجوان کہاں کھڑے ہیں؟ وہ کہاں مصروف ہیں؟ ان کے مشاغل کیا ہیں؟ انکے شوق کیا ہیں؟ ان کے معمولات کیا ہے؟ آج کے نوجوان ہمیں راستوں پر گھومتے ہوئے، سینما ہالوں میں وقت برباد کرتے ہوئے، اپنی گاڑیوں کی نمائش کرتے ہوئے، دوستوں میں آوارہ گردی کرتے ہوئے، فیس بک اور واٹس ایپ پر خودنمائی کرتے ہوئے مست نظر آتے ہیں۔ اس بے راہ روی نے نوجوانوں کی زندگی سے ایمان چھین لیا ہے۔ خود پسندی اور خود نمائی نوجوانوں کی زندگی میں زہر گھول رہی ہے، ہر نوجوان سوشل میڈیا پر اپنی خوبصورتی کے کمالات بکھیرنے کی دوڑ میں لگا ہوا ہے۔ اپنے چہرے کو خوبصورت بنانے کا جنون سر چڑھ کر بول رہا ہے، ہیئر اسٹائل یہودیوں جیسا اختیار کرنا اور پھر دوستوں سے دادِ تحسین حاصل کرنا، زیادہ سے زیادہ لائیکس اور فالورس بنانا یہ نوجوانوں کا مقصدِ زندگی ہوکر رہ گیا۔ غور کرنے کا مقام ہے کہ آج سب سے زیادہ نوجوان فیس بک اور واٹس ایپ پر عشقِ مجازی سے تباہ ہورہے ہیں۔ لڑکیوں سے گھنٹوں تک فون پر باتیں کرنا اور دیر رات تک چیٹنگ کرنا مسلم نوجوانوں کا مشغلہ بن چکا ہے۔ آج نوجوانوں کی یہ حالت دیکھ کر ہمیں خون کے آنسو پینے پڑتے ہیں۔ کردار واخلاق، شرم وحیا، صبر واستقامت، عزم وشجاعت، ادب و احترام اور خیر وبھلائی جیسی صفات سے نوجوان محروم ہوتے نظر آرہے ہیں۔

صد افسوس ہے ایسے نوجوانوں پر جو نمازِ فجر تک سوتے رہتے ہیں اور صبح بارہ بجے بیدار ہوتے ہیں، دوپہر 2 بجے ناشتے سے فارغ ہوتے ہیں۔ شام 4 بجے گھر سے باہر نکلتے ہیں۔ اور رات دیر گئے دوستوں کی محفلوں میں آوارہ گردی کرتے ہیں۔ اور رات کے اخیر حصے تک سوشل میڈیا پر مصروف رہتے ہیں۔ اور جب مساجد سے فجر کی اذانیں آسمان کی فضاؤں میں بلند ہوتی ہے، تب انکی آنکھیں نیند کے لیے بند ہوتی ہے۔ آج اکثر نوجوانوں کا یہ مزاج ہوگیا ہے کہ وہ اچھا پہن کر، بن سنور کر فیس بک اور واٹس ایپ پر اپنی تصویروں کی نمائش کرتے رہیں۔ ان کے نزدیک کامیابی یہ نہیں ہے کہ اللہ کے دین کی سربلندی کی کوشش کی جائے، اپنی صلاحیتوں کو اسلام کی نشرواشاعت میں استعمال کیا جائے۔

نہ بے باکی، نہ بیداری، نہ ہشیاری
جوانی کتنی شرمندہ ہے آکر نوجوانوں میں

ہمیں یہ بات نہیں بھولنی چاہیئے کہ شیطان نوجوانوں کیساتھ بڑی سخت دشمنی روا رکھتا ہے، اس کیلئے وہ نوجوانوں کو اہلِ باطل کے قافلے میں شامل کرکے جہنم کے راستے پر ڈالنا چاہتا ہے، لہذا مسلم نوجوانوں کو چاہیئے کہ وہ اپنے مقصدِ زندگی کو سمجھیں۔ اپنی شناخت کو مٹنے نہ دیں۔ آج دشمنِ اسلام ہر جانب سے مسلم نوجوانوں کے ایمان اور ان کی پہچان کو ختم کرنے کی کوشش کررہا ہے۔ اور آج اکثر نوجوان اس سازش کا شکار بھی ہورہے ہیں۔ مسلم نوجوان خود اپنے ہاتھوں اپنی شناخت سے محروم ہورہے ہیں۔


اُمت کے نوجوان سے مسلم ہونے کی شناخت چھن چکی ہے۔ وہ عظیم صحابہ کے کردار اور طرزِ زندگی سے لاتعلق ہوچکے ہیں۔ انہیں پتہ ہی نہیں وہ کون ہے؟ ملت اسلامیہ سے تعلق ہونے کی حیثیت سے اُن کی ذمہ داریاں کیا ہیں؟ وہ جانتے ہی نہیں کہ موجودہ حالات میں اُن کیلئے کیا صحیح ہے اور کیا غلط؟

کبھی اے نوجواں مسلم! تدبر بھی کیا تو نے؟
وہ کیا گردوں تھا، تو جس کا ہے اک ٹوٹا ہوا تارا

آج کا مسلم نوجوان اپنی شناخت کی تلاش میں سرگرداں ہے۔ سب سے بڑا چیلنج آج کے دور میں مسلم نوجوان کے لیے یہی ہے کہ اُسے اپنے آپ کی پہچان نہیں ہورہی ہے۔ اور یہ پہچان اُسے صرف اُسی صورت میں حاصل ہوسکے گی جب وہ قرآن وسنت کے ساتھ اپنا تعلق جوڑیں گے۔ حالات کا تقاضا ہے کہ نوجوان اپنی زندگی کو دانا شخص کی طرح گزاریں، اور ہر نوجوان اپنے نفس پر ضبط اور نفسانی خواہشوں کو تھامے، نفس کو خیر وبھلائی کی طرف متوجہ رکھے، اور نفس کیلئے امنگوں بھرے اہداف مقرر کرے، جن کے ذریعے عظمتوں کے زینے چڑھتا جائے، انہی اہداف کو اپنی زندگی میں بھرپور کردار ادا کرنے دے، مسلمان کی زندگی کا ایک مقصد ہوتا ہے۔ اسلام نے مسلمانوں کو اللہ کی زمین پر اللہ کے نظام کا بول بالا کرنے کی ذمہ داری سونپ رکھی ہے اور یہ ذمہ داری ہر دور میں جن سعید روحوں نے پوری کردی ہے اُن کی کشمکش کا کبھی بھی یہ مقصد نہیں رہا تھا کہ وہ اپنے لیے، عیش وعشرت اور دھن و دولت سے مزین زندگی پاسکیں۔ لہذا نوجوانوں کو چاہیئے کہ وہ صحابہ کرامؓ کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے اپنی زندگی گذارے، قرآن وسنت کو اپنا معیار بنائے، فحاشی وعریانیت سے توبہ کرکے باحیا زندگی کو اختیار کریں۔۔ دورِ حاضر کے فتنوں سے خود کی اور اپنے گھر والوں کی حفاظت کرے۔ اپنی جوانی کو ہمیشہ بیداغ رکھیں۔ تاکہ دنیا و آخرت میں کامیابی آپ کا مقدر بن سکے۔

وہی جواں ہے قبیلے کی آنکھ کا تارا
شباب جس کا ہے بے داغ، ضرب ہے کاری





سمرتی مندھانا پلاش مچل سے آئندہ چند دنوں میں شادی کے بندھن میں بندھ جائیں گے


سمرتی مندھانا نے بھارت کو پہلا آئی سی سی ویمنز ورلڈکپ ٹائٹل جتوانے میں اہم کردار ادا کیا تھا

نئی دہلی (سپورٹس نیوز) بھارتی بیٹر سمرتی مندھانا ورلڈکپ جیتنے کے بعد مشہور میوزک کمپوزر پلاش مچل سے آئندہ چند دنوں میں شادی کے بندھن میں بندھ جائیں گے۔ سمرتی مندھانا نے بھارت کو پہلا آئی سی سی ویمنز ورلڈکپ ٹائٹل جتوانے میں اہم کردار ادا کیا تھا، ایونٹ میں انھوں نے اچھی پرفارمنس کا مظاہرہ کرتے ہوئے کئی بار بھارت کی جیت میں کردار ادا کیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹیم انڈیا کی نائب کپتان سمرتی مندھانا اپنی زندگی کے ایک نئے دور میں قدم رکھنے کے لیے بالکل تیار ہیں وہ 20 نومبر 2025 کو پیا گھر سدھاریں گی۔ سمرتی اپنے آبائی شہر سانگلی، مہاراشٹرا میں میوزک کمپوزر اور فلم ساز پلاش مچل سے شادی کریں گے، رپورٹس میں بتایا گیا کہ ان کی شادی شاہانہ انداز میں کی جائے گی۔ بھارتی ویمن کرکٹر کی شادی میں خاندان کے افراد اور قریبی دوستوں کے علاوہ کرکٹرز، بالی ووڈ اور موسیقی کی صنعت سے تعلق رکھنے والے نمایاں ناموں کو مدعو کیا جائے گا۔ سمرتی کئی بار اس بات کا ذکر کر چکی ہیں کہ ان کے شہر سانگلی میں انکی پرورش نے بطور کرکٹر طاقت اور لڑنے کے جذبے کو بڑھانے میں اہم کردار ادا کیا۔

ہاردک پانڈیا نے ماہیکا شرما کے ساتھ خوشگوار لمحات کی تصاویر شیئر کر دیں

ہاردک نے اپنے نئے سفر کی شروعات کی تصاویر کا کولاج سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام پر شیئر کیا

نئی دہلی (سپورٹس نیوز) بھارتی کرکٹر ہاردک پانڈیا نے ماڈل کے ساتھ نجی خوشگوار لمحات کی تصاویر شیئر کر دیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ہاردک نے اپنے نئے سفر کی شروعات کی تصاویر کا کولاج سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام پر شیئر کیا جس میں جوڑے کو آرام دہ روزمرہ کے حالات میں ایک دوسرے کے ساتھ کافی بے تکلف دیکھا جاسکتا ہے۔ کچھ تصاویر میں ہاردک اور ماہیکا سوئمنگ پول میں اکٹھے کھڑے دکھائی دیئے جبکہ دوسری تصاویر میں انھیں کشتی سے لطف اندوز ہوتے ہوئے، گھومتے پھرتے، پالتو جانوروں کے ساتھ کھیلتے ہوئے بھی دیکھا جاسکتا ہے۔ ایک تصویر میں ہاردک اپنے بیٹے آگستیہ کی فوٹو موبائل فون میں دکھاتے ہوئے نظر آرہے ہیں جس سے پتا چلتا ہے کہ چھٹیاں گزارتے ہوئے بھی وہ اپنے بیٹے کو نہیں بھولے۔ کرکٹر کے مداح ان تصاویر کو پسند کر رہے ہیں کیونکہ اس میں نہ صرف جوڑے کے نجی نوعیت کے لمحات کی جھلک ہے بلکہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ کافی خوش نظر آرہے ہیں۔ یاد رہے کہ ماہیکا شرما ایک باصلاحیت ماڈل اور اداکارہ ہیں جنھوں نے منیش ملہوترا اور انیتا ڈونگرے جیسے ٹاپ ڈیزائنرز کے ساتھ کام کیا ہے، وہ فلموں اور میوزک ویڈیوز میں بھی نظر آچکی ہیں، انھوں نے انٹرٹینمنٹ انڈسٹری میں اپنا ایک مقام بنالیا ہے۔



کچھ سابق کرکٹرز کو بابر اعظم کی کامیابی ہضم نہیں ہورہی، اعظم خان



پاکستان کرکٹ مشہور فاسٹ بولر کی وجہ سے ہوئی، بابر اعظم اپنی بیٹنگ کیلئے شہرت رکھتے ہی، برابر کا کوئی نہیں، انٹرویو

کراچی (سپورٹس نیوز) پاکستان کے وکٹ کیپر بیٹر اعظم خان نے کہا ہے کہ کچھ سابق کرکٹرز کو بابر اعظم کی کامیابی ہضم نہیں ہورہی۔ سابق کپتان معین خان کے صاحبزادے اور کرکٹر اعظم خان نے ایک انٹرویو میں کہا کہ بابر اعظم جب بیٹنگ کے لیے آتا ہے تو شائقین کرکٹ شور مچانا شروع کر دیتے ہیں اور مجھے ایسا لگتا ہے شاید سابق کرکٹرز سے یہ بات ہضم نہیں ہوتی۔ اعظم خان نے کہا کہ پاکستان کرکٹ مشہور فاسٹ بولر کی وجہ سے ہوئی تاہم بابر اعظم اپنی بیٹنگ کے لیے شہرت رکھتے ہیں۔ وکٹ کیپر بیٹر نے کہا کہ بھارت میں سچن ٹنڈولکر، راہول ڈریوڈ، لکشمن، دھونی کتنے بڑے کھلاڑی موجود تھے پھر ویرات کوہلی نے آکر اپنا نام بنایا تاہم یہاں پر بابر کے برابر کا کوئی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ محمد عامر، شاہین آفریدی کے مقابلے میں زیادہ اسمارٹ بولر ہیں، شاہین ڈیتھ اوورز میں اچھی یارکر کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عامر آف کٹر، سلو باؤنسر بھی کرتے ہیں، شاہین کو اگر ایک چوکا لگ گیا تو وہ میں جانتا ہوں کہ مجھے اگلی بار پر مارنے آئیں گے یہ اچھی بات ہے ایسا ایگریشن فاسٹ بولر میں ہونا چاہیے۔ اعظم خان نے کہا کہ عامر، شاہین اور دونوں ہی اچھے بولر ہیں، اگر شاہین کو نئی گیند سے کھیلوں گا تو مجھے معلوم ہے کہ اس نے میرا پاؤں توڑنا ہے تاہم عامر کو معلوم ہوتا ہے کہ بیٹرز کیا سوچ رہا ہے اس کے مطابق بولنگ کرنی ہے۔

ابوظہبی ٹی 10 لیگ، بھارتی فرنچائز دہلی بلز کا دو پاکستانی کرکٹرز کیساتھ معاہدہ

فرنچائز کی جانب سے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا گیا کہ افتخار احمد اور عبید شاہ کی شمولیت سے ٹیم کو مزید مضبوطی حاصل ہوگی

ابوظہبی (این این آئی) لیگ کا نواں ایڈیشن رواں ماہ سے ابوظہبی میں شروع ہوگا۔ فرنچائز کی جانب سے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا گیا کہ افتخار احمد اور عبید شاہ کی شمولیت سے ٹیم کو مزید مضبوطی حاصل ہوگی، انیس سالہ عبید شاہ کیلئے یہ پہلا بین الاقوامی فرنچائز معاہدہ ہے جو ان کے کیریئر میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ نوجوان فاسٹ بولر نے پاکستان سپر لیگ کے دسویں سیزن میں ملتان سلطانز کی جانب سے شاندار کارکردگی دکھائی تھی۔ انہوں نے 11 میچوں میں 12 وکٹیں حاصل کر کے اپنی رفتار اور درستگی سے سب کو متاثر کیا۔ دہلی بلز نے ان کی شمولیت کو اپنی بولنگ لائن میں نئی توانائی کے طور پر دیکھا ہے۔ دوسری جانب تجربہ کار آل راؤنڈر افتخار احمد ایک مرتبہ پھر عالمی ٹی ٹوئنٹی لیگز میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کے لیے تیار ہیں۔ وہ مڈل آرڈر میں نہ صرف جارحانہ بیٹنگ بلکہ ٹیم کو مستحکم کرنے کی صلاحیت بھی رکھتے ہیں۔ افتخار احمد اس سے قبل ویسٹ انڈیز کی سی پی ایل، بنگلہ دیش کی بی پی ایل اور سری لنکا کی ایل پی ایل میں بھی شاندار کارکردگی دکھا چکے ہیں اور اب وہ متحدہ عرب امارات میں دہلی بلز کے لیے ایک اہم کردار ادا کرنے کے خواہاں ہیں۔ دہلی بلز میں اس وقت چار پاکستانی کھلاڑی موجود ہیں۔ افتخار احمد اور عبید شاہ سے قبل ٹیم نے سلمان ارشاد اور میر حمزہ کو بھی اکتوبر کے پلیئر ڈرافٹ میں منتخب کیا تھا، جس سے ٹیم کی فاسٹ بولنگ میں مزید گہرائی پیدا ہوگئی ہے۔ اس سال کی ابوظہبی ٹی ٹین لیگ میں مجموعی طور پر پاکستانی کھلاڑیوں کی بڑی تعداد مختلف فرنچائزز کی نمائندگی کرے گی۔ دکن گلیڈی ایٹرز نے اسپنر عثمان طارق اور نوجوان فاسٹ بولر علی رضا کو ٹیم کا حصہ بنایا ہے۔ اجمان ٹائٹنز کی ٹیم میں زمان خان، آصف علی اور عاکف جاوید شامل ہیں۔ شاداب داہانی نادرن واریئرز کی جانب سے ایکشن میں نظر آئیں گے، جبکہ کوئٹہ کیولری میں بھی پاکستانی کھلاڑیوں کی نمایاں موجودگی ہے۔ ٹی ٹین فارمیٹ کے اس تیز ترین ایڈیشن میں تجربہ کار کھلاڑیوں کے ساتھ نوجوان صلاحیتوں کی شرکت سے شائقین کرکٹ کو زبردست مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔



بھارت کا جنوبی افریقا کے خلاف ٹیسٹ سیریز کیلئے اسکواڈ کا اعلان

نائب کپتان رشبھ پنت اور فاسٹ بولر آکاش دیپ کی ٹیم میں واپسی، دونوں انجری کا شکار ہو گئے تھے

نئی دہلی (سپورٹس نیوز) بھارت نے جنوبی افریقا کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے لیے 15 رکنی اسکواڈ کا اعلان کر دیا۔ بی سی سی آئی نے جنوبی افریقا کے خلاف دو میچوں کی ہوم ٹیسٹ سیریز کیلئے 15 رکنی اسکواڈ کا اعلان کیا ہے جو 14 نومبر کو کولکتہ میں شروع ہوگی۔ نائب کپتان رشبھ پنت کی ٹیم میں واپسی ہوئی ہے جو جولائی میں انگلینڈ کے خلاف پانچ میچوں کی سیریز کے دوران پاؤں میں انجری کی وجہ سے باہر ہو گئے تھے۔ انجری کی وجہ سے پنت گزشتہ ماہ ویسٹ انڈیز کے خلاف دو میچوں کی ہوم ٹیسٹ سیریز سے محروم رہے تھے۔ فاسٹ بولر آکاش دیپ نے بھی کمر کی چوٹ سے صحت یاب ہونے کے بعد ٹیسٹ اسکواڈ میں واپسی کی ہے، 28 سالہ نوجوان نے حال ہی میں رنجی ٹرافی کے پہلے دو راؤنڈ میں بنگال کی نمائندگی کی تھی۔ بھارت کے کپتان شبھمن گل، بمراہ، نتیش کمار ریڈی، اکشر پٹیل اور واشنگٹن سندر آسٹریلیا میں ٹی 20 سیریز کھیلنے میں مصروف ہیں وہ 8 نومبر کے بعد ٹیسٹ اسکواڈ کو جوائن کریں گے۔ شبھمن گل کپتان ہیں دیگر کھلاڑیوں میں رشبھ پنت، یشسوی جیسوال، کے ایل راہول، سائی سدرشن، دیودت پڈیکال، دھرو جوریل، رویندرا جڈیجا، واشنگٹن سندر، جسپریت بمراہ، اکشر پٹیل، نتیش کمار ریڈی، محمد سراج، کلدیپ یادیو اور آکاش دیپ شامل ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆

بنگلادیش کی ویمن کرکٹر جہاں آرا عالم کے لگائے گئے الزامات کی تحقیقات کا فیصلہ

جہاں آرا عالم نے سابق سلیکٹر پر نامناسب رویے کے الزامات لگائے تھے، رپورٹ

ڈھاکہ (سپورٹس نیوز) بنگلادیش کرکٹ بورڈ ویمن کرکٹر جہاں آرا عالم کے لگائے گئے الزامات کی تحقیقات کریگا۔ کرکٹ ویب سائٹ کے مطابق جہاں آرا عالم نے سابق سلیکٹر پر نامناسب رویے کے الزامات لگائے تھے اس حوالے سے سابق فاسٹ بولر نے کہا کہ سابق سلیکٹر ون ڈے ورلڈکپ 2022 میں ان کے پاس نامناسب انداز میں آئے تھے۔ بنگلادیش کرکٹ بورڈ کی جانب سے کہا گیا کہ مقامی میڈیا میں قومی ٹیم کی ایک سابق رکن کے ٹیم سے جڑے شخص پر مِس کنڈکٹ کے الزامات پڑھے ہیں، یہ ایک حساس معاملہ ہے جس کی مکمل تحقیقات کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ بی سی بی کے مطابق یہ کمیٹی 15 روز میں تحقیقات مکمل کر کے سفارشات پیش کرے گی، بورڈ ایسے معاملات کو سنجیدگی سے لیتا ہے اور تحقیقات مکمل ہونے پر ایکشن بھی لیتا ہے۔ واضح رہے کہ جہاں آرا عالم ان دنوں آسٹریلیا میں رہائش پذیر ہیں۔ انہوں نے اپنے انٹرویو میں ویمن ٹیم کے سلیکٹر اور منیجر پر الزامات لگائے تھے کہ ان سے فحش سوالات کیے گئے۔ جہاں آرا نے یہ بھی الزام لگایا ہے کہ بی سی بی آفیشلز کا بھی رویہ نامناسب رہا تھا۔ انہوں نے اس معاملے کے بارے میں بی سی بی آفیشلز کو بھی تب آگاہ کیا تھا۔

کرسٹیانو رونالڈو کا جلد ریٹائرمنٹ کا عندیہ دیدیا

خاندان کے ساتھ زیادہ وقت گزارنے اور زندگی کے اگلے مرحلے کی تیاری کیلئے کھیل سے رخصت لینے کا سوچ رہا ہوں، انٹرویو


لزبن (سپورٹس نیوز) بین الاقوامی شہرت یافتہ پرتگالی فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے عندیہ دیا ہے کہ وہ جلد ہی فٹبال سے ریٹائرمنٹ اختیار کر سکتے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کرسٹیانو رونالڈو اس وقت سعودی کلب النصر کی نمائندگی کر رہے ہیں، رونالڈو اب تک کلب اور ملک کی سطح پر مجموعی طور پر 952 گولز اسکور کر چکے ہیں اور گزشتہ ماہ انہوں نے کہا تھا کہ اِن کا ہدف 1000 گول مکمل کرنے کے بعد کھیل کو خیرباد کہنا ہے۔ معروف برطانوی میزبان پیئرز مورگن کو دیئے گئے خصوصی انٹرویو میں 40 سالہ فٹبالر نے کہا کہ وہ اپنے خاندان کے ساتھ زیادہ وقت گزارنے اور زندگی کے اگلے مرحلے کی تیاری کے لیے کھیل سے رخصت لینے کا سوچ رہے ہیں۔ انٹرویو کے دوران جلد ریٹائرمنٹ کے سوال پر جواب دیتے ہوئے کرسٹیانو رونالڈو نے کہا کہ یہ بہت مشکل ہوگا کیونکہ فٹبال سے ملنے والی خوشی جیسی کوئی چیز نہیں تاہم ہر چیز کا ایک آغاز ہوتا ہے اور ایک اختتام بھی، میں اپنے لیے، اپنے خاندان کے لیے اور بچوں کی پرورش کے لیے زیادہ وقت چاہتا ہوں۔ کرسٹیانو رونالڈو نے انکشاف کیا کہ وہ 25 یا 26 سال کی عمر سے ہی فٹبال کے بعد کی زندگی کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں، اِن کے مطابق وہ اس دباؤ کو سنبھالنے کے لیے ذہنی طور پر تیار ہیں۔ اِنہوں نے کہا کہ زندگی میں بہت سی چیزیں ہیں جن کا تجربہ کرنا ابھی باقی ہے تاہم فٹبال جیسی خوشی کہیں نہیں، پھر بھی، مجھے معلوم ہے کہ صحیح وقت پر رخصت ہونا ضروری ہے۔ رونالڈو کے مطابق میں اپنے بچوں کی پرورش اور ذاتی زندگی پر توجہ دینا چاہتا ہوں، میں نے ساری زندگی سفر اور فٹبال میں گزاری ہے، اب وقت ہے کہ میں اپنے بچوں کے ساتھ رہوں اور اپنی فیملی کو وقت دوں۔

☆☆☆☆☆





SHOWBIZ
شوبز
Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کھوسہ
قیمت 20 روپے
فون وفیکس 0853-310203



فلم کی شوٹنگ کے دوران آگ سے جھلسنے سے بچ گیا تھا: سمیع خان

ہر کام کا ایک طریقہ ہوتا ہے نوجوان وہ غلطیاں نہ کریں جو ہم سے ہوئیں، کسی بھی اداکار کو شوٹنگ کیلئے زیادہ جذباتی نہیں ہونا چاہیے

کراچی (شوبز نیوز) پاکستانی اداکار سمیع خان نے انکشاف کیا ہے کہ وہ شوٹنگ کے دوران آگ سے جھلسنے سے بچ گئے تھے۔ سمیع خان حال ہی میں نجی ٹی وی کے پروگرام میں مختلف اور دلچسپ موضوعات پر گفتگو کی۔ دوران شو سمیع خان نے بتایا کہ ماضی میں اداکار معمر رانا ایک فلم ڈائریکٹ کر رہے تھے یہ فلم تو مکمل نہیں ہوسکی لیکن اس فلم کے گانے شوٹ کیے گئے تھے، وہ وقت ہمارا ابھی نوجوانی کا دور تھا، اس وقت میں بھی باڈی دکھانے کا شوقین تھا، گانے کی شوٹنگ لیکن جب میں وہاں پہنچا تو جسم پر تیل کی وجہ سے آگ کی تپش اتنی محسوس ہوئی کہ فوراً دور ہٹ گیا۔ اداکار کے مطابق میرے ہٹنے کے بعد وہاں موجود افراد نے مجھ سے وجہ پوچھی تو میں نے انہیں بتایا کہ آگ کی تپش ناقابل برداشت ہے جس کے بعد میک اپ آرٹسٹ نے حل نکالا کہ وہ میرے ہاتھ کے پیچھے سے اسپرے کرتا رہے اس کے باوجود بھی میں نے بڑی مشکل سے 5 سیکنڈ کا سین شوٹ کروایا۔ دوران انٹرویو سمیع خان نے شوٹنگ کا ایک اور واقعہ سناتے ہوئے بتایا کر رہا تھا، اس سین کیلئے موم بتی ہماری میز پر موجود تھی لیکن میں نے تجویز دی کہ سین میں جلتی ہوئی موم بتی پر ہاتھ رکھ کر ڈائیلاگ بولنا چاہوں گا۔ اداکار کے مطابق میری تجویز تو قبول ہوگئی لیکن جیسے ہی میں موم بتی پر ہاتھ رکھ کر ڈائیلاگ کہا تو 3 سیکنڈ کے دوران ہی میرا ہاتھ جل گیا۔ دوران انٹرویو سمیع خان نے دیگر نوجوان اداکاروں کو بھی مشورہ دیا کہ ہر کام کا ایک طریقہ ہوتا ہے وہ غلطیاں نہ کریں جو ہم سے ہوئیں، کسی بھی اداکار کو شوٹنگ کیلئے زیادہ جذباتی نہیں ہونا چاہیے۔

☆☆☆☆☆☆☆

عفت عمر نے ماڈلنگ اور اداکاری دونوں میں اپنا لوہا منوایا

اداکارہ عفت عمر نے اب تک انڈسٹری میں کسی کو دوست نہ بنانے کی وجہ سے پردہ اٹھا دیا

کراچی (شوبز نیوز) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف ماڈل و اداکارہ عفت عمر نے اب تک انڈسٹری میں کسی کو دوست نہ بنانے کی وجہ سے پردہ اٹھا دیا۔ عفت عمر تقریبا تین دہائیوں سے انڈسٹری میں ہیں۔ انہوں نے ماڈلنگ اور اداکاری دونوں میں اپنا لوہا منوایا۔ انہوں نے حالیہ انٹرویو میں انکشاف کیا ہے کہ اتنے عرصے سے انڈسٹری میں رہنے کے باوجود ان کا کوئی دوست نہیں ہے۔ اداکارہ کا کہنا ہے کہ انڈسٹری میں کچھ لوگ ہیں جن کو میئوررز کہہ سکتی ہوں کیونکہ انہیں میں اپنے سے بہتر سمجھتی ہوں لیکن کام کی جگہ کسی سے دوستی مشکل ہے، اس لیے میرا کوئی دوست نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میرے لیے دوست وہ ہے جو آپ کے اچھے اور برے وقت میں آپ کے ساتھ کھڑا ہو لیکن شوبز کے لوگوں کے لیے ایسا کرنا بہت مشکل ہے، سب کی اپنی اپنی مجبوریاں ہیں۔ عفت عمر نے مزید کہا کہ محبت میں ایک دوسرے کے لیے جینے مرنے کا کوئی تصور نہیں ہوتا، کوئی کسی کے لیے کبھی نہیں مرتا، لوگ زندگی میں آگے بڑھتے ہیں اور یہی دنیا کی حقیقت ہے۔ ہر کوئی اپنی لکھی ہوئی زندگی اور تقدیر جیتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ مجھے ہارے ہوئے لوگ نہیں پسند جو رونا شروع کر دیتے ہیں کہ وہ مر جائیں گے۔



ہدایت کار کے غیر مناسب رویے کی وجہ سے کام کرنے سے انکار کر دیا، جینس ٹیسا کا انکشاف



کبھی بھی اپنی عزت پر سمجھوتہ نہ کریں، کیونکہ وہ خود بھی اسی اصول پر قائم ہیں، اداکارہ کا لڑکیوں کو مشورہ

کراچی (شوبز نیوز) اداکارہ و ماڈل جینس ٹیسا نے انکشاف کیا ہے کہ ایک ہدایتکار کے غیر مناسب رویے کی وجہ سے انہوں نے اس کے ساتھ کام کرنے سے انکار کر دیا۔ جینس ٹیسا نے حال ہی میں اے آر وائی پوڈکاسٹ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے شوبز انڈسٹری اور خواتین کے حوالے سے کھل کر گفتگو کی۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ یہ نظریہ غلط ہے کہ شوبز انڈسٹری میں خواتین سب سے زیادہ غیر محفوظ ہیں، کیونکہ خواتین کے ساتھ ایسے پریشان کن واقعات شوبز کے علاوہ دیگر شعبوں میں بھی پیش آتے ہیں۔ ان کے مطابق شوبز انڈسٹری کے بارے میں زیادہ باتیں اس لیے کی جاتی ہیں کیونکہ عوام فنکاروں کی ذاتی زندگی میں دلچسپی رکھتی ہے اور چونکہ فنکار پبلک فگر ہوتے ہیں، اس لیے ان کے بارے میں خبریں زیادہ گردش کرتی ہیں۔ جینس ٹیسا نے مزید کہا کہ ایسے معاملات میں تھوڑی بہت ذمہ داری خواتین پر بھی عائد ہوتی ہے، انہیں اپنی حدود واضح کرنی چاہئیں اور کسی کو ان حدود سے تجاوز کرنے کی اجازت نہیں دینی چاہیے، کیونکہ ان کے مطابق سامنے والا شخص زبردستی کبھی بھی نہیں کرتا۔ انہوں نے شوبز میں آنے والی لڑکیوں کو نصیحت کرتے ہوئے کہا کہ سوچ سمجھ کر اس فیلڈ میں قدم رکھیں، کیونکہ اس پیشے میں فیملی اکثر نظرانداز ہو جاتی ہے، ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ جلدی کامیابی حاصل کرنے کے لیے شارٹ کٹ کا راستہ اختیار نہ کریں بلکہ محنت کریں، کچھ سالوں میں ضرور کامیابی حاصل ہو جائے گی۔ جینس ٹیسا نے بتایا کہ ایک بار ایک ہدایتکار نے ان کے ساتھ بدتمیزی کرنے کی کوشش کی، جس کے بعد انہوں نے اس کے ساتھ کام نہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ ان کے مطابق ہدایتکار نے فون پر ان سے عجیب انداز میں بات کی اور جب انہوں نے سوال کیا تو انہیں کہا گیا کہ وہ حد سے بڑھ رہی ہیں، ساتھ ہی یہ بھی بتایا گیا کہ ان کا کردار کے لیے ابھی انتخاب نہیں ہوا، اس لیے خاموش رہیں، جس کے بعد ہدایتکار کے بار بار فون کرنے کے باوجود بھی انہوں نے ان کے ساتھ کام نہیں کیا۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ ان کا سب کو یہی مشورہ ہے کہ کبھی بھی اپنی عزت پر سمجھوتہ نہ کریں، کیونکہ وہ خود بھی اسی اصول پر قائم ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

امال ملک کی خالہ روشن گیری بھنڈر کے ایک بیان سے نیا تنازع کھڑا کردیا

فرحانہ بھٹ کے الیکشن کا دھڑکنے کے بعد الزام لگانے پر امال ملک کی خالہ کو 1 کروڑ ہرجانے کا نوٹس

ممبئی (شوبز نیوز) بگ باس 19 میں حصہ لینے والی فرحانہ بھٹ [illegible] امال ملک کی خالہ روشن گیری بھنڈر [illegible] بھارتی میوزک ڈائریکٹر، گلوکار اور پروڈیوسر امال ملک [illegible] 1 کروڑ روپے ہرجانے [illegible] قانونی نوٹس [illegible] شوبگ بگ باس 19 کے [illegible] ملک کے درمیان [illegible] وہیں اب معاملہ گھر سے باہر بھی [illegible] فرحانہ [illegible] کے وکیل کی جانب سے جاری کیے گئے بیان میں کہا گیا ہے کہ [illegible] 1 کروڑ روپے ہرجانہ [illegible] نوٹس میں [illegible]

بالی وڈ فنکاروں کی ظہران ممدانی کو میئر نیویارک منتخب ہونے پر مبارکباد

میں بے حد خوش ہوں، نہ صرف اس لیے کہ ظہران میرا اور محمود کا بیٹا ہے بلکہ اس لیے کہ وہ امید، انصاف اور خودداری کی علامت ہے، اداکارہ شبانہ اعظمی


ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے فنکاروں کی جانب سے ظہران ممدانی کو نیویارک کے میئر منتخب ہونے پر مبارکباد دی گئی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق فلم ساز ہنسل مہتا اور زویا اختر نے ظہران ممدانی کو میئر منتخب ہونے پر مبارکباد دی ہے۔ ظہران کی والدہ میرا نائر نے زویا اختر کی پوسٹ ری شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ یہ صرف ایک سیاسی کامیابی نہیں بلکہ ایک اخلاقی فتح ہے۔ ظہران کی جیت اس بات کی یاد دہانی ہے کہ ہمدردی، انصاف اور برابری اب بھی معنی رکھتی ہے۔ اداکارہ شبانہ اعظمی نے سوشل میڈیا پر لکھا کہ میں بے حد خوش ہوں، نہ صرف اس لیے کہ ظہران میرا اور محمود کا بیٹا ہے بلکہ اس لیے کہ وہ امید، انصاف اور خودداری کی علامت ہے۔ واضح رہے کہ امریکا کے اہم ترین شہروں میں سے ایک نیویارک کے میئر کا الیکشن جیتنے والے ظہران ممدانی شہر کے پہلے مسلمان میئر ہونے کے ساتھ سب سے کم عمر ترین میئر بھی بن گئے ہیں۔ 34 سالہ ظہران ممدانی نے غیر سرکاری نتائج کے مطابق 49 اعشاریہ 6 فیصد ووٹ حاصل کیے جبکہ ان کے حریف سابق گورنر اینڈریو کومو کو 41 اعشاریہ 6 فیصد ووٹ ملے۔ ظہران ممدانی معروف فلم ساز میرا نائر اور ماہر تعلیم پروفیسر محمود ممدانی کے صاحبزادے ہیں، وہ 2018 میں کوئنز سے ریاستی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے تھے

فرح خان کو چار دہائیوں بعد بھی تلخ یاد ان کے ذہن میں نقش

فلم کے دوران ڈائریکٹر نے ہراساں کیا اور بیڈ تک آگیا، فرح خان کا کئی سال بعد انکشاف

ممبئی (شوبز نیوز) فرح خان کو بالی وڈ میں چار دہائیوں سے زیادہ کا عرصہ گزر چکا ہے لیکن ایک تلخ یاد اب بھی ان کے ذہن میں نقش ہے جب ایک فلم میکر نے انہیں ہراساں کیا۔ بھارتی میڈیا پورٹس کے مطابق فلم ساز سے کوریوگرافر بننے والی فرح نے ٹوئنکل اور کاجول کے کے پروگرام میں کافی موضوعات پر گفتگو کی، اسی شو میں انہوں نے اعتراف کیا کہ ایک فلم کے دوران ڈائریکٹر نے انہیں جنسی ہراساں کیا۔ انہوں نے بتایا کہ میں اس ڈائریکٹر کی فلم میں کوریوگرافی کر رہی تھی، اسی دوران میں اپنے کمرے میں گئی اور بستر پر بیٹھی تھی، وہ فلم ساز گانے پر گفتگو کرنے میرے کمرے میں آیا اور بالکل پاس بیٹھ گیا۔ فرح خان نے مزید کہا کہ اس نازیبا حرکت پر مجھے فوری طور پر اسے اپنے کمرے سے نکالنا پڑا۔ فرح خان نے دوران انٹرویو میں کہا کہ مجھے ہر حال میں کام کرنا تھا، کیونکہ ہمارے پاس اتنے پیسے نہیں ہوتے تھے اور اب میرا یہ ذہن ہے کہ میں اتنے پیسے کماں کہ میرے بچوں کو کسی قسم کی کوئی پریشانی نہ اٹھانی پڑے۔ اس منظر کی عینی شاہد ٹوئنکل کھنہ نے واقعے پر مزید کہا کہ وہ فلم ساز فرح کے پیچھے پڑا تھا، فرح کو چاہیے تھے کہ اسے مارتی پیٹتی، میں اس واقعے کی گواہ ہوں، ایسا واقعی ہوا تھا۔







شاہ رخ کے مقابل فلم ڈر پہلے مجھے آفر ہوئی تھی، روینہ ٹنڈن

کچھ مناظر کرنے کے بعد میں نے خود کو اس کردار میں کمفرٹیبل محسوس نہیں کیا تو فلم چھوڑ دی

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ اداکارہ روینہ ٹنڈن نے انکشاف کیا ہے کہ شاہ رخ خان کے مقابل فلم ڈر پہلے مجھے آفر ہوئی، جس کے کچھ سین عکس بند بھی کیے لیکن پھر چھوڑ دی۔ فلم ڈر 1993 میں ریلیز ہوئی، یہ شاہ رخ خان کو اسٹار بنانے والی فلموں میں سے ایک ہے، جس میں ان کے مقابل کردار جوہی چاولہ اور سنی دیول نے نبھایا تھا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق 53 سالہ روینہ ٹنڈن نے انکشاف کیا کہ فلم ڈر میں کرن کا کردار پہلے مجھے آفر ہوا، کچھ مناظر کرنے کے بعد میں نے خود کو اس کردار میں کمفرٹیبل محسوس نہیں کیا تو فلم چھوڑ دی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسی طرح 1991 میں فلم پریم قیدی بھی آفر ہوئی، جو بعد میں کرشمہ کپور کی پہلی فلم بنی، لیکن اس فلم کو کچھ نامناسب سین کے باعث ٹھکرا دیا تھا۔ روینہ ٹنڈن نے یہ بھی کہا کہ وہ ابتدائی دنوں میں جسمانی قربت یا بولڈ مناظر کی عکاس بندی سے گریز کرتی تھیں، وہ مغرور نہیں تھیں بس اپنی حدود میں رہنا پسند کرتی تھیں۔ ان کا کہنا تھا کہ میں نے اپنی شرائط اور اصولوں پر فلمی کیریئر بنایا، آج خود کو بالی ووڈ کی کامیاب اداکاراوں میں سے ایک سمجھتی ہوں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بقیہ نمبر 1

مسلسل اقدامات ناگزیر ہیں، ہر خاندان کو اپنے حالات بہتر بنانے اور زیادہ محفوظ مستقبل کی تعمیر کے لئے حقیقی مواقع میسر ہونے چاہئیں۔ ان خیالات کا اظہار صدر مملکت نے غربت کے خاتمے کے عالمی دن جو ہر سال 17 اکتوبر کو منایا جاتا ہے، کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) پاکستان میں غربت کے خاتمے کی کوششوں میں اہم کردار ادا کر رہا ہے جس کے تحت کمزور طبقات، بالخصوص خواتین کو مالی معاونت فراہم کی جا رہی ہے، اس پروگرام نے معاشی مشکلات کا سامنا کرنے والے گھرانوں کو سماجی تحفظ فراہم کیا ہے اور انہیں بنیادی ضروریات پوری کرنے میں مدد دی ہے، غربت میں طویل المدتی کمی کے لئے ایسے اقدامات کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ خاندانوں کو اپنے ذرائع معاش بہتر بنانے کے قابل بنانا بھی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کی جانب سے اس سال کا موضوع سب کے لئے محفوظ گھر پاکستان کے لئے خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ 2022 کے تباہ کن سیلابوں کے باعث بے شمار خاندان اپنے گھروں، روزگار اور اس اثاثے سے محروم ہو گئے جو انہوں نے نسلوں کی محنت سے جمع کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ وہ ان خاندانوں کی مشکلات کو فراموش نہیں کر سکتے بالخصوص بزرگوں، خواتین اور بچوں کی تکالیف کو، جو اچانک چھت سے محروم ہو گئے تھے۔ صدر مملکت نے حکومت سندھ کی کوششوں پر خصوصی اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت نے سیلاب متاثرین کے لئے سندھ پیپلز ہاسنگ فار فلڈ افیکٹیز (ایس پی ایچ ایف) پروگرام شروع کیا جس کے تحت سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کے لئے موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے محفوظ 21 لاکھ مکانات تعمیر کئے جا رہے ہیں، اس پروگرام کے تحت لاکھوں مکانات مکمل ہو چکے ہیں جبکہ صوبے بھر میں تعمیرِ نو کا عمل جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ تھرپارکر جیسے علاقوں میں ترقی کا جائزہ اس بنیاد پر لیا جانا چاہئے کہ اس سے مقامی آبادی کی زندگیوں میں کیا بہتری آتی ہے، پینے کے صاف پانی، تعلیم، صحت کی سہولیات اور روزگار کے قابل اعتماد مواقع تک رسائی معاشی مشکلات کا سامنا کرنے والے خاندانوں کے لئے عملی طور پر نمایاں فرق پیدا کر سکتی ہے، ترقی کے ثمرات بہتر حالات زندگی کی صورت میں سامنے آنے چاہئیں اور لوگوں کو اپنے اور اپنے خاندانوں کے اخراجات پورے کرنے کے لئے زیادہ مواقع فراہم کرنے چاہئیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو کی جانب سے متعارف کرائی گئی زرعی اصلاحات اور مزدوروں سے متعلق اقدامات معاشی عدم مساوات میں کمی اور محنت کشوں اور مزارعین کی حیثیت بہتر بنانے کی کوششوں کی عکاسی کرتے ہیں، یہ تاریخ ہمیں اس اہمیت کی بھی یاد دہانی کراتی ہے کہ معاشی ترقی کے ثمرات عام شہریوں تک پہنچنا یقینی بنائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ گھریلو اخراجات پورے کرنے میں مشکلات کا سامنا کرنے والے خاندانوں کے لئے بچوں کی تعلیم جاری رکھنا، ضروری طبی سہولیات حاصل کرنا اور مناسب رہائش کا بندوبست کرنا فیصلہ کن اہمیت رکھتا ہے۔ غربت میں کمی کے لئے ہماری کوششوں میں روزمرہ زندگی کے ان مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے ضرورت مند افراد کو عملی معاونت فراہم کی جانی چاہئے۔ صدر مملکت نے اس دن کے موقع پر غربت میں کمی کے لئے مؤثر سماجی تحفظ، باعزت روزگار اور بنیادی سہولیات تک منصفانہ رسائی کے ذریعے کوششیں جاری رکھنے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہر خاندان کو اپنے حالات بہتر بنانے اور زیادہ محفوظ مستقبل کی تعمیر کے لئے حقیقی مواقع میسر ہونے چاہئیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ ان کا خواب ایک ایسے پاکستان کا ہے جہاں کوئی بچہ بھوکا نہ سوئے، کوئی ماں اپنے خاندان کے مستقبل کے حوالے سے خوف زدہ نہ ہو، کوئی بزرگ مشکلات میں تنہا نہ چھوڑا جائے اور کسی نوجوان کو بہتر زندگی کی تعمیر کے موقع سے محروم نہ کیا جائے۔

بقیہ نمبر 2

نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی پہلے ہی نافذ ہو جانی چاہیے تھی، وہاں امن و امان کی صورتحال خراب ہو چکی تھی۔ لندن میں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نواز شریف نے کہا کہ حالات قابو سے باہر ہو رہے تھے، ایمرجنسی کا فیصلہ پہلے ہونا چاہیے تھا، تحریک انصاف نے گزشتہ 13 سال میں خیبر پختونخوا کو نقصان پہنچایا۔ نواز شریف نے کہا کہ کس ملک میں وزیر اعلیٰ سرکاری وسائل سے وفاقی دارالحکومت پر حملہ کرتا ہے؟ صوبائی وسائل کو اسلام آباد اور دوسرے صوبوں کے خلاف استعمال کرنا کہاں کا طریقہ ہے؟۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام تحریک انصاف کی حکومت سے آزاد ہو گئے ہیں، مسلم لیگ (ن) پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے پرعزم ہے، وفاقی اور صوبائی حکومتیں عام آدمی کی بہتری کیلئے کوششیں کر رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 3

صدارت اجلاس ہوا جس میں شراکت دار ممالک کے ساتھ تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اجلاس میں منڈیوں تک رسائی بہتر بنانے، برآمدات میں تنوع لانے اور سرمایہ کاری کے بہاؤ کو آسان بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں سرحد پار تجارت میں حائل طریقہ کار کی رکاوٹوں کو دور کرنے پر بھی بات چیت ہوئی۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے اقتصادی تعاون کو آگے بڑھانے کیلئے متعلقہ اداروں کے درمیان قریبی رابطہ کاری کی اہمیت پر زور دیا اور تمام متعلقہ حکام کو قابل عمل تجاویز تیار کرنے کی ہدایت کی۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ مواقع کو ٹھوس نتائج میں تبدیل کرنے کیلئے بروقت عملدرآمد یقینی بنایا جائے

بقیہ نمبر 4

سے دہشت گردوں کو سرحد پار کرانے کے لیے بلااشتعال فائرنگ کی گئی جبکہ پاک فوج کی جوابی فائرنگ سے متعدد طالبان اہلکار ہلاک ہو گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک-افغان سرحد تائدہ سیکٹر، اپرکرم اور غوز گڑھی میں افغان طالبان کی خارجی دہشت گردوں کو سرحد پار کرانے کے لیے بلااشتعال فائرنگ کی جبکہ پاک فوج نے بھرپور جواب دیا۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ پاک فوج کا تائدہ سیکٹر، اپرکرم اور غوز گڑھی میں افغان طالبان کی بلااشتعال فائرنگ کا بھرپور اور موثر جواب دیا گیا، غوز گڑھی سرحد پر جوابی کارروائی میں افغان طالبان رجیم کے متعدد اہلکار ہلاک ہونے کی اطلاعات ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع نے کہا ہے کہ اپرکرم سیکٹر میں پاک فوج نے آرٹلری فائر کے ذریعے افغان طالبان کی ٹاپسر پوسٹ اور شپولا بیس کیمپ کو نشانہ بنایا جبکہ پاک فوج کی جوابی کارروائی کے نتیجے میں شپولا بیس کیمپ مکمل طور پر تباہ ہونے کی اطلاع ہے۔ سیکیورٹی ذرائع نے مزید بتایا ہے کہ پاک فوج کی جوابی کارروائی میں طالبان اہلکاروں نے اپنی سرحدی پوسٹ بھی خالی کر دی جبکہ علاقے میں فائرنگ کا تبادلہ تاحال جاری ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ پاک فوج سرحدوں کے دفاع اور ملکی سلامتی کے لیے ہر وقت چوکس اور پرعزم ہے۔

بقیہ نمبر 5

د ملاقاتوں میں انہوں نے پوری سنجیدگی اور خلوص کے ساتھ یہ باور کرانے کی کوشش کی کہ خیبر پختونخوا پاکستان کا ایک خوبصورت صوبہ ہے اور اس کے عوام کی ترقی و خوشحالی کے لیے وفاقی حکومت ہر وقت اور ہر لحاظ سے تعاون کے لیے تیار ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ افغانستان سے دہشت گردی کا سلسلہ دوبارہ شروع ہونے کے بعد پیدا ہونے والے سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے صوبائی حکومت کو ہر ممکن تعاون، وسائل اور انتظامی فیصلوں میں مدد کی پیشکش کی گئی تاکہ مل کر دہشت گردوں کا مقابلہ کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ تمام تر کوششوں کے باوجود صوبے میں سکیورٹی اہلکار اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں اور اس سے بڑا ظلم اور بدترین ناانصافی کیا ہو سکتی ہے کہ عام شہری، خواتین اور معصوم بچے بھی دہشت گردی کا نشانہ بن رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں، کیونکہ ماضی میں بھی ملک کو دہشت گردی کے باعث شدید نقصان اٹھانا پڑا۔ وزیراعظم نے کہا کہ نواز شریف کے دور میں کی جانے والی کوششوں کے نتیجے میں پاکستان میں امن قائم ہوا تھا تاہم بعد میں دہشت گردی کے دوبارہ سر اٹھانے سے ملک کو ایک بار پھر سنگین چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی سرگرمیوں اور احتجاج کے نتیجے میں ملک کو ماضی میں بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا جبکہ حالیہ صورتحال میں وفاقی حکومت نے معاملات کو افہام و تفہیم سے حل کرنے کے لیے بھرپور کوششیں کیں۔ وزیراعظم نے بتایا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) پر مشتمل کمیٹی نے 48 گھنٹے تک مسلسل مذاکرات کیے اور معاملات طے کرنے کی کوشش کی۔ مذاکرات کے دوران ایک مسودہ بھی تیار کیا گیا تھا جس میں اس بات پر اتفاق ہوا کہ احتجاج اور دھرنے کی کال واپس لے لی جائے گی تاہم آخری مرحلے پر بعض شرکا کی جانب سے مزید وقت مانگنے کے بعد صورتحال تبدیل ہو گئی اور معاملات طے نہ ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ملک میں جاری ترقی اور خوشحالی کے عمل کو متاثر ہونے سے بچانا چاہتی تھی۔ ایسی صورتحال میں خاموش تماشائی بن کر بیٹھنا ممکن نہیں تھا کیونکہ اس سے ملک اور آنے والی نسلوں کو نقصان پہنچ سکتا تھا۔ اسی لیے پاکستان کے بہترین مفاد میں ایمرجنسی نافذ کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعظم نے امید ظاہر کی کہ اللہ تعالیٰ اس فیصلے کے مثبت نتائج عطا فرمائے گا۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں معاملات کو بہتر بنانے کے لیے قائم کی گئی ایڈوائزری کونسل میں غیر سیاسی افراد کی اکثریت شامل ہے جو مستند اور اہل ہیں۔ حکومت ان کے ذریعے صورتحال کو بہتر بنانے کی کوشش کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ وہ خود بھی جلد خیبر پختونخوا کا دورہ کریں گے اور متعلقہ امور پر اجلاس منعقد کریں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت نے معاشی استحکام اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے بھی اقدامات کیے ہیں۔ مہنگائی میں کمی اور معیشت کی بتدریج بہتری اللہ تعالیٰ کے فضل اور مشترکہ کوششوں کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پیٹرولیم مصنوعات پر ریلیف کے لیے حکومت نے 75 ارب روپے کا بجٹ مختص کیا ہے جس سے موٹر سائیکلوں، رکشوں اور 800 سی سی گاڑیوں کے مالکان مستفید ہو رہے ہیں۔ اس پروگرام کے تحت تقریباً ایک کروڑ 20 لاکھ افراد فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ وزیراعظم کے مطابق ایک گھرانے میں پانچ سے چھ افراد کے حساب سے اس ریلیف سے تقریباً ساڑھے چھ کروڑ افراد بالواسطہ یا بلاواسطہ مستفید ہو رہے ہیں۔ وزیراعظم نے عوامی نمائندوں اور سیاسی کارکنوں کی جانب سے ریلیف اقدامات میں تعاون پر بھی شکریہ ادا کیا۔ قبل ازیں وزیراعظم نے مرحوم بیرسٹر محمود بشیر ورک کے انتقال پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم انتہائی شفیق انسان تھے، سیاست کے لیے ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ بیرسٹر محمود بشیر ورک کے ساتھ دیرینہ تعلق تھا اور وہ بڑے بھائی اور بزرگوں کی طرح تھے اور سابق وزیراعظم نواز شریف اور پارٹی کے وفادار رہنما تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ جب بھی ان سے مشورہ مانگا جاتا انتہائی دھیمے انداز میں گفتگو کرتے تھے، ان کا دنیا سے جانا ہمارے لئے اور ان کے خاندان کے لئے بہت بڑا نقصان ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بیس پچیس سال میں ایک دو مواقع ایسے آئے اور ان کے ٹکٹ کے حوالے سے چیلنج کیا گیا لیکن نواز شریف کے ذہن میں بیرسٹر محمود بشیر ورک کے علاوہ کبھی کوئی دوسرا نام نہیں آیا جو نواز شریف کی بصیرت اور رفقا کے حوالے سے عزم کا عکاس ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں مریم نواز شریف کی قیادت میں دن رات صوبے کی ترقی کے لئے کام ہو رہا ہے، دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں ہمت اور توفیق عطا فرمائے کہ وہ اسی جذبے کے ساتھ محنت کرتی رہیں۔

بقیہ نمبر 6

سرگرمیوں اور سکیورٹی خطرات کے باعث افغانستان واشنگٹن کی توجہ کا محور ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان امریکی نگرانی کی فہرست میں بدستور پہلے نمبر پر ہے، وسطی ایشیائی شراکت دار بھی افغانستان سے دہشتگردی کے خطرات ہیں

بقیہ نمبر 7

۔ وہ تین روزہ پائیڈ لیڈرشپ ایکسیلنس ورکشاپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ احسن اقبال نے کہا کہ کامیاب لیڈرشپ کی پہچان مقصد اور مشن سے وابستگی سے ہوتی ہے۔ ان کے مطابق کامیاب لیڈر کی صلاحیتوں میں صرف دس فیصد ٹیکنیکل مہارت جبکہ نوے فیصد عوامی اور سافٹ سکلز شامل ہوتی ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ 1835ء میں متعارف کرایا گیا نوآبادیاتی نظام تعلیم ذہنی غلامی پیدا کرنے کے لیے تشکیل دیا گیا تھا اور بدقسمتی سے ہم نے اس نظام کو تبدیل کرنے کے بجائے اسے جوں کا توں اپنائے رکھا۔ انہوں نے کہا کہ ایک حقیقی لیڈر جمود کا حصہ نہیں بنتا بلکہ معاشرے میں مثبت تبدیلی کا علمبردار ہوتا ہے اور نظام میں بہتری لانا اس کی بنیادی ذمہ داری ہوتی ہے۔ احسن اقبال کا کہنا تھا کہ موثر لیڈر وہ ہوتا ہے جو اپنے ادارے کو بیرونی تبدیلیوں اور جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ رکھے، آج کی دنیا میں وہی قوم اور ادارہ کامیاب ہے جو ٹیلنٹ کو تلاش کر کے اسے موثر انداز میں بروئے کار لانے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ انہوں نے زور دیا کہ اداروں کو روایتی اور فرسودہ طریقوں سے نکل کر جدت اور اختراع کی راہ اپنانی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ لیڈرشپ کا بنیادی کردار لوگوں کو یکجا کر کے مثبت سوچ اور اجتماعی قوت کو فروغ دینا ہے جبکہ کامیاب لیڈر واضح ترجیحات کے ساتھ اپنے مقصد پر مکمل توجہ مرکوز رکھتا ہے۔ احسن اقبال نے امید ظاہر کی کہ تین روزہ لیڈرشپ ورکشاپ شرکا کے ادارہ جاتی اور پیشہ ورانہ کردار میں مثبت تبدیلی کا سبب بنے گی۔ انہوں نے خواہش ظاہر کی کہ پائیڈ اپنی تحقیق اور پالیسی سازی کے ذریعے معاشرتی تبدیلی کا ایک بہترین ادارہ بنے۔ اس موقع پر وائس چانسلر پائیڈ ڈاکٹر ندیم جاوید نے کہا کہ تین روزہ ورکشاپ میں شرکت ایک اہم اور بامعنی موقع تھا اور مستقبل میں بھی اس نوعیت کی مفید اور معیاری ورکشاپس کا انعقاد جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پائیڈ کو پالیسی سازوں کے لیے ایک موثر اور باوقار ادارہ بنایا جائے گا جو ٹھوس اور قابل عمل تجاویز فراہم کرے گا

بقیہ نمبر 8

گردی کے خلاف حکمت عملی پر اپوزیشن کو اعتماد میں لیتی ہے، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی حکومتوں کا موازنہ عملی اقدامات اور زمینی حقائق کی بنیاد پر ہونا چاہیے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ ریاست اور پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے، سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قومی سلامتی پر ذمہ دارانہ گفتگو کا تقاضا کرتی ہیں، قومی سلامتی سیاست سے بالاتر ہے، ریاست کو سیاست کی نذر نہ کیا جائے۔

بقیہ نمبر 9

حب مرزا بلال حسن کی خصوصی ہدایات پر، اے ایس پی حب عدنان بشیر اور ایس ڈی پی او حب سرکل امام یعقوب بلوچ کی زیر نگرانی، ایس ایچ او حب سٹی عبدالصمد زہری، انچارج ناکہ شہید حیات نفیس پولیس چیک پوسٹ عبدالقدوس نے پولیس پارٹی کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے ملزم اسد کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 615 گرام آئس برآمد کی، جبکہ ملزم علی حیدر کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 215,1 گرام چرس برآمد کر لی پولیس نے دونوں ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی پولیس کے مطابق ساکران روڈ پر شہری سے موبائل فون چھیننے کے واقعے پر فوری کارروائی کرتے ہوئے پولیس نے نصیر اور جاکر کو گرفتار کر کے چھینا گیا موبائل فون برآمد کر لیا۔ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا حب سٹی پولیس نے تھانہ گڈانی کی حدود سے گن پوائنٹ پر چھینی گئی ہنڈا 125-CG موٹر سائیکل، رجسٹریشن نمبر

پاکستان میں چند امیر افراد ساری دولت پر قابض ہیں، عالمی رپورٹ

امیر ترین 1 فیصد افراد کے پاس کل دولت کا 24 فیصد موجود ہے، جو ملک میں دولت کی انتہائی غیر متوازن تقسیم کو ظاہر کرتا ہے

پاکستان کے امیر ترین 10 فیصد افراد ملک کی کل آمدنی کا 42 فیصد اور کل دولت کا 59 فیصد کنٹرول کرتے ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستان میں آمدنی اور دولت کی غیر مساوی تقسیم برقرار ہے، جس کا انکشاف عالمی رپورٹ ورلڈ ان ایکویلیٹی رپورٹ 2026 نے کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کے امیر ترین 10 فیصد افراد ملک کی کل آمدنی کا 42 فیصد اور کل دولت کا 59 فیصد کنٹرول کرتے ہیں، جبکہ ملک کے غریب ترین نصف افراد صرف 19 فیصد آمدنی میں حصہ دار ہیں۔ رپورٹ کے مطابق امیر ترین 1 فیصد افراد کے پاس کل دولت کا 24 فیصد موجود ہے، جو ملک میں دولت کی انتہائی غیر متوازن تقسیم کو ظاہر کرتا ہے۔ پاکستان میں فی کس اوسط آمدنی تقریباً 4,200 یورو اور اوسط دولت 15,700 یورو تخمینا ہے



شہید محترمہ بینظیر بھٹو انسٹی ٹیوٹ آف ٹراما کراچی میں ٹراما آگاہی ہفتہ 2026 کے سلسلے میں منعقدہ دوسرے دن کی تقریبات مقررین خطاب کر رہے ہیں

ٹراما ہفتہ آگاہی کے ذریعے شعور پیدا کرنا بہترین معاشرتی ذمہ داری ہے، ڈاکٹر صابر میمن

ٹریفک قوانین کو نظرانداز کرنا کسی فرد اور اس کے خاندان کی زندگی پر گہرے اثرات مرتب کر سکتا ہے

عوامی آگاہی میں اضافہ، محفوظ ڈرائیونگ کو معاشرتی رویہ بنایا جائے،، دوسرے دن کی تقریبات سے خطاب

کراچی (نمائندہ بولان) انسانی جان ایک انمول نعمت ہے اور اسے غیر ضروری خطرات سے محفوظ رکھنا ہر فرد، ادارے اور پورے معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ شہید محترمہ بینظیر بھٹو انسٹی ٹیوٹ آف ٹراما کراچی میں ٹراما آگاہی ہفتہ 2026 کے سلسلے میں منعقدہ دوسرے دن کی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تقریبات کے دوسرے دن کا سب سے اہم موضوع ایک خصوصی انٹرایکٹو بین الادارہ جاتی ڈسکشن تھا جس کا موضوع تھا ہم اپنے معاشرے میں چوٹوں اور حادثات سے کیسے بچاؤ کر سکتے (بقیہ 17 صفحہ 7پر)

ساہیوال، دربار میلے میں ڈانسروں پر نوٹ نچھاور کرنا اے ایس آئی کو مہنگا پڑ گیا، گرفتار

ساہیوال (این این آئی) سوشل میڈیا پر ویڈیو وائرل ہونے کے بعد ڈی پی او ساہیوال کے حکم پر پولیس یوسف والا نے تھانہ فتح شیر کے اے ایس آئی رستم علی بھٹی اور دربار حضرت دیوان بابا حاجی شیر کے متولی کے خلاف مقدمہ درج کر لیا، جبکہ اے ایس آئی کو گرفتار کر لیا گیا۔

میر علی حسن زہری ترقی اور خوشحالی کا نام ہے۔ علی گوہر مگسی

میر علی حسن زہری نے اپنے مختصر عرصے میں ضلع حب کے کونے کونے میں ترقیاتی کاموں کے جال بچھا دیئے ہیں

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع حب کے سینئر رہنما علی گوہر مگسی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر و سابق صوبائی وزیر میر علی حسن زہری ترقی اور خوشحالی کا نام ہے میر علی حسن زہری نے اپنے مختصر عرصے میں ضلع حب کے کونے کونے میں ترقیاتی کامو (بقیہ 18 صفحہ 7پر)

ساہیوال، اڈہ اقبال نگر میں قرآن پاک کی بے حرمتی، بیوی پر تشدد کے الزام میں ملزم گرفتار

ساہیوال (این این آئی) پولیس کسووال نے اڈہ اقبال نگر پر قرآن پاک کی بے حرمتی کرنے اور اس عمل سے روکنے پر اپنی بیوی کو تشدد کا نشانہ بنانے کے الزام میں رانا ظہور احمد کو (بقیہ 19 صفحہ 7پر)

ہر کوئی اپنے لئے سوچ رہا، اپنی نسلوں کے مستقبل کیلئے کوئی نہیں دیکھ رہا، لاہور ہائیکورٹ

ایسا لگ رہا ہے بچوں کے مستقبل کو بہتر بنانے کا سوئچ ہی آف ہو گیا' جسٹس شاہد کریم کے سموگ تدارک کیس کی سماعت میں ریمارکس

محکموں کی جانب سے ایک دوسرے پر ذمہ داری ڈالنے، ماحولیاتی اقدامات میں سستی پر برہمی، دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کیخلاف کارروائی پر اطمینان کا اظہار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سموگ تدارک کیس کی سماعت کے دوران نے محکموں کی جانب سے ایک دوسرے پر ذمہ داری ڈالنے اور ماحولیاتی اقدامات میں سستی پر شدید برہمی کا اظہار کیا تاہم عدالت نے ٹریفک وارڈنز کی جانب سے دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف (بقیہ 20 صفحہ 7پر)

میو ہسپتال میں کینسر کے جدید علاج کی سہولت غیر فعال، مریض مشکلات کا شکار

لاہور (این این آئی) میو ہسپتال میں کینسر کے مریضوں کے لیے بغیر سرجری علاج کی جدید سہولت غیر فعال ہو گئی، کوابلیشن (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

کراچی بندرگاہ پر ڈی اے پی کھاد کے چار جہاز لنگر انداز

ربیع کی فصلوں کے لیے کھاد کی بروقت ترسیل، غذائی تحفظ اور زرعی ضروریات پوری کرنے میں کے پی ٹی کا اہم کردار

کے پی ٹی کی یہ سرگرمیاں ملک میں غذائی تحفظ کو یقینی بنانے اور زرعی شعبے کی ضروریات پوری کرنے میں کراچی بندرگاہ کے اہم کردار کو اجاگر کرتی ہیں

کراچی (این این آئی) کراچی گیٹ وے ٹرمینل ملٹی پرپز لمیٹڈ (کے جی ٹی ایم ایل) پر ڈی اے پی کھاد کے چار جہاز لنگر انداز ہو گئے، جو کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) کی آپریشنل صلاحیت، مؤثر کارکردگی اور مسلسل سرگرمیوں کی عکاسی کرتے ہیں۔ ڈی اے پی کھاد پاکستان میں ربیع کی فصلوں کی بہتر پیداوار کے لیے اہمیت رکھتی ہے۔ جہازوں سے کھاد کی بروقت ترسیل اور ہینڈلنگ سے زرعی (بقیہ 21 صفحہ 7پر)

لاہور میں دو مقامات پر مبینہ خودکشی کے واقعات، 2 افراد جاں بحق

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کے علاقے ہنجر وال اور بیدیاں روڈ پر دو مختلف واقعات میں دو افراد نے مبینہ طور پر خودکشی کر لی۔ ریسکیو حکام کے مطابق ہنجر وال کے علاقے کرامت کالونی میں 19 سالہ عرفان گھر (بقیہ 45 صفحہ 7پر)

قمبر شہدادکوٹ روڈ پر کارڑا کے قریب پتھروں سے بھرا ٹرک الٹ گیا

حادثے میں ڈرائیور اور کلینر معجزانہ طور پر محفوظ رہے، جبکہ ٹرک کی باڈی تباہ ہونے سے مالک کو لاکھوں روپے کا نقصان پہنچا

بہرام (رپورٹ: محمد صادق کھوسو) قمبر شہدادکوٹ روڈ پر کارڑا کے قریب پتھروں سے بھرا ٹرک الٹ گیا، حادثے میں ڈرائیور اور کلینر معجزانہ طور پر محفوظ رہے، جبکہ ٹرک کی باڈی تباہ ہونے سے مالک کو لاکھوں روپے کا نقصان پہنچا۔ ٹرک الٹنے کے باعث سڑک پر پتھر بکھر گئے، جس سے مختلف (بقیہ 22 صفحہ 7پر)



صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نامعلوم مسلح افراد کی گشت پر مامور پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کے نتیجے میں دو پولیس اہلکار شہید

شناخت ہیڈ کانسٹیبل احمد لاشاری اور کانسٹیبل عبدالمالک بگٹی کے نام سے ہوئی ہے

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد کے علاقے پولیس صدر تھانہ ڈیرہ مراد جمالی کی حدود بیدار کیمقام پر نامعلوم مسلح افراد کی گشت پر مامور پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کے نتیجے میں دو پولیس اہلکار شہید ہو گئے جن کی شناخت ہیڈ کانسٹیبل احمد لاشاری اور کانسٹیبل عبدالمالک بگٹی کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق دونوں اہلکار ڈیوٹی پر موجود تھے کہ اس دوران نامعلوم مسلح افراد نے ان پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں دونوں اہلکار شہید ہو گئے واقعے کے بعد شہید پولیس اہلکاروں کے ورثا نے پٹ فیڈر کینال پل مین کوئٹہ روڈ پر شہدا کی لاشیں رکھ کر احتجاجی مظاہرہ کیا جس کے باعث قومی شاہراہ پر ٹریفک کی آمد (بقیہ 29 صفحہ 7پر)

شہید ولید صالح بلوچ کا قصور صرف یہ تھا کہ ان کا تعلق ایک پرامن سیاسی خاندان سے تھا، میر رحمت صالح بلوچ

ایک سال گزرنے کے باوجود قاتلوں کی شناخت اور انہیں بے نقاب کرنے میں ناکامی مزید تشویش کا باعث ہے

کوئٹہ (بولان بیورو) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے شہید ولید صالح بلوچ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک سال گزرنے کے باوجود ان کے قاتلوں کا بے نقاب نہ ہونا ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ انصاف کے منتظر (بقیہ 30 صفحہ 7پر)

عوام کی آواز دبانا حکمرانی نہیں بلکہ بحران پیدا کرنے کا فارمولہ ہے، مولانا عبدالواسع

بلوچستان میں موجود بے چینی و اضطراب کی کیفیت براہِ راست حکومت کی ناکام پالیسیوں اور عوام دشمن اقدامات کا نتیجہ ہے

بلوچستان جیسے حساس صوبے میں بغیر مشاورت کے فیصلے کرنا، زمینی حقائق سے چشم پوشی اختیار کرنا اور عوامی مشکلات پر بے حسی دکھانا دراصل ایک بڑے بحران کی بنیاد ہے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام بلوچستان، سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ بلوچستان میں موجود بے چینی و اضطراب کی کیفیت براہِ راست حکومت کی ناکام پالیسیوں اور عوام دشمن اقدامات کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کی معاشی شہ رگ بارڈر پالیسیوں کی وجہ سے مفلوج ہو چکی ہے، تاجر شدید خسارے میں مبتلا ہیں، پیداواری سرگرمیاں محدود ہو گئی ہیں اور چھوٹے کاروبار مکمل طور پر بیٹھ گئے ہیں، جبکہ حکومت خطے کی معاشی نبض پر ہاتھ رکھنے کے بجائے مسلسل دباؤ بڑھا رہی ہے۔ مولانا عبدالواسع نے کہا کہ مواصلاتی نظام کی معطلی نے نہ صرف کاروباری زندگی کو شدید متاثر کیا بلکہ تعلیمی سرگرمیوں کو بھی ناقابلِ تلافی نقصان پہنچایا ہے۔ ہزاروں طلبہ آن لائن کلاسوں، اسائنمنٹ کی فراہمی اور تحقیقی مواد تک رسائی سے محروم ہو کر ذہنی دباؤ اور مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ ان کے مطابق انٹر (بقیہ 35 صفحہ 7پر)



حب۔ ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل سینٹرل جیل گڈانی کے دورے کے موقع پر قیدیوں سے ملاقات کر رہے ہیں

حب سٹی پولیس کی مختلف کارروائیاں، 615 گرام آئس، 215,1 گرام چرس برآمد

پولیس نے دونوں ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی

حب (نمائندہ بولان) حب سٹی پولیس کی مختلف کارروائیاں، 615 گرام آئس، 215,1 گرام چرس برآمد، دو موبائل چھیننے والے ملزمان گرفتار، چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد ایس پی (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7پر)

پولیس تھانہ گڈانی اور وندر پولیس کی کارروائیاں، کار برآمد

وندر پولیس نے اسمارٹ ایپ کے ذریعے سندھ پولیس کو مطلوب ایک مفرور ملزم کی نشاندہی کی

حب (نمائندہ بولان) پولیس تھانہ گڈانی اور وندر پولیس کی کارروائیاں، کار برآمد، ایس پی حب مرزا بلال حسن کی خصوصی ہدایات پر ڈسٹرکٹ پولیس حب کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں اس سلسلے میں گڈانی پولیس نے ایک گاڑی تحویل میں لے لی، جبکہ وندر پولیس نے (بقیہ 10 صفحہ 7پر)

ججوں کو بے اختیار نہیں ہونا چاہیے، کیپٹن (ر) صفدر

آئینی ترامیم کی بعض شقوں پر دوبارہ غور کی ضرورت ہے

پولیس، انتظامیہ میں اچھی شہرت کے حامل افسران کی تعیناتی، بدعنوانی کیخلاف کارروائی اور عوام کے تحفظ کو یقینی بنایا جانا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنماء کیپٹن (ر) صفدر اعوان نے کہا ہے کہ عدلیہ کی آزادی، ججوں کی خودمختاری اور اداروں پر عوام کا اعتماد برقرار رکھنا ضروری ہے، بعض منظور شدہ آئینی ترامیم میں ایسی شقیں موجود ہیں جن پر دوبارہ غور کرنے کی ضرورت ہے، پولیس، انتظامیہ میں اچھی شہرت کے حامل افسران کی تعیناتی، بدعنوانی کیخلاف کارروائی اور عوام کے تحفظ کو یقینی بنایا جانا چاہیے، کئی (بقیہ 11 صفحہ 7پر)

ملک میں ہزاروں نئی کمپنیاں رجسٹرڈ، غیر ملکی سرمایہ 218 فیصد بڑھ گیا

فروری سے اپریل کے دوران 10 ہزار 511 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں، ایس ای سی پی

گزشتہ سال غیر ملکی سرمایہ کاروں کا ادا شدہ سرمایہ 27 کروڑ 70 لاکھ روپے تھا

کراچی (این این آئی) ملک میں رواں سال فروری سے اپریل تک 10 ہزار سے زائد کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان (ایس ای سی پی) نے کمپنیوں کی رجسٹریشن کے اعداد و شمار جاری کیے ہیں جس کے مطابق فروری سے اپریل کے دوران 10 ہزار 511 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں جبکہ گزشتہ سال اسی عرصے میں رجسٹرڈ ہونے والی کمپنیوں کی تعداد 8 ہزار 693 تھی۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ اپریل میں 4 ہزار 82 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں، 22 سے زائد ممالک کے سرمایہ کاروں نے بھی پاکستان میں کمپنیاں رجسٹرڈ کیں، غیر ملکی سرمایہ کاروں کی کمپنیوں کا مجموعی سرمایہ 218 فیصد بڑھا ہے۔ اعلامیے میں یہ (بقیہ 14 صفحہ 7پر)

ایم سی کونسلر اکبر ملازئی کی جانب سے 18 اکتوبر سانحہ کارساز کے شہدا کو خراج عقیدت

سانحہ کارساز صرف ایک حادثہ نہیں تھا بلکہ جمہوریت کے خلاف سازش تھی، جسے پیپلز پارٹی کے جیالوں نے اپنے خون سے ناکام بنایا

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی کے ایم سی کونسلر اکبر ملازئی کی جانب سے 18 اکتوبر سانحہ کارساز کے شہدا کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا ہے۔ اپنے پیغام میں ایم سی کونسلر اکبر ملازئی نے کہا کہ 18 اکتوبر کا دن جمہوریت کی تاریخ کا روشن باب ہے۔ یہ دن ہمیں ان عظیم کارکنان اور جیالوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے جمہوریت کی بحالی، عوام کے حقوق اور محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کی (بقیہ 16 صفحہ 7پر)

سابق ایم این اے شہاب الدین کی ترقیاتی کونسل کا رکن بننے سے معذرت

اسلام آباد (این این آئی) سابق رکن قومی اسمبلی شہاب الدین نے ترقیاتی کونسل کا رکن بننے سے معذرت کر لی۔ ایک (بقیہ 15 صفحہ 7پر)



پارلیمانی سیکرٹری سیاحت نوابزادہ میر زرین مگسی اپنے دفتر میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

ہائیٹ پولیس کی کارروائی، مغویہ بازیاب، EPP کے ذریعے تین مطلوب ملزمان گرفتار

معزز عدالت جوڈیشل مجسٹریٹ II- حب کے حکم پر مغویہ کو دارالامان کراچی منتقل کر دیا گیا

حب (نمائندہ بولان) ہائیٹ پولیس کی کارروائی، مغویہ بازیاب، EPP کے ذریعے تین مطلوب ملزمان گرفتار، ایس پی حب مرزا بلال حسن کی خصوصی ہدایات پر ڈسٹرکٹ پولیس حب کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کا سلسلہ جاری ہے اس ضمن میں پولیس تھانہ HITE نے مختلف کارروائیوں کے دوران ایک مغویہ کو بازیاب کرایا، ای پولیس پوسٹ کے ذریعے مختلف مقدمات میں مطلوب تین ملزمان کو گرفتار کیا۔ مقدمہ نمبر 190/2026 بجرم دفعات 365، 34 (بقیہ 23 صفحہ 7پر)

انجینئر ملک محمد مزمل پی سی بی حیدرآباد ڈویژن کے جنرل سیکرٹری منتخب.

انجینئر ملک محمد مزمل کی کامیابی کو ضلع بدین کے لیے ایک اہم اعزاز قرار دیا جا رہا ہے

بدین (نامہ نگار) پاکستان کرکٹ بورڈ پی سی بی کے ریجنل الیکشن 2026 میں ضلع بدین سے تعلق رکھنے والی سماجی شخصیت اور معروف کرکٹر انجینئر ملک محمد مزمل نے بھاری اکثریت سے حیدرآباد ڈویژن کرکٹ کے جنرل سیکرٹری کے عہدے پر کامیابی حاصل کر لی، جبکہ نواب شاہ سے تعلق رکھنے والے افضل خالد حیدرآباد ڈویژن کرکٹ کے صدر منتخب ہو گئے۔ الیکشن کا انعقاد نیشنل اسٹیڈیم کراچی (بقیہ 24 صفحہ 7پر)

گلشن حدید میں ایک گھر سے 5 لاشیں ملنے کا کیس، میڈیکل رپورٹ سامنے آ گئی

کراچی (این این آئی) گلشن حدید کی نجی سوسائٹی میں ایک گھر سے میاں، بیوی اور تین بچوں کی لاشیں ملنے کے کیس میں میڈ (بقیہ نمبر 47 صفحہ 7پر)

کے پی ٹی کی صفائی مہم، 37 ہزار کلوگرام تیرتا ہوا کچرا جمع

کراچی (این این آئی) کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) کے شعبہ انسدادِ بحری آلودگی نے ہفتہ وار صفائی مہم کے دوران 10 سے 16 اکتوبر تک بندرگاہ کے مختلف حصوں سے 37 ہزار کلوگرام تیرتا ہوا کچرا جمع کیا۔ مہم کے تحت (بقیہ 44 صفحہ 7پر)

بچوں کے خلاف جرائم کا جڑ سے خاتمہ کر دیں گے، مریم نواز

پنجاب میں بچوں کو تحفظ دینے کیلئے پاکستان کا پہلا ورچوئل سینٹر برائے چائلڈ سیفٹی قائم کیا ہے

بچے میری ریڈ لائن ہیں، سب مجھے پیارے ہیں، بچوں کا جنسی استحصال، بدسلوکی اور تشدد کی روک تھام و بحالی کے دن پر پیغام

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور مستحکم گورننس سے بچوں اور شہریوں کی حفاظت کا ایک محفوظ نظام بنایا ہے۔ بچوں کے ساتھ جنسی استحصال، بدسلوکی اور تشدد صرف جرم نہیں انسانیت کیخلاف بغاوت ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے بچوں کے جنسی استحصال، بدسلوکی اور تشدد کی روک تھام و بحالی کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بچے میری ریڈ لائن ہیں، سب مجھے پیارے ہیں، سب کی حفاظت ہمارا فرض ہے۔ بچوں کے خلاف جرائم میں ملوث لوگ سماج کے ناسور ہیں اور پنجاب سے جڑ سے اکھاڑ پھینکے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجا (بقیہ 28 صفحہ 7پر)

انٹر بورڈ کراچی، ضمنی امتحانات کی فیس جمع کرانے کی آخری تاریخ 19 اکتوبر مقرر

کراچی (این این آئی) اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی نے ضمنی امتحانات 2026ء کے لیے آن لائن امتحانی فارم جمع (بقیہ 43 صفحہ 7پر)



آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر لائبریری کا افتتاح کر رہے ہیں

سیکرٹری اوقاف سندھ کا حیدرآباد اور بھٹ شاہ کے مزارات کا دورہ

کراچی (این این آئی) سیکرٹری اوقاف، مذہبی امور، زکوٰۃ و عشر سندھ آغا فخر حسین نے حیدرآباد میں درگاہ حضرت سیدنا (بقیہ 39 صفحہ 7پر)

حنا جاوید قتل کیس: اہل خانہ کا خصوصی جوڈیشل کمیشن بنانے کا مطالبہ

حنا جاوید کے اپنی بہن نازیہ کے ساتھ واٹس ایپ پیغامات جن میں انہوں نے فیصل کے ساتھ تعلقات میں کشیدگی کا ذکر کیا تھا

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) راولپنڈی میں قتل ہونے والی شادی شدہ خاتون حنا جاوید کے اہلخانہ نے وزیراعظم پاکستان اور وزیراعلیٰ پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ کیس کی شفاف تحقیقات کے لیے خصوصی جوڈیشل کمیشن تشکیل دیا جائے، جبکہ ڈی این اے اور فرانزک رپورٹس بھی اہلخانہ کے ساتھ شیئر کی جائیں۔ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مقتولہ کے بھائی فہد جاوید نے کہا کہ حنا جاوید (بقیہ 34 صفحہ 7پر)



کراچی۔ رئیس گوٹھ کراچی کے سربراہ پیپلز پارٹی سندھ کے صوبائی رہنما رئیس غلام سرور قلمتی کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر لسبیلہ کے سینئر صحافی رفیق تبسم اور صحافی عبدالواحد خاصخیلی مبارکباد پیش کر رہے ہیں

لاڑکانہ کے قریب تصادم اور فائرنگ، مسجد کا پیش امام جاں بحق، دو افراد زخمی

معمولی بات پر جھگڑا شدت اختیار کر گیا، زخمیوں کو ٹراما سینٹر منتقل کر دیا گیا، پولیس نے تحقیقات شروع کر دیں

لاڑکانہ (این این آئی) لاڑکانہ کے قریب گاؤں حاکم شاہ ٹانڈو میں معمولی بات پر ہونے والا تصادم فائرنگ تک پہنچ گیا، جس کے نتیجے میں مسجد کا پیش امام عبداللہ جاں بحق جبکہ رضوان شاہ اور ثناء اللہ شدید زخمی ہو گئے۔ زخمیوں کو فوری طور پر ٹراما سینٹر منتقل کیا گیا، جہاں ڈاکٹرز ان کی جان بچانے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ پولیس نے واقعے کی تفتیش شروع کرتے ہوئے ملزمان کی تلاش بھی شروع (بقیہ 36 صفحہ 7پر)

ڈپٹی کمشنر حب کا آر ایچ سی گڈانی، بوائز و گرلز ہائر سیکنڈری اسکولوں اور سینٹرل جیل گڈانی کا دورہ

، آر ایچ سی گڈانی میں ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف اور بوائز و گرلز ہائر سیکنڈری اسکولوں میں اساتذہ کی حاضری چیک کیں

ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان نے ڈسٹرکٹ جیل حب کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل بھی ان کے ہمراہ تھے

حب (نمائندہ بولان) ڈپٹی کمشنر حب کا آر ایچ سی گڈانی، بوائز و گرلز ہائر سیکنڈری اسکولوں اور سینٹرل جیل گڈانی کا دورہ، آر ایچ سی گڈانی میں ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف اور بوائز و گرلز ہائر سیکنڈری اسکولوں میں اساتذہ کی حاضری چیک کیں، جبکہ سینٹرل جیل کے مختلف وارڈز کا معائنہ، (بقیہ 12 صفحہ 7پر)



حب۔ ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل آر ایچ سی گڈانی میں دورے کے موقع پر عملے سے ملاقات کر رہے ہیں اس موقع پر سپرنٹنڈنٹ ڈی سی آفس شیر محمد بلوچ و دیگر موجود ہیں

میر لیاقت خان عمرانی کی اراضی سے پولیس نے دھماکہ خیز مواد برآمد کر کے اسے محفوظ طریقے سے ناکارہ بنا دیا

نامعلوم افراد نے مبینہ طور پر تخریب کاری کی غرض سے دھماکہ خیز مواد مذکورہ اراضی پر رکھا تھا

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد میں پولیس تھانہ خان کوٹ کی حدود میں صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی کے کزن میر لیاقت خان عمرانی کی اراضی سے پولیس نے دھماکہ (بقیہ 13 صفحہ 7پر)



حب۔ ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل گورنمنٹ گرلز ہائی سیکنڈری اسکول کا دورہ کر رہے ہیں اس موقع پر چیئرمین گڈانی وڈیرہ جان شیر بلوچ بھی ان کے ہمراہ ہیں

گلشن معمار سے ٹاور تک ای وی بس سروس کا آغاز

پیپلز پارٹی دن رات اس کوشش میں ہے کہ لوگوں کو ریلیف کیسے پہنچائیں، شرجیل میمن

پاکستان کا دفاع بہت مضبوط ہے، اس کا کریڈٹ میرے قائدین کو جاتا ہے

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے گلشن معمار میں ای وی بس سروس کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق 12 بسیں گلشن معمار سے ٹاور تک سفری سہولیات فراہم کریں گی۔ ای وی بسیں گلشن معمار سے سہراب گوٹھ۔ واٹر پمپ۔ تین ہٹی سے ہوتی ہوئی ایم اے جناح روڈ سے (بقیہ 25 صفحہ 7پر)

سانحہ کارساز کے شہداء کی برسی آج منائی جائے گی

بلاول بھٹو یادگارِ شہداء پر حاضری دیں گے، شام 4 بجے میڈیا سے گفتگو کریں گے

چیئرمین بلاول بھٹو زرداری آج کراچی کے علاقے کارساز میں واقع یادگارِ شہداء پر حاضری دیں گے

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام سانحہ کارساز کے شہداء کی برسی اور یوم شہدائے جمہوریت آج اتوار، 18 اکتوبر کو ملک بھر میں عقیدت و احترام سے منایا جائے گا۔ اس سلسلے میں ملک بھر میں قرآن خوانی کے اجتماعات منعقد ہوں گے، جبکہ پیپلز پارٹی کے رہنما اور کارکنان سانحہ کارساز کے شہداء کی قبروں پر حاضری دے کر فاتحہ خوانی کریں گے۔ پیپلز پارٹی کے میڈیا سیل کے مطا (بقیہ 26 صفحہ 7پر)

14 سالہ ہندو بچی کی مبینہ جبری مذہب کی تبدیلی اور شادی کی سخت ترین الفاظ میں مذمت

کم عمر بچیوں کے حقوق تحفظ اور قانونی حیثیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، سنجے کمار پنجوانی

نصیر آباد (نامہ نگار) پارلیمانی سیکرٹری برائے بین المذاہب ہم آہنگی سنجے کمار پنجوانی نے ضلع سبی میں 14 سالہ ہندو بچی کی مبینہ جبری مذہب کی تبدیلی اور شادی کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کم عمر بچیوں کے حقوق تحفظ اور قانونی حیثیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا (بقیہ 27 صفحہ 7پر)



چیئرمین واپڈا محمد سعید منگلا ہائیڈل پاور اسٹیشن کا دورہ کر رہے ہیں

میرپور خاص میں مبینہ پولیس مقابلہ، 29 مقدمات میں نامزد دو ملزمان گرفتار، ایک فرار

میرپور خاص (این این آئی) سی آئی اے پولیس نے والکرٹ ٹاؤن میں مبینہ پولیس مقابلے کے بعد ایک زخمی ملزم سمیت دو ملزمان کو گرفتار کر لیا، جبکہ ان کا ایک نامعلوم ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف مجموعی طور پر 29 مقدمات درج ہیں۔ پولیس ترجمان کے مطابق ایس ایس پی میرپور خاص ساجد امیر سدوزئی کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کے دوران انچارج سی آئی اے ا(بقیہ نمبر 42 صفحہ 7پر)

18 اکتوبر 2007ء پاکستان کی سیاسی تاریخ کا ایک نہ بھولنے والا دن ہے، صالح جتک

قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو کے فلسفے پر عمل پیرا ہو کر جمہوری جدوجہد جاری رہے گی

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع حب کے سابق ترجمان و سینئر رہنما صالح جتک نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ 18 اکتوبر 2007ء پاکستان کی سیاسی تاریخ کا ایک نہ بھولنے والا دن ہے جب محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کی وطن واپسی پر کراچی میں کارساز کے مقام پر ایک المناک دہشت گرد حملہ ہوا، جس میں پاکستان پیپلز پارٹی کے سینکڑوں کارکنان شہید اور زخمی ہوئے۔ ان شہداء میں شہید خلیل سالانی، اور سونا بگٹی بھی تھے جو اپنے قائد کے استقبال کے لیے پرجوش تھے شہدائے کارساز وہ بہادر جیالے تھے جنہوں نے جمہوریت، عوامی حقوق اور اپنے قائدین سے وفاداری کی خاطر اپنی جانو (بقیہ نمبر 31 صفحہ 7پر)

مسائل کا حل نئے انتظامی یونٹس کے قیام میں ہے، سندھ توڑنے کا سوچ بھی نہیں سکتے، وسیم اختر

حیدرآباد (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے سینئر رہنما وسیم اختر نے کہا ہے کہ سندھ کے مسائل کا حل نئے (بقیہ 41 صفحہ 7پر)

تھانہ ماہی مکول کی حدود میں فائرنگ سے باپ بیٹے کے قتل کا معاملہ

پولیس کی بھاری نفری نے علاقے کا محاصرہ کر کے ملوث ملزمان کی گرفتاری کیلئے گاؤں حاکم شاہ تھانہ ریو میں سرچ آپریشن کیا

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نور الحق) تھانہ ماہی مکول کی حدود میں فائرنگ سے باپ بیٹے کے قتل کا معاملہ۔ ایس ایس پی قمبر شہدادکوٹ حسن سردار احمد خان نیازی کا سخت نوٹس۔ ایسی اطلاع ملتے ہی ایس ایس پی قمبر شہدادکوٹ حسن سردار احمد خان نیازی کی سربراہی میں پولیس کی بھاری نفری (بقیہ 32 صفحہ 7پر)

پاکستانی فری لانسرز کا نیا سنگ میل، ستمبر میں ریکارڈ زرمبادلہ وصول

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی فری لانسرز نے نیا سنگ میل عبور کرتے ہوئے ریکارڈ قائم کر دیا ہے ستمبر 2026ء میں (بقیہ 40 صفحہ 7پر)

مختیارکار ماتلی معصب جونیجو نے شہر کی مختلف دودھ کی دکانوں کا دورہ کیا

دودھ کی سرکاری قیمت 200 روپے فی لیٹر کے نرخ نامے دکانوں پر آویزاں کروائے گئے

ماتلی (رپورٹ دلمراد کمبوہ) ڈپٹی کمشنر بدین کی ہدایات پر مختیارکار ماتلی معصب جونیجو نے شہر کی مختلف دودھ کی دکانوں کا دورہ کر کے قیمتوں اور سرکاری نرخ ناموں کا معائنہ (بقیہ 33 صفحہ 7پر)

عبدالحکیم، موٹروے پر ہائی روف اور ٹرالر میں خوفناک تصادم، دو مسافر جاں بحق، دو زخمی

عبدالحکیم (این این آئی) فیصل آباد سے براستہ ایم فور موٹروے عبدا (بقیہ 38 صفحہ 7پر)

مریم نواز ایک شفیق ماں، وعدے نہیں عملی اقدامات کرتی ہیں، عظمیٰ بخاری

کوئی صوبائی حکومت کارکردگی میں پنجاب سے مقابلہ یا موازنہ نہیں کر سکتی

دو سال میں مریم نواز نے 100 سے زائد منصوبے شروع کر کے ریکارڈ قائم کیے

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز ایک شفیق ماں کی طرح صوبے کے عوام کی خدمت کر رہی ہیں اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات اٹھا رہی ہیں، پنجاب میں اب حکومتی نظام بدل چکا ہے اور حکومت خود چل (بقیہ 37 صفحہ 7پر)



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں